فرہنگِ مرکّباتِ غالبؔ

مرتبین

غضنفر علی

مہاراج کرشن کول

اردو ٹیچنگ اینڈ ریسرچ سنٹر، لکھنؤ

سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لنگویجز، میسور، محکمۂ اعلیٰ تعلیم،

وزارتِ ترقی انسانی وسائل، حکومتِ ہند

فرہنگِ مرکّباتِ غالبؔ

فرہنگِ مرکّباتِ غالب

مرتبین

غضنفر علی

مہاراج کرشن کول

اردو ٹیچنگ اینڈ ریسرچ سنٹر، لکھنؤ

فہرست

حرفِ آغاز

اردو ٹیچنگ اینڈ ریسرچ سنٹر لکھنؤ، سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لنگویجز میسور، منسٹری آف ایچ۔آر۔ڈی، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، گورنمنٹ آف انڈیا، کا بنیادی مقصد اردو زبان و ادب کی تعلیم و تدریس کو بہتر، سائنٹفک اور مؤثر بنانا نیز اردو تصنیفات و تخلیقات کی تفہیم کے دروازوں کو وا کرنا ہے۔

اس مقصد کے حصول کے لیے یہ مرکز، ان تخلیقات و تصنیفات کو بھی موضوع بحث بناتا ہے جو کسی نہ کسی شکل میں اردو نصابات میں شامل ہیں۔ نیز ورک شاپ، سمینار وغیرہ کے ذریعے فن پاروں کی تفہیم کے نئے نئے امکانات تلاش کرنے کی سعی بھی کرتا ہے تاکہ تخلیق اور تخلیق کار کو اچھی طرح سمجھا جا سکے اور فن پاروں کے محاسن سے پوری طرح محظوظ ہوا جا سکے۔ مرکباتِ غالب کی فرہنگ سازی کے پسِ پردہ یہی مقصد کارفرما رہا ہے۔

غالب اردو کے ایک ایسے شاعر ہیں جنھیں دوسری زبان وادب کے شائقین بھی سمجھنا اوران کے کلام سے لطف و انبساط حاصل کرنا چاہتے ہیں مگر غالب ایک مشکل فن کار ہیں جن کو سمجھنا آسان نہیں۔ غالب کی شاعری کی مشکل پسندی کا ایک سبب فارسی آمیز ترکیبیں بھی ہیں۔ غالب نے اپنی شاعری میں کثرت سے مرکبات استعمال کیے ہیں۔ اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ غالب کو اس حقیقت کا احساس تھا کہ ترکیبوں کی ترکیب سے شاعری میں اثر آفرینی بڑھ جاتی ہے۔ نغمگی کا وصف پیدا ہوجاتا ہے۔ مصوری بھی اپنا کمال دکھانے لگتی ہے اور سب سے بڑی بات یہ کہ ترکیبوں سے ایجاز و اختصار کا حسن بھی نکھر جاتا ہے۔

غالب کسی تجربے یا خیال کا ادراک اس کی اولین شکل یا ابتدائی صورت میں نہیں کرتے بلکہ نوع بہ نوع ترکیبوں کے ذریعے اسے تخئیل کے مختلف مراحل سے اس طرح گزارتے ہیں کہ معقول محسوس بن جائے یا معدوم، موجود نظر آئے۔ مثال کے طور پر محبوب کی تسلی آمیز باتوں کے ادراک کی سادہ شکل یہ ہے کہ اسے حرفِ تسلی کہا جائے لیکن غالب اس سادہ شکل سے گریز کرتے ہوئے حرفِ تسلی کے بجائے ''گلبانگِ تسلی'' کی ترکیب تراشتے ہیں اوراس کے سننے کو گوش کے منت کشِ گلبانگِ تسلی، کے مرکب کے ذریعے بیان کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ پیچیدہ ترکیب عقل وحواس کی تہوں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ اس لیے کہ تسلی غیر مرئی شے ہے لیکن غالب نے بانگ کہہ کر اسے امرِ محسوس بنادیا ہے۔

تخئیل کی رنگا رنگ بزم آرائیاں جن سے غالب کا دیوان بھرا پڑا ہے، مرکباتِ غالب کے پردے میں اپنا جلوہ دکھاتی ہیں۔ چنانچہ گل فروشِ شوخیِ

داغِ کہن، بیاباں نوردِ وہمِ وجود، ہنگامۂ زبونیٔ ہمت، دردِ بے صدا، وادی جوہرِ غبار، خود فروشی ہائے ہستی، سازِ آہنگِ شکایت، خارِ الم حسرتِ دیدار، حرزِ فسونِ دانائی، حریرِ شرر بافِ سنگ، عکسِ چشمِ آہوے رم خوردہ، عکسِ خطِ جامِ آفتاب، کارفرمائے غم و حسرت، کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی، گدازِ داغِ دل، گدائے کوچۂ مے خانہ، گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں، لذتِ خوابِ سحر، لطفِ زخمِ انتظار، مبتلائے آفتِ رشک، مزدوریٔ عشرت گہِ خسرو، مزدورِ طرب گاہِ رقیب، نقشِ نازِ بتِ طناز، وحشتِ جنونِ بہار، یک جانِ بے نوائے اسد جیسی بے شمار ترکیبیں اسی طرزِ فکر کی نمائندہ ہیں۔ غالب کے ذہن کے نقش و نگار ان کی شاعرانہ ترکیبوں کی تفہیم کے بغیر آسانی سے سمجھ میں نہیں آسکتے۔ ان میں جو ندرت اور طرفگی ہے، وہ ہمارے ادب کی دولت اور شاعری میں غالب کی وسعتِ فکر کی دلیل ہے۔ بے شمار وسیع المعنی مرکب الفاظ غالب کی بدولت ہی وجود میں آئے جن سے چند لفظوں میں معانی کی وسعتوں کو سمودینے کا ہنر ہاتھ آگیا۔ آج جبکہ اردو والوں کا رشتہ فارسی سے ختم ہوتا جارہا ہے، غالب کے مرکبات کی فہرست سازی اور ان کی توضیح و تشریح کا کام اور بھی ضروری ہو گیا ہے۔

فرہنگ سازی کا یہ کام مرکز کی جانب سے منعقدہ دو ورک شاپ میں مکمل ہوا جن میں اردو شعر و ادب کے نمائندہ اسکالرز نے شرکت فرمائی۔ مرکز اور ادارہ دونوں ورک شاپ کے شرکا کے شکر گزار ہیں۔ ادارہ ان حضرات کا سپاس گزار ہے جنھوں نے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر اس کام میں اپنے تعاون سے نوازا ہے۔

یہ تو دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ یہ کام بہت عمدہ ہوا ہے اور ہر طرح کی کمیوں اور خامیوں سے پاک ہے مگر اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اس کام کو نہایت خلوص، لگن، محنت

اور سنجیدگی سے انجام دیا گیا ہے۔ اپنی اس کوشش میں ہم کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں
اس کا فیصلہ تو قارئین کرام ہی کریں گے۔
غلطیوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کو مرکز خندہ پیشانی سے قبول کرے گا کہ اس سے
آئندہ اڈیشن کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

ادارہ

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم

غزلیات

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
شوخیِ تحریر	نقش، فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا کاغذی ہے پیرہن، ہر پیکرِ تصویر کا	شوخی=شرارت، ظرافت تحریر=لکھاوٹ وتحریر جو تخلیق کار کے ظریفانہ مذاق کی مظہر ہو
پیکرِ تصویر	نقش، فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا کاغذی ہے پیرہن، ہر پیکرِ تصویر کا	پیکر=جسم، مجسمہ، خاکہ تصویر=شبیہہ، روپ تصویر کا خاکہ، مراد: ہستی
کاوکاوِ سخت جانی ہائے تنہائی	کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا	کاوکاو=خراش مراد: تکلیف سخت جانی=کڑے دکھ درد، بے رحمی تنہائی=اکیلا پن
جوئے شیر	کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا	جو=نہر، ندی شیر=دودھ دودھ کی نہر جو فرہاد نے بیسیوں پہاڑ کاٹ کر نکالی۔ جوئے شیر لانا=سخت مشکل کام کرنا (محاورہ)
جذبۂ بے اختیارِ شوق	جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا	جذبہ=کشش، دل کا جوش بے اختیار=جس پر قابو نہ ہو شوق=خواہش، تمنا مراد: اضطراب، بے تابی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
سینۂ شمشیر	جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا	سینہ=چھاتی شمشیر=تلوار مراد: تلوار کا دھار دار حصہ
دامِ شنیدن	آگہی، دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا	دام=جال، کمند شنیدن=سننا، سننے کی کوشش مراد: سمجھنے کی کوشش
عالمِ تقریر	آگہی، دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا	عالم=حالت، انداز تقریر=زبانی بیان، گفتگو مراد: انداز کلام، شاعری
آتش زیرِ پا	بس کہ ہوں غالب! اسیری میں بھی آتش زیرِ پا موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا	آتش=آگ زیرِ پا=پیروں کے نیچے مراد= بے چینی، شدید اضطراب
موئے آتش دیدہ	بس کہ ہوں غالب! اسیری میں بھی آتش زیرِ پا موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا	مو=بال آتش دیدہ=آگ دیکھا، جلا ہوا مراد: نہایت کمزور
داغ جگر	جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغ جگر ہدیہ مبارک باد اسد! غمخوارِ جانِ درد مند آیا	داغ= نشان، جگر= کلیجہ، کلیجے کا نشان یعنی: عاشق صادق کے حق میں معشوق سے ملا ہوا ہر زخم ایک قیمتی تحفہ اور جگر کا ہر داغ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ایک نذرانہ ہے		
غمخوار= غم بانٹنے والا، جان=زندگی دردمند= درد میں مبتلا یعنی: درد سے بھری ہوئی زندگی کا غم بانٹنے والا	جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ مبارک باد اسد! غمخوارِ جانِ دردمند آیا	غمخوارِ جانِ دردمند
تنگیِ چشم= تنگ نظری، حسود=حسد کرنے والا یعنی: صحرا حاسدوں کی نظر کی طرح تنگ تھا	جز قیس، اور کوئی نہ آیا بروئے کار صحرا، مگر بہ تنگیِ چشمِ حسود تھا	تنگیِ چشمِ حسود
نقش= تصویر، سویدا= دل کا سیاہ داغ یعنی: دل پر پڑے داغ کی تصویر	آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا	نقشِ سویدا
مکتب: مدرسہ؛ غم دل: دل، (عشق) کا غم یعنی مدرسۂ عشق	لیتا ہوں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز لیکن یہی کہ "رفت" گیا اور "بود" تھا	مکتبِ غمِ دل
داغ= نشان، دھبہ، عیوب= عیب کی جمع، برہنگی= ننگا پن مراد: گناہوں کی کثرت	ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی میں، ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا	داغِ عیوبِ برہنگی

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
اپنی ہستی کے لیے باعثِ شرم	ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی میں، ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا	ننگِ وجود
سرگشتہ= پریشان، خمار= مدہوش رسوم و قیود= رسم و رواج اور پابندیاں یعنی: رسم و روایت اور پابندیوں کے جبر سے پریشان	تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ! سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا	سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود
ایسی تکلیف جس کی دوا نہ ہو مراد: عشق	عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا	دردِ بے دوا
دوست دارِ دشمن= دشمن کو دوست رکھنے والا، دشمن سے مراد محبوب ہے	دوست دارِ دشمن ہے، اعتمادِ دل معلوم آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا	دوست دارِ دشمن
اعتمادِ دل= دل کا بھروسہ	دوست دارِ دشمن ہے، اعتمادِ دل معلوم آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا	اعتمادِ دل
جرأت= ہمت، آزما= آزمانے والا یعنی عاشقوں کی ہمت کا امتحان لینے والا	سادگی و پُرکاری، بے خودی و ہشیاری حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا	جرأت آزما
حالِ دل= دل کی کیفیت	حالِ دل نہیں معلوم، لیکن اس قدر، یعنی ہم نے بارہا ڈھونڈھا، تم نے بارہا پایا	حالِ دل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
شورِ پندِ ناصح	شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا آپ سے کوئی پوچھے "تم نے کیا مزا پایا؟"	شور=غل، نمک ناصح کی نصیحت کا شور، شور اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ بار بار نصیحت کرتا ہے اور عاشق کے لیے نصیحت زخم پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے
سوزِ نہاں	دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا آتشِ خاموش کی مانند گویا جل گیا	سوز=جلن، نہاں=پوشیدہ مراد: عشق
آتشِ خاموش	دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا آتشِ خاموش کی مانند گویا جل گیا	وہ آگ جو خاموشی سے اندر ہی اندر سُلگتی رہے، مراد: عشق کی جلن
ذوقِ وصل	دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا	ذوق=شوق، محبوب سے ملن کا شوق وصل=محبوب سے ملاقات
یادِ یار	دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا	یار=دوست یادِ یار=دوست کی یاد
آہِ آتشیں	میں عدم سے بھی پرے ہوں، ورنہ غافل! بارہا میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا	آتشیں=جلا دینے والا، وہ آہ جو آگ کا اثر رکھتی ہے
بالِ عنقا	میں عدم سے بھی پرے ہوں، ورنہ غافل! بارہا میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا	بال=پر، عنقا=ایک فرضی پرندہ عنقا کے پر

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
جوہر= صلاحیت، وصف، عنصر اندیشہ=فکر، خیال خیال وفکر کی صلاحیت	عرض کیجیے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں! کچھ خیال آیا تھا کہ وحشت کا صحرا جل گیا	جوہرِ اندیشہ
طرز= انداز، طریقہ تپاک= گرم جوشی یعنی دنیا والوں کی ظاہرداری	میں ہوں اور افسردگی کی آرزو، غالب! کہ دل دیکھ کر طرزِ تپاکِ اہلِ دنیا جل گیا	طرزِ تپاکِ اہلِ دنیا
رقیب= دشمن، مخالف سروساماں= مال واسباب یعنی آرام وآسائش سے بے نیاز	شوق، ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا! قیس، تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا	رقیبِ سروساماں
دل کی تنگی	زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی، یارب تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا	تنگیِ دل
بسمل= زخمی، مراد: عاشق زخموں سے معمور سینہ	زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی، یارب تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا!	سینۂ بسمل
پرافشاں= پر جھاڑتا ہوا، پھڑپھڑاتا ہوا	زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی، یارب تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا!	پرافشاں
بو=خوشبو، پھول کی خوشبو	بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا!	بوئے گل
نالہ= آہ وزاری، دل سے نکلنے والی آہ	بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا!	نالۂ دل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
دودِ چراغ	بوے گل، نالۂ دل، دودِ چراغ محفل جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا	دود= دھواں، چراغ محفل= محفل کا چراغ محفل کے چراغ کا دھواں
دلِ حسرت زدہ	دلِ حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ درد کام یاروں کا بہ قدرِ لب و دنداں نکلا	حسرت= افسوس، محرومی، زدہ= مارا ہوا محرومیوں اور مایوسیوں کا مارا ہوا دل
مائدۂ لذتِ درد	دلِ حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ درد کام یاروں کا بہ قدرِ لب و دنداں نکلا	مائدہ= دسترخوان، لذتِ درد= درد کا ذائقہ یعنی وہ دسترخوان جس پر درد کی لذت چنی ہو۔ مراد: تکلیفوں کی بھرمار
بہ قدرِ لب دنداں	دلِ حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ درد کام یاروں کا بہ قدرِ لب و دنداں نکلا	اپنی حیثیت و ہمت کے مطابق
نوآموزِ فنا	ہے نو آموزِ فنا، ہمتِ دشوار پسند سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا	نوآموز= نیا نیا سیکھنے والا، فنا= تباہی، موت فنا ہو جانے کا نیا نیا سبق لینے والی (ہمت)
ہمتِ دشوار پسند	ہے نو آموزِ فنا، ہمتِ دشوار پسند سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا	دشوار پسند=مشکل پسند مشکل پسند طبیعت جو آسانیوں کے بجائے مشکلوں کو پسند کرتی ہے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
بابِ نبرد	دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا عشقِ نبرد پیشہ طلب گارِ مرد تھا	جنگ کرنے کی صلاحیت مراد: عشق کی سختیاں بخوشی جھیلنے والا عاشق صادق
عشقِ نبرد پیشہ	دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا عشقِ نبرد پیشہ طلب گارِ مرد تھا	عشق جو جنگ اور بہادروں کا طالب ہوتا ہے
طلب گارِ مرد	دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا عشقِ نبرد پیشہ طلب گارِ مرد تھا	طلب گار=طلب کرنے والا مراد=بہادر بہادروں کو طلب کرنے والا
تالیفِ ونسخہ ہائے وفا	تالیف نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا	تالیف=لکھنا،نسخہ=کتاب وفا کے تعلق سے کتابیں لکھنا
مجموعۂ خیال	تالیف نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا	مجموعۂ خیال= خیالوں کا مجموعہ
ساحلِ دریائے خوں	دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب اس رہ گزر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا	خون کے دریا کا کنارہ
جلوۂ گل	دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب اس رہ گزر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا	جلوہ= نمودار ہونا، گل= پھول، پھول کا نمودار ہونا
اندوہِ عشق	جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہِ عشق کی دل بھی اگر گیا، تو وہی دل کا درد تھا	اندوہ=غم عشق کا غم
چارہ سازیِ وحشت	احباب چارہ سازیِ وحشت نہ کر سکے زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا	چارہ سازی=علاج کرنا،مدد کرنا وحشت=عشق کی دیوانگی عشق کی دیوانگی کے عالم میں

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		کسی قسم کی مدد
بیاباں نورد	احباب چارہ سازی وحشت نہ کر سکے زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا	بیاباں= جنگل، ویرانہ، ریگستان نورد= سفر طے کرنے والا، جنگلوں میں گھومنے والا
لاشِ بے کفن	یہ لاش بے کفن اسد خستہ جاں کی ہے حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا	وہ لاش جسے کفن بھی حاصل نہ ہوا ہو۔ (بے سروسامانی کی انتہا)
اسدِ خستہ جاں	یہ لاش بے کفن اسد خستہ جاں کی ہے حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا	خستہ جاں=آزردہ زندگی
شمارِ سبحہ	شمارِ سبحہ مرغوب بتِ مشکل پسند آیا تماشائے بہ یک کف بردنِ صد دل پسند آیا	تسبیح کے دانوں کا شمار کرنا
مرغوب بتِ مشکل پسند	شمارِ سبحہ مرغوب بتِ مشکل پسند آیا تماشائے بہ یک کف بردنِ صد دل پسند آیا	مرغوب= جس کی طرف رغبت ہو، پسندیدہ بتِ مشکل پسند= وہ بت (محبوب) جسے مشکلات ہی پسند ہوں
تماشائے بہ یک کف بردنِ صد دل	شمارِ سبحہ مرغوب بتِ مشکل پسند آیا تماشائے بہ یک کف بردنِ صد دل پسند آیا	تماشا= نظارہ، بہ یک کف بُردن صد دل= ایک جھپٹے میں سیکڑوں دلوں کو مٹھی میں کرلینا، ایک جھپٹے میں سیکڑوں دلوں کو اڑا لینے کا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		نظارہ، مراد ایک وقت میں بہت سے لوگوں کو عاشق بنا لینا
بہ فیضِ بے دلی	بہ فیض بے دلی، نومیدیِ جاوید آساں ہے کشایش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا	بیدلی = دل شکستگی، دل ٹوٹ جانا، دل شکستگی کی بدولت
نومیدیِ جاوید	بہ فیض بے دلی، نومیدیِ جاوید آساں ہے کشایش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا	نومیدی = مایوسی جاوید = دائمی ہمیشہ کے لیے ہمیشہ کے لیے مایوس ہو جانا
عقدۂ مشکل	بہ فیض بے دلی، نومیدیِ جاوید آساں ہے کشایش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا	عقدہ = گرہ، راز مشکل = دشوار، پیچیدہ، دشوار گانٹھ
ہوائے سیرِ گل	ہوائے سیر گل، آئینۂ بے مہریِ قاتل کہ اندازِ بخوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا	ہوا = خواہش، شوق پھولوں کی سیر کرنے کی خواہش
آئینۂ بے مہریِ قاتل	ہوائے سیر گل، آئینۂ بے مہریِ قاتل کہ اندازِ بخوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا	آئینہ = اظہار (مراد مظہر یا دلیل) بے مہری = بے مروتی، ستمگری
اندازِ بخوں غلیلدن بسمل	ہوائے سیر گل، آئینۂ بے مہریِ قاتل کہ اندازِ بخوں غلتیدنِ بسمل پسند آیا	زخمی کا خون میں لوٹ پوٹ ہونے کا انداز

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
وفا کا نشان مراد، وفا شعاری	دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا	نقشِ وفا
تسلّی = دلاسہ وجہ = سبب	دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا	وجہِ تسلّی
معنی سے نا آشنا ہونا یعنی وفا کا فقدان ہونا	دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا	شرمندۂ معنی
آغازِ خط، چہرے پر نکلنے والے بال (داڑھی)	سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا یہ زمرّد بھی حریفِ دمِ افعی ہونا	سبزۂ خط
کاکل = سر کے آگے کے لٹکے ہوئے بال سرکش = بے قابو	سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا یہ زمرّد بھی حریفِ دمِ افعی ہونا	کاکلِ سرکش
حریف = رقیب، مخالف دمِ افعی = سانپ کی پونچھ	سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا یہ زمرّد بھی حریفِ دمِ افعی ہونا	حریفِ دمِ افعی
اندوہ = غم وفا سے پیدا ہونے والا غم و الم	میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا	اندوہِ وفا
مے و ساغر = شراب اور پیالہ رندی، شراب نوشی، رندی	دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی گر نفس زادۂ سر منزلِ تقوی نہ ہوا	گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر
کے خیالات کا راستہ مراد یہ کہ دل میں ہمیشہ رندی کے خیالات آتے رہتے ہیں		

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
جادہ = راستہ، تقویٰ = پرہیزگاری، نیکی پرہیزگاری کی منزل کا راستہ	دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی گر نفس زادۂ سر منزلِ تقوی نہ ہوا	جادہ سرِ منزلِ تقویٰ
گلبانگ = دلکش آواز منت کش = احسان مند یعنی تسلّی بخش آواز کا احسان مند	ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی، کہ کبھی گوش منت کشِ گلبانگ تسلّی نہ ہوا	منت کشِ گلبانگِ تسلّی
بدنصیبی، بدقسمتی	کس سے محرومیِ قسمت کی شکایت کیجے ہم نے چاہا تھا کہ مرجایں، سو وہ بھی نہ ہوا	محرومیِ قسمت
جنبشِ لب = ہونٹوں کی حرکت مراد منہ سے لفظ نکالنا ہونٹوں سے نکلنے والی ایک آواز کا ایسا اثر جو صدمے کی طرح شدید تھا (حضرت عیسیٰ) نے لبوں کو حرکت ہی دی تھی جو غالب کے ضعف کے حق میں موت ثابت ہوئی	مرگیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالب ناتوانی سے حریف دم عیسیٰ نہ ہوا	صدمۂ یک جنبشِ لب

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
دم = سانس، پھونک دمِ عیسیٰ = حضرت عیسیٰ کی پھونک (جو اللہ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتی تھی) یعنی عیسیٰ کی وہ پھونک جو مردوں کے لیے زندگی بخش ہوتی ہے میری موت کی وجہ بن گئی	مرگیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالب ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا	حریفِ دمِ عیسیٰ
رضواں = جنت، جنت کا باغ	ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا	باغِ رضواں
طاق = محراب نما ذاٹ نسیاں = بھول وہ طاق جس میں کوئی رکھی ہوئی چیز بھلا دی جائے	ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا	طاقِ نسیاں
بیداد = ظلم، کاوشہائے = چھید کرنا، مژگاں = پلک مراد: زخمی کرنا پلکیں دل کو زخمی کرنے والی	بیاں کیا کیجے بیدادِ کاوش ہائے مژگاں کا کہ ہر یک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا	بیدادِ کاوش ہائے مژگاں
خون کا قطرہ	بیاں کیا کیجے بیدادِ کاوش ہائے مژگاں کا کہ ہر یک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا	قطرۂ خوں
مرجان = مونگا جو لال رنگ کا ہوتا ہے۔ مونگ کی بنی ہوئی تسبیح	بیاں کیا کیجے بیدادِ کاوش ہائے مژگاں کا کہ ہر یک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا	تسبیحِ مرجاں

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
سطوت = رعب، قاتل کا رعب	نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا	سطوتِ قاتل
ریشہ = دھاگا، رگ نیستاں = نرکل اگنے کی جگہ، بانسوں کے اگنے کی جگہ، نرکل کا ریشہ، مراد بانسری (جس کی آواز کو شاعر اپنی فریاد سے تعبیر کرتا ہے)	نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا	ریشہ نیستاں کا
دل کا داغ یعنی داغ عشق	دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے مرا ہر داغ دل، اک تخم ہے سرو چراغاں کا	داغ دل
چراغوں کا درخت (چراغ اس طرح لگائے جائیں کہ ان سے درخت کی شکل نظر آئے) مراد سر سے پیر تک چراغ ہی چراغ روشن ہیں۔ (داغوں کی چمک چراغ سے تشبیہ دی ہے)	دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے مرا ہر داغ دل، اک تخم ہے سرو چراغاں کا	سرو چراغاں
وہ کمرہ جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں	کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے کرے، جو پرتوِ خورشید، عالم شبنمستاں	آئینہ خانے
پرتو = عکس، خورشید = سورج سورج کی چمک، دھوپ	کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے کرے، جو پرتوِ خورشید، عالم شبنمستاں	پرتوِ خورشید

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
برق=بجلی، خرمن= اناج کا ڈھیر خرمن کوجلادینے والی بجلی	مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی ہیولیٰ برق خرمن کا، ہے خونِ گرم دہقاں کا	برقِ خرمن
خونِ گرم= گرم خون جو مشقت کرنے والے کی رگوں میں دوڑتا ہے	مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی ہیولیٰ برق خرمن کا، ہے خونِ گرم دہقاں کا	خونِ گرم
گشتہ= گردش کرتی ہوئی، گردیدہ خون میں گردش کرتی ہوئی آرزوئیں	خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں چراغ مردہ ہوں میں بے زباں، گورِ غریباں کا	خوں گشتہ
مردہ= بجھا ہوا بجھا ہوا چراغ (جلتے ہوئے چراغ کو زندگی سے تعبیر کیا ہے اور بجھ جانا گویا موت ہے)	خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں چراغ مردہ ہوں میں بے زباں، گورِ غریباں کا	چراغ مردہ
گورِ غریباں=قبرستان	خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں چراغ مردہ ہوں میں بے زباں، گورِ غریباں کا	گورِ غریباں
پرتو=شعاع، کرن، نقش=نشان خیال یار=محبوب کا خیال یا اس کی یاد	ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے دلِ افسردہ، گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا	پرتوِ نقشِ خیالِ یار
محبوب کے خیال کے نقش کا پرتو مراد محبوب کی ہلکی سی یاد		

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
دلِ افسردہ	ہنوز ایک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے دلِ افسردہ، گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا	افسردہ = مایوس، غم زدہ غم زدہ یا مایوس دل
تبسّم ہائے پنہاں	بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں، کہیں، ورنہ سبب کیا، خواب میں آ کر تبسّم ہائے پنہاں کا	تبسم = مسکراہٹ پنہاں = پوشیدہ، چھپا ہوا؛ ایسی مسکراہٹ جو ظاہر نہ ہو
سرشک آلودہ	نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا! قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا	سرشک = آنسو، مژگاں = پلکیں آنسوؤں سے بھیگی ہوئی پلکیں
جادۂ راہِ فنا	نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا، غالبؔ کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا	جادہ = راستہ، موت کی طرف جانے والا راستہ
اجزائے پریشاں	نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا، غالبؔ کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا	اجزا = ٹکڑے، حصے پریشاں = بکھرا ہوا، حیران، بکھرے ہوئے ٹکڑے
حبابِ موجۂ رفتار	نہ ہوگا یک بیاباں، زندگی سے ذوق کم میرا حبابِ موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا	حباب = بلبلہ، موجہ = لہر موجۂ رفتار = رفتار کو پانی سے مشابہ کر کے اس کو لہروں سے تعبیر کیا گیا۔ رفتار کی موجوں کے بلبلے (جو بار بار ٹوٹتے ہیں، یہ سلسلہ جاری رہتا ہے)
نقشِ قدم	نہ ہوگا یک بیاباں، زندگی سے ذوق کم میرا حبابِ موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا	نقش = نشان پیروں کے نشان

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
پھولوں کی خوشبو کا جھونکا، ہوا کا وہ جھونکا میں ساتھ پھولوں کی خوشبو ملی ہوئی ہو	محبت تھی چمن سے، لیکن اب یہ بے دماغی ہے کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا	موجِ بوئے گل
رہن = گروی، رہنِ عشق = عشق کے لیے وقف مکمل طور سے عشق کا پابند ناگزیر = لازم، جس کے بغیر چارہ نہ ہو الفتِ ہستی = زندگی کی محبت	سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا	رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی
ظرف = برتن، استعداد، مراد ہمت، طاقت، ہمت کے مطابق	بقدرِ ظرف ہے ساقی، خمارِ تشنہ کامی بھی جوتو دریائے مے ہے، تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا	بقدرِظرف
تشنہ کامی = پیاس خمار = وہ کیفیت جو نشہ اترنے کے وقت طاری ہوتی ہے۔ پیاس کے وقت بدن کا ٹوٹنا	بقدرِ ظرف ہے ساقی، خمارِ تشنہ کامی بھی جوتو دریائے مے ہے، تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا	خمارِتشنہ کامی
شراب کا دریا	بقدرِ ظرف ہے ساقی، خمارِ تشنہ کامی بھی جوتو دریائے مے ہے، تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا	دریائے مے
نوا: آواز (ہا، جمع کا لاحقہ) وہ آوازیں جن کے بھید کو سمجھنا آسان نہیں ہوتا	محرم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا یاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا	نواہائے راز

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
شکستہ: ٹوٹا ہوا یہاں مراد اُڑا ہوا؛ اُڑا ہوا رنگ (جو صبح کو نیند سے پیدا ہونے یا کسی گھبراہٹ کا نتیجہ ہے)	رنگِ شکستہ، صبح، بہارِ نظارہ ہے یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا	رنگِ شکستہ
بہارِ نظارہ: منظر کی دلکشی نظارہ کی دلکشی سے حاصل ہونے والی فرحت	رنگِ شکستہ، صبح، بہارِ نظارہ ہے یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا	بہارِ نظارہ
شگفتن: کھلنا، ظاہر ہونا گلہائے ناز: ادا کے پھول، (محبوب کی عشوہ گری کو پھول سے تشبیہ دی ہے) (مراد ناز و انداز کے پھول) اداؤں کے پھول کھلنے کا وقت یعنی یہی وقت محبوب کے عشوہ و ناز کے اظہار کا بھی ہے	رنگِ شکستہ، صبح، بہارِ نظارہ ہے یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا	شگفتنِ گلہائے ناز
آہ کو ضبط کرنا، غموں کو برداشت کرنا	صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگر نہ میں طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا	ضبطِ آہ
نفس: سانس، آہ جاں گداز: جان کو پگھلا دینے	صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا، وگر نہ میں طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا	نفسِ جاں گداز
والی مراد: ایسی آہ جو ہستی کو فنا کر دینے والی ہے		

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
جوشِ بادہ	ہیں بسکہ جوشِ بادہ سے شیشے اُچھل رہے ہر گوشۂ بساط ہے ہر شیشہ باز کا	بادہ: شراب؛ جوش: اُبال شراب اتنی تند و تیز ہے کہ پیالے اچھلنے لگے
گوشۂ بساط	ہیں بسکہ جوشِ بادہ سے شیشے اُچھل رہے ہر گوشۂ بساط ہے ہر شیشہ باز کا	گوشہ: کونہ؛ بساط: فرش مراد: محفل یا مے خانے کا ہر کونا
گرہِ نیم باز	کاوش کا دل کرے ہے تقاضا، کہ ہے ہنوز ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا	نیم باز: ادھ کھلی: کنایہ ہے دل سے ادھ کھلی گرہ (جو بندھی ہوئی گرہ سے زیادہ تکلیف دہ ہے)
تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں	تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا، اسدؔ! سینہ، کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا	تاراج: برباد؛ کاوش: کھودنا، کھرچنا، تکلیف غمِ ہجراں: جدائی کا غم جدائی کے غم کی تکلیف کا برباد کیا ہوا یعنی تنہائی کی غم کی اذیّت کا مارا ہوا
گہر ہائے راز	تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا، اسدؔ! سینہ، کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا	گہر: موتی مراد قیمتی شے (ہا: لاحقہ جمع) راز جو موتی جیسے
		قیمتی ہیں یعنی انتہائی اہم راز
بزمِ شاہنشاہ	بزمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا رکھیو یارب! یہ درِ گنجینۂ گوہر کھلا	بادشاہ کی محفل مراد بادشاہ کا دربار

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
گنجینہ: خزانہ: گوہر: موتی، قیمتی شے موتیوں کے خزانے کا دروازہ	بزمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا رکھیو یارب! یہ درِ گنجینۂ گوہر کھلا	درِ گنجینۂ گوہر
انجم: (نجم کی جمع) ستارے رخشندہ: چمکدار، چمکنے والے چمکنے والے ستارے	شب ہوئی، پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کھلا اس تکلف سے کہ گویا بتکدے کا در کھلا	انجمِ رخشندہ
حسن کا خیال تصور	ہے خیالِ حسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا	خیالِ حُسن
عمل کی خوبی: بھلا کام، نیک کام	ہے خیالِ حسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا	حسنِ عمل
غم کی رات (جو محبوب سے جدائی کا نتیجہ ہے)	کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا	شبِ غم
اختر: ستارہ؛ دیدہ: آنکھ ستاروں کی آنکھیں (ستاروں کے ٹمٹمانے کو آنکھ کے کھلے ہونے سے تشبیہ دی ہے)	کیوں اندھیری ہے شبِ غم؟ ہے بلاؤں کا نزول آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کھلا	دیدۂ اختر
بے در: بغیر دروازہ کا گنبد مراد آسمان جس کا کوئی کنارہ نہیں ہے	اس کی امت میں ہوں میں، میرے رہیں کیوں کام بند واسطے جس شہ کے غالب! گنبدِ بے در کھلا	گنبدِ بے در
برق: بجلی؛ سوز دل: دل کی جلن (جو غموں کے باعث ہے)	شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا شعلۂ جوالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا	برقِ سوزِ دل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		دل کی جلن (جو بڑھتے بڑھتے) بجلی کی طرح (جلانے والی) ہوگئی ہے
زہرۂ ابر	شب کہ برق سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا شعلۂ جوالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا	زہرہ: پِتّا، ابر: بادل، زہرۂ ابر: بادل کا پتّا
شعلۂ جوالہ	شب کہ برق سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا شعلۂ جوالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا	جوالہ: بھڑکتا ہوا، گھومتا ہوا وہ شعلہ جو جلنے کی تیزی سے چکر کاٹنے لگتا ہے گردش کرتا ہوا تیز شعلہ
حلقۂ گرداب	شب کہ برق سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا شعلۂ جوالہ، ہر یک حلقۂ گرداب تھا	گرداب: بھنور بھنور کے گھیرے (جن میں پھنس کر نکلنا مشکل ہوتا ہے)
عذرِ بارش	واں کرم کو، عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام گریہ سے یاں، پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا	بارش ہونے کا بہانہ
عناں گیرِ خرام	واں کرم کو، عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام گریہ سے یاں، پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا	عناں گیر: باگ پکڑنا، رکاوٹ ڈالنا؛ خرام: چلنا چلنے میں رکاوٹ ڈالنے والا محبوب کے آنے میں مانع (بارش کا بہانہ)
پنبۂ بالش	واں کرم کو، عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام گریہ سے یاں، پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا	پنبہ: روئی؛ بالش: تکیہ تکیہ کی روئی
کفِ سیلاب	واں کرم کو، عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام گریہ سے یاں، پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا	سیلاب کے پانی سے اُٹھتا ہوا جھاگ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
اشک: آنسو؛ آنسوؤں کی زیادتی	واں خود آرائی کو، تھا موتی پرونے کا خیال یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا	ہجومِ اشک
تار: تسلسل نظر کا تسلسل، مسلسل دیکھنے کی صلاحیت	واں خود آرائی کو، تھا موتی پرونے کا خیال یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ ناب تھا	تارِ نگہ
پھولوں کا جلوہ، پھول جو کھل کر اپنا جلوہ دکھارہے ہیں	واں خود آرائی کو، تھا موتی پرونے کا خیال یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ ناب تھا	جلوۂ گل
مژگاں: (مژہ کی جمع) پلکیں آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھیں، بھیگی ہوئی پلکیں	واں خود آرائی کو، تھا موتی پرونے کا خیال یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ ناب تھا	مژگانِ چشمِ تر
ناب: بغیر پانی (ملاوٹ) کے خالص خون	واں خود آرائی کو، تھا موتی پرونے کا خیال یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ ناب تھا	خونِ ناب
پرشور: شور و ہنگامہ سے بھرا ہوا مراد: پریشان پریشانیوں سے بھرا ہوا سر	یاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جو واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا	سرِ پُرشور
دیوار کو تلاش کرنے والا دیوانہ، وحشی (تاکہ اس سے ٹکرا کر سر کو پھوڑ ڈالا جائے اور پریشانیاں ختم ہوں)	یاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جو واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا	دیوار جو
فرق: سر، پیشانی ناز (کرنے والے محبوب) کا سر	یاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جو واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا	فرقِ ناز

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
خود کو بھول جانے والی محفل کی شمع	یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی جلوۂ گل، واں بساطِ صحبتِ احباب تھا	شمعِ بزمِ بے خودی
پھول کی موجودگی	یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی جلوۂ گل، واں بساطِ صحبتِ احباب تھا	جلوۂ گل
دوستوں کے مل بیٹھنے کا فرش	یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی جلوۂ گل، واں بساطِ صحبتِ احباب تھا	بساطِ صحبتِ احباب
کاوش: کھرچنا ناخن کا (زخموں کو) کھرچنے کا شوق	ناگہاں اس رنگ سے خوں نابہ ٹپکانے لگا دل کہ ذوقِ کاوشِ ناخن سے لذت یاب تھا	ذوقِ کاوشِ ناخن
دل کا رونا دھونا، مراد کی آہ وزاری محبوب کی بے حسی اور بے وفائی کی وجہ سے دل کی آہ وزاری	نالۂ دل میں، شب، اندازِ اثر نایاب تھا تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بے تاب تھا	نالۂ دل
اثر کرنے کی صلاحیت	نالۂ دل میں، شب، اندازِ اثر نایاب تھا تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بے تاب تھا	اندازِ اثر
سپند: وہ کالا دانہ جو نظرِ بد کو دور کرنے کے لیے جلایا جاتا ہے، جلنے پر وہ خوب چٹختا بھی ہے بزمِ وصل: ملاقات کی محفل؛ غیر: رقیب، دشمن، محبوب کے رقیب سے ملنے پر میری	نالۂ دل میں، شب، اندازِ اثر نایاب تھا تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر، گو بے تاب تھا	سپندِ بزمِ وصلِ غیر

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		حالت سپند جیسی ہو رہی تھی یعنی میں بے تاب بھی تھا اور یہ بھی خواہش تھی کہ یہ ملاقات ختم ہو
مقدمِ سیلاب	مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا	مقدم: قدم رکھنے کی جگہ مراد آنا، آمد؛ سیلاب کا آنا، سیلاب کی آمد کی خبر
نشاطِ آہنگ	مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا	آہنگ: ارادہ؛ نشاط: خوشی نشاط آہنگ: مسرور، خوش
خانۂ عاشق	مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا	خانہ: مکان یہاں مراد دل؛ عاشق کا دل
سازِ صدائے آب	مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا	ساز: باجا، سنگیت یا راگ، یعنی پانی کے گرنے کی آواز
نازشِ ایامِ خاکسترنشینی	نازشِ ایامِ خاکستر نشینی، کیا کہوں پہلوے اندیشہ، وقفِ بسترِ سنجاب تھا	نازش: فخر، غرور؛ ایام: (یوم کی جمع) دن؛ خاکستر: راکھ، مٹی؛ خاکستر نشینی مٹی میں بیٹھنا مراد بدحالی بدحالی کے زمانے پر فخر
پہلوے اندیشہ	نازشِ ایامِ خاکستر نشینی، کیا کہوں پہلوے اندیشہ، وقفِ بسترِ سنجاب تھا	اندیشہ: فکر، آرزو؛ پہلو: کروٹ امیدوں کا پہلو مراد آرزوؤں سے بھرا دل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
وقفِ بسترِ سنجاب	نازشِ ایامِ خاکستر نشینی، کیا کہوں پہلوے اندیشہ، وقفِ بسترِ سنجاب تھا	سنجاب: ایک چھوٹا جانور جس کی نرم بالوں والی کھال سے بستر بنایا جاتا ہے مراد نرم و ملائم سنجاب سے بنے ہوئے بستر کا آرزومند
جنونِ نارسا	کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسا نے، ورنہ یاں ذرہ ذرہ روکشِ خورشیدِ عالم تاب تھا	نارسا: نہ پہنچنے والا، بے اثر جنونِ عشق کا بے اثر ہونا۔ جس سے محبوب کی بے حسی ظاہر ہوتی ہے۔
روکشِ خورشیدِ عالم تاب	نازشِ ایامِ خاکستر نشینی، کیا کہوں پہلوے اندیشہ، وقفِ بسترِ سنجاب تھا	روکش: مقابل؛ خورشید: سورج عالم تاب: دنیا کو روشن کرنے والا مراد: (ذرّہ ذرّہ) دنیا کو روشن کرنے والے سورج کے مماثل تھا
مہر و وفا کا باب	آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا	باب: دربار مراد ٹھہرنے کی جگہ۔ مہر: مہربانی مہر و وفا کے
		ٹھہرنے کی جگہ۔ یعنی (تیرے دل میں) مہربانی کے جذبات پرورش پاتے تھے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
انتظارِ صید	یاد کر وہ دن کہ ہر اک حلقہ تیرے دام کا انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا	صید: شکار شکار کا انتظار یعنی کسی کے عاشق ہونے کا انتظار
دیدۂ بے خواب	یاد کر وہ دن کہ ہر اک حلقہ تیرے دام کا انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا	دیدہ: آنکھ، بے خواب: نہ سونے والا وہ آنکھ جو سو نہیں سکتی ہو، ہمیشہ کھلی رہنے والی یعنی نہ سونے والی آنکھ (آنکھیں)
سیلِ گریہ	میں نے روکا رات غالب کو، وگر نہ دیکھتے اس کے سیلِ گریہ میں، گردوں کفِ سیلاب تھا	سیل: سیلاب، گریہ: رونا رونے (کے آنسوؤں) سے پیدا ہونے والا سیلاب یعنی اتنے آنسو بہے کہ انھوں نے سیلاب کی شکل اختیار کر لی
گردوں کفِ سیلاب	میں نے روکا رات غالب کو، وگر نہ دیکھتے اس کے سیلِ گریہ میں، گردوں کفِ سیلاب تھا	گردوں: آسمان کف: جھاگ آسمان جو (بے حیثیت ہوکر) سیلاب کے جھاگ (کی طرح) بن گیا سیلاب کی سطح پر جھاگ
		ہوتے ہیں یعنی آنسوؤں کے سیلاب کی حدیں آسمان سے زمین تک تھیں۔

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
خونِ جگر	ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تھا	جگر کا خون، وہ جگر جو غمِ عشق سے خون بن گیا یا یہ کہ جگر کے خون ہونے کا کیا ماتم کیا جائے وہ تو خود محبوب کی امانت تھا
ودیعتِ مژگانِ یار	ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تھا	ودیعت: امانت، عطا کردہ مژگان (مژہ کی جمع) پلکیں محبوب کی پلکوں کی امانت یعنی مژگان یار کے نشتروں نے جگر کا خون کردیا۔ لیکن اصلاً یہ خون جگر مراد جگر خود محبوب کا عطا کردہ تھا
ماتمِ یک شہرِ آرزو	اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو توڑا جو تو نے آینہ، تمثال دار تھا	ماتم: کسی کے مرنے پر رونا دھونا شہر آرزو: امید کا مسکن، مراد دل جس میں آرزوئیں بستی ہیں۔ دل (جو ٹوٹ گیا ہے اس) کا ماتم
تمثال دار	اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو توڑا جو تو نے آینہ، تمثال دار تھا	تمثال: صورت، عکس، تصویر (محبوب کی) تصویر رکھنے والا (آئینہ) رنگا رنگ تصویروں والا۔

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		ٹوٹے ہوئے آئینے کی ہر کرچی میں ایک شکل نظر آتی ہے۔
جاں دادۂ ہوائے سرِ رہ گزار	گلیوں میں میری نقش کو کھینچے پھرو کہ میں جاں دادۂ ہوائے سرِ رہ گزار تھا	جاں دادہ: عاشق، پسند کرنے والا ہوا: خواہش؛ سرِرہ گزار: راستہ کے کنارے یعنی محبوب کی گلی پر جان نثار کرنے والا، مراد عاشق
موجِ سرابِ دشتِ وفا	موجِ شرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال ہر ذرہ، مثلِ جوہرِ تیغ، آب دار تھا	سراب: ریت جو پانی طرح چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے مراد دھوکا سراب دشت میں ہی نظر آتا ہے۔ دشت وفا: وفا کا میدان یعنی وفا کی دنیا وفا کے دشت کے سراب (دھوکے) کی موجیں مراد یہ کہ وفا موجود نہیں ہے، محض دھوکا ہے
مثلِ جوہرِ تیغ	موجِ شرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال ہر ذرہ، مثلِ جوہرِ تیغ، آب دار تھا	مثل: مانند؛ جوہر: دھار، آب: چمک؛ تیغ: تلوار یعنی (ہر ذرّہ) تلوار کی (چمکتی ہوئی) دھار کی مانند تھا (جو

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
کاٹ ڈالتی ہے)		
عشق کا غم	کم جانتے تھے ہم بھی غم عشق کو، پر اب دیکھا، تو کم ہوئے پہ غم روزگار تھا	غم عشق
شوق: دلی آرزو مراد عشق آرزوؤں یا عشق سے پیدا ہونے والی دیوانگی یعنی دیوانگی عشق	وائے دیوانگی شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا	دیوانگی شوق
تقاضائے نگہ: دیکھنے کا تقاضا (تقاضائے دید) (محبوب کے جلوے کو) دیکھنے کا شدید تقاضا	جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہ کرتا ہے جوہر آینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا	تقاضائے نگہ
جوہر: چمک کی لہریں: وہ لہریں جو آئینہ کی چمک میں موجود ہوتی ہیں۔ (جلا کاری یا صیقل کے بعد آئنہ فولادی میں یہ چمک پیدا ہوتی ہے) یہاں جوہر آئنہ کو مژگاں سے تشبیہ دی ہے	جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہ کرتا ہے جوہر آینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا	جوہرِ آئنہ
عشرت: عیش، آرام؛ قتل گہ: قتل کیے جانے کی جگہ؛ اہل تمنا: عاشق عاشقوں کی قتل گہ میں (لے	عشرتِ قتل گہِ اہل تمنا مت پوچھ عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا	عشرتِ قتل گہِ اہل تمنا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		جائے جانے پر) خوشی یعنی عاشقوں کا شوق شہادت
عیدِ نظارہ	عشرت قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا	عید: خوشی؛ نظارہ: دیکھنا دیکھنے کی خوشی، نگاہوں کے لیے خوشی
داغِ تمنائے نشاط	لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تو ہو اور آپ بہ صد رنگِ گلستاں ہونا	داغ: دھبا تکلیف کی وجہ سے پڑ گیا تمنا: آرزو، خواہش نشاط: خوشی خوشی (حاصل ہونے) کی آرزو (پوری نہ ہونے) کا غم مراد، تمنائے وصل میں وہ زخم جو داغ بن گئے
بہ صد رنگِ گلستاں	لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تو ہو اور آپ بہ صد رنگِ گلستاں ہونا	صد: سو رنگِ گلستاں: گلستاں کا رنگ بہ: با کا مخفف معنی ساتھ، سو رنگوں کے ساتھ یعنی سو رنگوں والا گلستاں مراد رنگین و دلکش
عشرتِ پارۂ دل	عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا لذتِ ریشِ جگر: غرقِ نمکداں ہونا	عشرت: عیش، آرام؛ پارۂ دل (پارہ: ٹکڑا) دل جو ٹکڑے ہو چکا ہے ٹوٹے ہوئے دل کا عیش

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
زخمِ تمنا کھانا	عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا لذتِ ریشِ جگر: غرقِ نمکداں ہونا	تمناؤں کا ناکام ہونا: آرزوؤں کا شکستہ ہونا
لذتِ ریشِ جگر	عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا لذتِ ریشِ جگر: غرقِ نمکداں ہونا	ریش: زخم؛ لذت: مزا، لطف جگر کے زخموں کی لذت
غرقِ نمکداں	عشرتِ پارۂ دل: زخمِ تمنا کھانا لذتِ ریشِ جگر: غرقِ نمکداں ہونا	نمکداں: نمک رکھنے کا برتن نمکداں میں ڈوب جانا (جس سے زخموں کی تکلیف اور بڑھ جاتی ہے) اور عاشق ان سے لذت حاصل کرتا ہے
خمارِ شوقِ ساقی	شب خمارِ شوقِ ساقی، رستخیز اندازہ تھا تامحیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا	خمار: نشہ کا اتار شوقِ ساقی: مراد ساقی کی آمد کا شوق جو نشہ کی طرح طاری تھا، ساقی (کی آمد) کا بڑے ذوق وشوق سے انتظار تھا، مگر مایوسی سے یہ شوق ختم ہونے لگا۔ یہاں ساقی سے مراد معشوق ہی ہے۔
رستخیز اندازہ	شب خمارِ شوقِ ساقی، رستخیز اندازہ تھا تامحیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا	رستخیز: قیامت اندازہ: مانند قیامت کے مانند ثابت ہونا
تامحیطِ بادہ	شب خمارِ شوقِ ساقی، رستخیز اندازہ تھا تامحیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا	تا: حتی کہ (یہاں تک کہ) محیط: احاطہ کیا ہوا بمعنی سمندر

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		شراب کا سمندر یعنی شراب (جو کثیر مقدار میں ہے) محیط: احاطہ کیا ہوا، گھیرا بادہ: شراب؟ پیالے میں شراب کی سطح کا گھیرا
صورت خانۂ خمیازہ	شب خمارِ شوقِ ساقی، رستخیز اندازہ تھا تامحیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا	صورت خانہ: تصویر خانہ خمیازہ، انگڑائی انگڑائی کی صورت
درسِ دفترِ امکاں	یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کھلا جادہ، اجزائے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا	درس: سبق: دفتر: کاپی، کتاب، امکان: ممکنات دفترِ امکاں: یعنی کل کائنات جو ممکنات کی کتاب ہے درس کائنات یعنی دنیا کی حقیقت واصلیت
اجزائے دوعالم	یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کھلا جادہ، اجزائے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا	اجزا: (جز کی جمع) حصے دو عالم: دونوں جہان؛ دوعالم: دونوں جہان
		دونوں جہانوں کے حصے (جو شیرازہ بند ہوکر سکڑ کر رہ گئے) وحشت کنایہ ہے عشق

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
مانع وحشت خرامی ہائے لیلیٰ	مانعِ وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے؟ خانۂ مجنونِ صحرا گرد، بے دروازہ تھا	مانع: روکنے والا؛ وحشت خرامی ہا (ہا، جمع کا لاحقہ) گھبراہٹ کے ساتھ چلنا؛ جنون کی وہ کیفیت جو مجنوں میں تھی لیلیٰ میں اس کی کی تھی۔ (یعنی لیلیٰ کو مجنوں کے پاس آنے سے کس نے روک رکی تھا جب کہ مجنوں کے گھر کا کوئی دروازہ ہی نہ تھا کہ کوئی دربان اسے اندر آنے سے روکتا)
خانۂ مجنونِ صحرا گرد	مانعِ وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے؟ خانۂ مجنونِ صحرا گرد، بے دروازہ تھا	صحرا گرد: جنگل جنگل گھومنے والا جنگل جنگل گھومنے والے مجنوں کا گھر یعنی جنگل ہی مجنوں کا گھر ہے جس کی وسعتیں لامحدود ہیں
رسوائی اندازِ استغنائے حسن	پوچھ مت رسوائی اندازِ استغنائے حسن دست مرہونِ حنا، رخسار رہنِ غازہ تھا	رسوائی: بدنامی استغنائے حسن: حسن کی
		لاپرواہی (یعنی حسن کی بے نیازی محض دکھاوا ہے)

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
دست مرہونِ حنا	پوچھ مت رسوائی اندازِ استغنائے حسن دست مرہونِ حنا، رخسار رہنِ غازہ تھا	دست: ہاتھ مرہون: احسان مند حنا: مہندی ہاتھ (اپنی خوبصورتی کے لیے) مہندی کا احسان مند ہے۔
رخسار رہنِ غازہ	پوچھ مت رسوائی اندازِ استغنائے حسن دست مرہونِ حنا، رخسار رہنِ غازہ تھا	رخسار: گال؛ رہن: ممنون، احسانمند غازہ: پاؤڈر رخسار: (اپنی رنگینی کے لیے) غازہ کا احسان مند ہے
اوراقِ لختِ دل	نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد یادگارِ نالہ، اک دیوان بے شیرازہ تھا	اوراق: ورق کی جمع لخت: ٹکڑا دل کے ٹکڑے جو اوراق کی مانند ہیں ہر ورق الگ ہوتا ہے بالکل اسی طرح جیسے دل کے ٹکڑے الگ الگ ہوتے ہیں
یادگارِ نالہ	نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد یادگارِ نالہ، اک دیوان بے شیرازہ تھا	نالہ: آہ وزاری آہ وزاری کا نتیجہ
دیوان بے شیرازہ	نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بہ باد یادگارِ نالہ، اک دیوان بے شیرازہ تھا	دیوان: کتاب بے شیرازہ: بغیر جلد بندھی ہوئی،

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ایسی کتاب جو غیر مجلد ہے اور اس کے اوراق تتر بتر ہیں۔ مراد ہے دل سے جو غم اور نالوں سے پارہ پارہ ہوگیا ہے		
دل کا حال جو پریشانیوں سے بھرا ہوا ہے	بے نیازی حد سے گزری، بندہ پرور! کب تلک ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرماویں گے "کیا"؟	حالِ دل
دیدہ: آنکھ؛ دیدۂ و دل جو دونوں اہم اور نازک اعضا ہیں۔فرش راہ (کرنا) عزت وتوقیر کے لیے بچھانا؛ دیدہ و دل کو راستہ میں فرش کی طرح بچھادیں گے	حضرت ناصح گر آویں، دیدہ و دل فرشِ راہ کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھاویں گے کیا	دیدہ و دل فرشِ راہ
جنون: دیوانگی: عشق کی دیوانگی جو کسی چیز کی پابند ہو کر نہیں رہ سکتی	گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا، یوں سہی! یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا؟	جنونِ عشق
خانہ زاد: غلام زلف کا غلام یعنی زلفوں کے حلقوں میں اسیر	خانہ زادِ زلف ہیں، زنجیر سے بھاگیں گے کیوں؟ ہیں گرفتارِ وفا، زنداں سے گھبراویں گے کیا؟	خانہ زادِ زُلف
وفا کا پابند	خانہ زادِ زلف ہیں، زنجیر سے بھاگیں گے کیوں؟ ہیں گرفتارِ وفا، زنداں سے گھبراویں گے کیا؟	گرفتارِ وفا
قحط: کمی؛ غمِ اُلفت: تعلق و دوستی کے لیے تکلیف	ہے اب اس معمورہ میں قحطِ غمِ الفت، اسدؔ! ہم نے یہ مانا کہ دلّی میں رہیں، کھاویں گے کیا؟	قحطِ غمِ اُلفت

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
دوستی کے لیے تکلیف (اُٹھانے والوں) کی کمی		
محبوب سے ملاقات	یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا	وصالِ یار
تیرِ نیم کش: (وہ تیر) جو آدھا جسم میں کھپ گیا اور آدھا باہر رہا۔ جسم میں آدھا کھپا ہوا تیر (جس کی تکلیف زیادہ ہوتی ہے)	کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا	تیرِ نیم کش
پتھر کی ان لکیروں کو کہا جاتا ہے جو اس میں دھاریوں کی طرح بنی ہوتی ہیں	رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا	رگِ سنگ
جاں کو گھٹانے والا/توڑنے والا	غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا	جاں گسل
عشق کا غم (جو روحانی تکلیف کا باعث بنتا ہے)	غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا	غمِ عشق
زمانہ کا غم (جو جسمانی تکلیف کا باعث بنتا ہے)	غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا	غمِ روزگار
غم کی رات (جو بے پناہ تکلیف کا باعث ہے)	کہوں کس سے میں کہ کیا ہے! شبِ غم بُری بلا ہے مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا	شبِ غم
دریا میں ڈوب جانا (کہ نام و نشان باقی نہ رہے)	ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا	غرقِ دریا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
مسائلِ تصوف	یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا	تصوف کے مسائل، وہ خیالات جن کا تعلق تصوف سے ہے
بادہ خوار	یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا	رند، شراب نوش
نشاطِ کار	ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا! نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا؟	نشاط: خوشی؛ کار: کام کام کی خوشی یعنی کاموں کے کرنے کی امنگ دنیاوی کاموں کو سرانجام دینے کی (خوشی)
تجاہلِ پیشگی	تجاہل پیشگی سے مدعا کیا؟ کہاں تک اے سراپا ناز "کیا کیا"	تجاہل: جان بوجھ کر انجان بننا (سے محبوب کا مقصد کیا ہے) پیشگی: کام جو وقت سے پہلے انجام پالے
نوازش ہائے بیجا	نوازش ہائے بیجا دیکھتا ہوں شکایت ہائے رنگیں کا گلا کیا؟	نوازش ہا: (ہا جمع کا لاحقہ) مہربانیاں، بیجا: نامناسب نامناسب مہربانیاں (جو محبوب رقیب پر کرتا ہے)
شکایت ہائے رنگیں	نوازش ہائے بیجا دیکھتا ہوں شکایت ہائے رنگیں کا گلا کیا؟	دوستانہ شکایتیں (جن سے لطف بھی ہوتا ہے)
نگاہِ بے مُحابا	نگاہِ بے مُحابا چاہتا ہوں تغافل ہائے تمکیں آزما کیا!	نگاہ: نظر بے محابا: بلا روک ٹوک

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
بے جھجک نگاہ جس میں بے تکلفی کا انداز ہو		
تغافل: (ہا جمع کا لاحقہ) جان بوجھ کر غفلت برتنا تمکیں: برداشت کرنے کی	نگاہِ بے محابا چاہتا ہوں تغافل ہائے تمکیں آزما کیا!	تغافل ہائے تمکیں آزما
طاقت، مرتبہ، صبر وضبط تمکیں آزما: صبر و ضبط کو آزمانے والا ایسی بے توجہی جو صبر وضبط کو آزمائش میں ڈال دے		
خس: گھاس؛ فروغ: بھڑکنا گھاس پھوس کے شعلہ کا بھڑکنا	فروغِ شعلۂ خس، یک نفس ہے ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا!	فروغِ شعلۂ خس
پاس: خیال ناموس: عزت، شرف وفا: محبت کا نبھانا وفا کی عزت بچانے کا خیال	فروغِ شعلۂ خس، یک نفس ہے ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا!	پاسِ ناموسِ وفا
بے خودی: اپنے وجود کو فراموش کرنا جس سے وجود کی قید سے آزاد ہوکر وسعت میں مل جائیں محیط: سمندر، احاطہ کرنے	نفس، موجِ محیطِ بے خودی ہے تغافل ہائے ساقی کا گلا کیا!	موجِ محیطِ بے خودی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		والا بے خودی کے سمندر (وسعت) کی لہر
تغافل ہائے ساقی	نفس، موجِ محیطِ بے خودی ہے تغافل ہائے ساقی کا گلا کیا!	ساقی کی دانستہ بے رخی
دماغِ عطرِ پیراہن	دماغِ عطرِ پیراہن نہیں ہے غمِ آوارگی ہائے صبا کیا!	دماغ: برداشت، غرور، میلان عطرِ پیراہن: لباس کی خوشبو لباس کی خوشبو کی رغبت
غمِ آوارگی ہائے صبا	دماغِ عطرِ پیراہن نہیں ہے غمِ آوارگی ہائے صبا کیا!	صبا کے اِدھر اُدھر بھٹکنے کی فکر (محبوب کے لباس میں بسی ہوئی خوشبو کو اگر صبا منتشر بھی کر دے تو اس کا غم کیا فکر)
دل ہر قطرہ	دلِ ہر قطرہ، ہے سازِ انا البحر ہم اس کے ہیں، ہمارا پوچھنا کیا!	قطرہ: بوند یہاں مراد ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز دل: اندور، باطن/ ہر قطرے کا دل یعنی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی چیز کا باطن
سازِ انا البحر	دلِ ہر قطرہ، ہے سازِ انا البحر ہم اس کے ہیں، ہمارا پوچھنا کیا!	ساز: باجا، سنگیت انا البحر: میں سمندر ہوں ''میں سمندر ہوں'' (کے

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
راگ الاپنے) والا باجا		
شہیدان: شہید کی جمع (محبوب کی) نگاہ سے شہید ہونے والے	محابا کیا ہے؟ میں ضامن، اِدھر دیکھ شہیدانِ نگہہ کا خوں بہا کیا!	شہیدانِ نگہہ
غارت گر: برباد کرنے والا جنسِ وفا: وفا کی دولت مراد: وفا جیسی قیمتی شے کی قدر نہ کرنے والا یعنی محبوب	سُن اے غارت گرِ جنسِ وفا! سُن شکستِ قیمتِ دل کی صدا کیا!	غارت گرِ جنسِ وفا
شکست: ٹوٹنا، کم ہونا دل کی قیمت کم ہو جانا، دل کا بے وقعت ہونا، دل کا توڑنا دل کی قیمت کا گر جانا	سُن اے غارت گرِ جنسِ وفا! سُن شکستِ قیمتِ دل کی صدا کیا	شکستِ قیمتِ دل
شکیب: صبر؛ خاطر: دل عاشق کے دل کا صبر (جو بہت ہی کمزور ہوتا ہے)	کیا کس نے جگرداری کا دعویٰ؟ شکیبِ خاطرِ عاشق بھلا کیا!	شکیبِ خاطرِ عاشق
ایسا وعدہ جو دوسرے کے صبر کو آزمائش میں ڈال دے	یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟ یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا؟	وعدۂ صبر آزما
طاقت رُبا: طاقت کو زائل کر دینے والا ایسا فتنہ (شوخی) یا بلا جو تاب و توانائی ختم کر دے	یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟ یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا؟	فتنۂ طاقت رُبا
جان کے لیے مصیبت (اس موقع پر لفظ بلا، میں محبت کا	بلائے جاں ہے غالبؔ! اُس کی ہر بات عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا!	بلائے جاں

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		پہلو بھی شامل ہے یعنی مصیبت ہوتے ہوئے بھی بھلی لگتی ہے)
درخورِ قہر و غضب	درخورِ قہر و غضب جب کوئی ہم سا نہ ہوا پھر غلط کیا ہے کہ ہم سا کوئی پیدا نہ ہوا	درخور: لائق، قابل غصہ کیے جانے کے لائق، اس قابل کہ اس پر غصے کا اظہار کیا جا سکے
بُتِ آئینہ سیما	سب کو مقبول ہے دعویٰ تری یکتائی کا روبرو کوئی بُتِ آئینہ سیما نہ ہوا	بت: بہ معنی حسین محبوب آئینہ سیما: آئینہ جیسی (چمکدار) پیشانی چمکدار (حسین) پیشانی رکھنے والا محبوب
نازشِ ہم نامیِ چشمِ خوباں	کم نہیں نازشِ ہم نامیِ چشمِ خوباں تیرا بیمار، برا کیا ہے، گر اچھا نہ ہوا	نازش: فخر، غرور؛ ہم نامی: ایک نام ہونا چشمِ خوباں: حسینوں کی آنکھ (جسے بیمار کہا جاتا ہے) یہ فخر کہ برائے نام ہی سہی، حسینوں کی آنکھ سے برابری (بیمار ہوئے ہیں) ہے۔ مراد: خمار کی وجہ سے محبوب کی بیمار آنکھوں اور عاشق بیمار میں مناسبت، وجہ تمکنت ہے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
ہر بُنِ مو	ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر، نہ ٹپکے خوں ناب حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا	بُن: جڑ، بنیاد مو: بال؛ بنِ مو: بالوں کی جڑ
دمِ ذکر	ہر بُنِ مو سے دمِ ذکر، نہ ٹپکے خوں ناب حمزہ کا قصہ ہوا، عشق کا چرچا نہ ہوا	ذکر کرنے کے وقت، مراد عشق کی مصیبتوں کا بیان
دیدۂ بینا	قطرہ میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کل کھیل لڑکوں کا ہوا، دیدۂ بینا نہ ہوا	دیدہ: آنکھ بینا: دیکھنے والی دیکھنے والی آنکھ، مراد وہ آنکھ جو چیزوں کی تہہ تک اترنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
جنوں جولاں	اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سروپا ہیں کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو، پشت خار اپنا	جولاں: بھاگنے والا جنون کی وجہ سے مارا مارا پھرنے والا
گدائے بے سروپا	اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سروپا ہیں کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو، پشت خار اپنا	گدا: فقیر بے سروپا: بے سر و سامان، بے سہارا ایسا فقیر جس کا کوئی پرسانِ حال نہیں
پنجۂ مژگانِ آہو	اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سروپا ہیں کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو، پشت خار اپنا	پنجہ: ہتھیلی، پانچ انگلیاں مژگاں: پلکیں؛ آہو: ہرن ہرن کی پلکوں کا پنجہ (پشتِ خار کے خار اور مژگانِ آہو میں مناسبت ہے)

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
پُشتِ خار	اسدؔ! ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو، پشت خار اپنا	پشت خار: پیٹھ کھجانے کا آلہ
پئے نذرِ کرم	پئے نذرِ کرم، تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا بخوں غلطیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا	پئے: لیے، واسطے مہربانی (کے لیے) نذر پیش کرنے کی خاطر، بخشش (الٰہی) کی نذر کرنے کے لیے
شرمِ نارسائی	پئے نذرِ کرم، تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا بخوں غلطیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا	نارسائی: نہ پہنچنا، دور رہنا (خدا سے) دور رہنے کی شرمندگی
بخوں غلطیدۂ صد رنگ	پئے نذرِ کرم، تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا بخوں غلطیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا	بخوں غلطیدہ: خون میں لتھڑی ہوئی مرادنا کام صد رنگ: سیکڑوں طرح، سیکڑوں بارنا کام یعنی سیکڑوں مرتبہ ٹوٹی ہوئی (توبہ)
حُسنِ تماشا دوست	نہ ہو حُسنِ تماشا دوست رُسوا بے وفائی کا بہ مہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا	حسن: مرادمحبوب (ا) تماشا دوست: تماشے کو پسند کرنے والا محبوب جس کو (ہر طرح کا) تماشا دیکھنا پسند آتا ہے (ب) تماشا دوست: نمائش

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		پسند محبوب جس کو اپنا جلوہ دکھانا پسند ہے
بہ مُہرِ صد نظر	نہ ہو حُسنِ تماشا دوست رُسوا بے وفائی کا بہ مہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا	صد: سو؛ بہ مہر: مہر لگی ہوئی سیکڑوں نظروں کی مہر لگی ہوئی مراد جیسے سیکڑوں آنکھیں دیکھتی ہوں
زکاتِ حسن	زکاتِ حسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا چراغِ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا	حسن کی خیرات، حسن کا صدقہ
جلوۂ بینش	زکاتِ حسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا چراغِ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا	جلوہ: نور، نمودار بینش: عقل، بصیرت عقل کو روشن کرنے والا مراد: ذاتِ حق
چراغِ خانۂ درویش	زکاتِ حسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا چراغِ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا	چراغِ خانہ: گھر کا چراغ، گھر کو روشن کرنے والا درویش: فقیر فقیر کے گھر کا چراغ یعنی فقیر کے گھر (دل و دماغ) کو روشن کرنے والا
مانندِ خونِ بے گنہ	نہ مارا، جان کر بے جرم، غافل تیری گردن پر رہا مانندِ خونِ بے گنہ حق آشنائی کا	مانند: طرح خونِ بے گنہ: بے قصور کا خون (قتل) بے قصور کے قتل کے مانند

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
تمنائے زباں	تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا	تمنا: آرزو زباں: بولنے کی طاقت
		قوتِ گویائی قوتِ گویائی کی آرزو
محوِ سپاسِ بے زبانی	تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا	محو: معروف سپاس: شکر بے زبانی: زبان کا چُپ (گنگ) ہو جانا (زبان کے) خاموش ہو جانے پر شکر میں گم مراد یہ کہ زبان گنگ ہو جانا باعثِ شکر ہے
شکوۂ بے وسعت و پائی	تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا	شکوہ: شکایت بے دست و پائی: مجبوری، لاچاری لاچاری کی شکایت
نکہتِ گل	وہی اک بات ہے جو یاں نفس، واں نکہتِ گل ہے چمن کا جلوہ، باعث ہے مری رنگیں نوائی کا	نکہت: خوشبو، گل: پھول پھول کی خوشبو
چشمِ روزن	ہم اور وہ بے سبب رنج آشنا دشمن کہ رکھتا ہے شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر	روزن کی آنکھ مراد سوراخ / روزن جو جھانکتی ہوئی آنکھ کے مشابہ ہے
فروغِ طالعِ خاشاک	فنا کو سونپ کر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر	گھاس پھوس کی قسمت کا بلند ہونا یعنی گھاس پھوس کی نشوونما
مشقِ ناز	اسد بسمل ہے کس انداز کا، قاتل سے کہتا ہے کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پر	عاشقوں پر ستم ڈھانے کی مشق/ناز و ادا سے ستم ڈھانے کی مشق
خونِ دو عالم	اسد بسمل ہے کس انداز کا، قاتل سے کہتا ہے کہ مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم میری گردن پر	دنیا و آخرت کی بربادی
ناصیہ فرسا	مٹ جائے گا سر، گر ترا پتھر نہ گھسے گا ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور	پیشانی رگڑنے والا مراد سجدہ کرنے والا
فلکِ پیر	ہاں، اے فلکِ پیر جواں تھا ابھی عارف کیا تیرا بگڑتا، جو نہ مرتا کوئی دن اور	بوڑھا آسمان
ماہِ شبِ چاردہم	تم ماہِ شبِ چاردہم تھے مرے گھر کے پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور	چودھویں رات کا چاند
داد و ستد	تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور	لین دین
ملک الموت	تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور	موت کا فرشتہ

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
جواں مرگ	گزری نہ، بہرحال یہ مدت خوش و ناخوش کرنا تھا جواں مرگ گزارا کوئی دن اور	جوانی میں مرنے والا/ جوانی کی موت
مانندِ صبح و مہر	فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز	صبح اور سورج کی طرح
داغِ عشق	فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز	عشق کا داغ
زینتِ جیب کفن	فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز	کفن کے گریباں کی زیبائش
نازِ مفلساں	ہے نازِ مفلساں زر از دست رفتہ پر ہوں گل فروش شوخیِ داغِ کہن ہنوز	مفلسوں کے لیے فخر کا باعث
زر از دست افتد	ہے نازِ مفلساں زر از دست رفتہ پر ہوں گل فروش شوخیِ داغِ کہن ہنوز	ہاتھ سے گئی ہوئی دولت
گل فروش	ہے نازِ مفلساں زر از دست رفتہ پر ہوں گل فروش شوخیِ داغِ کہن ہنوز	پھول بیچنے والا
شوخیِ داغِ کہن	ہے نازِ مفلساں زر از دست رفتہ پر ہوں گل فروش شوخیِ داغِ کہن ہنوز	پرانے داغ کی چمک
مے خانۂ جگر	مے خانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں خمیازہ کھینچے ہے بتِ بیدادِ فن ہنوز	جگر کا شراب خانہ مراد میخانہ (جگر کو ہی میخانہ تصور کیا ہے)
بتِ بیدادفن	مے خانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں خمیازہ کھینچے ہے بتِ بیدادِ فن ہنوز	محبوب جو ظلم کے فن میں ماہر ہے
حریفِ مطلب مشکل	حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز دعا قبول ہو یا رب کہ عمرِ خضر دراز	خضر کی عمر یعنی عمر جاوداں
بیاباں نوردِ وہمِ وجود	نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز	اپنے ہونے کے وہم کے جنگل میں بھٹکنے والا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		یعنی وجود کی خوش فہمی میں مبتلا!
نشیب وفراز	نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز	اتار چڑھاؤ
وصالِ جلوہ	وصالِ جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں کہ دیجیے آئینہ انتظار کو پرواز	جلوے کا دیدار
آئینۂ انتظار	وصالِ جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں کہ دیجیے آئینہ انتظار کو پرواز	انتظار کا آئینہ/ انتظار کا سلیقہ
ذرۂ عاشق	ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست گئی نہ خاک ہوے پر ہوائے جلوۂ ناز	عاشق کی خاک کا ذرہ/ عاشق کا خمیر
ہوائے جلوۂ ناز	ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست گئی نہ خاک ہوے پر ہوائے جلوۂ ناز	حسن کے دیدار کی تمنا/ ہوس
وسعتِ میخانۂ جنوں	نہ پوچھ وسعتِ میخانۂ جنوں غالب! جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز	دیوانگی کے مے خانے کی وسعت یعنی دیوانگی کی وسعت
کاسہ گردوں	نہ پوچھ وسعتِ میخانۂ جنوں غالب! جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز	آسماں کا پیالہ یعنی پیالہ نما آسمان
خاک انداز	نہ پوچھ وسعتِ میخانۂ جنوں غالب! جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز	کوڑا پھینکنے کا برتن/ ڈسٹ بن
وسعتِ سعیِ کرم	وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سر خاک گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز	بے پایاں مہربانی کا شوق و کاوش
سرتاسرخاک	وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سر خاک گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز	اس سرے سے اس سرے تک خاک

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
آبلہ پا	وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سر خاک گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز	جس کے پاؤں میں چھالے ہوں
ابرِ گہربار	وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سر خاک گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز	موتی برسانے والا بادل/مہربان
کاغذِ آتش زدہ	یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت نقشِ پا میں ہے تپ گرمیِ رفتار ہنوز	جلا ہوا کاغذ
صفحۂ دشت	یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت نقشِ پا میں ہے تپ گرمیِ رفتار ہنوز	جنگل یا صحرا کا دامن
نقشِ پا	یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت نقشِ پا میں ہے تپ گرمیِ رفتار ہنوز	پاؤں کا نشان
تپ گرمیِ رفتار	یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت نقشِ پا میں ہے تپ گرمیِ رفتار ہنوز	رفتار کی تیزی سے پیدا ہونے والی گرمی
گلِ نغمہ	نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز میں ہوں اپنی شکست کی آواز	پھول کی طرح شگفتہ آواز کسی ساز سے نکلا ہوا خوبصورت گیت
پردۂ ساز	نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز میں ہوں اپنی شکست کی آواز	ساز کا وہ حصہ جس کے ارتعاش سے نغمہ پیدا ہوتا ہے
آرایشِ خمِ کاکل	تو اور آرایشِ خمِ کاکل میں اور اندیشہ ہائے دور دراز	پیچ دار زلفوں کی سجاوٹ زیبایش
اندیشہ ہائے دور دراز	تو اور آرایشِ خمِ کاکل میں اور اندیشہ ہائے دور دراز	طرح طرح کے اندیشے اور وسوسے
لافِ تمکیں	لافِ تمکیں فریبِ سادہ دلی ہم ہیں اور راز ہائے سینہ گداز	شان و شوکت شیخی بگھارنا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
سیدھے پن کے باعث دھوکا کھانا	لاف تمکیں فریب سادہ دلی ہم ہیں اور راز ہائے سینہ گداز	فریب سادہ دلی
دل کو پگھلا دینے والا راز	لاتمکین فریب سادہ دلی ہم ہیں اور راز ہائے سینہ داز	راز ہائے سینہ گداز
شکاری کی محبت میں گرفتار	ہوں گرفتارِ الفتِ صیاد ورنہ باقی ہے طاقتِ پرواز	گرفتارِ الفتِ صیاد
اڑنے کی طاقت	ہوں گرفتارِ الفتِ صیاد ورنہ باقی ہے طاقتِ پرواز	طاقتِ پرواز
ناز کی حسرت ناز و انداز کی تمنا	وہ بھی دن ہو کہ اس ستم گر سے ناز کھینچوں بجائے حسرتِ ناز	حسرتِ ناز
لہو کی بوند قوت	نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خوں جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گل باز	قطرۂ خوں
پھولوں سے کھیلنے والی	نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خوں جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گل باز	گل باز
نیاز مند پیشانی کے سجدوں کی ادائیگی، بہت زیادہ نیاز مندی کا اظہار، عاجزی اور نیاز مندی کا سجدہ	تو ہوا جلوہ گر مبارک ہو ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز	ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز
عشق باز شرابی	اسد اللہ خاں تمام ہوا اے دریغا! وہ رندِ شاہد باز	رندِ شاہد باز
قید ہونے کا جذبہ شوق	مژدہ اے ذوقِ اسیری کہ نظر آتا ہے دامِ خالی، قفسِ مرغ گرفتار کے پاس	ذوقِ اسیری

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
قید کیے ہوئے پرندے کا پنجرہ، چڑیا کا پنجرہ	مژدہ اے ذوقِ اسیری کہ نظر آتا ہے دامِ خالی، قفسِ مرغ گرفتار کے پاس	قفسِ مرغِ گرفتار
تکلیف کا انتہائی خواہش مند جگر، تکلیف کا پیاسا	جگرِ تشنۂ آزار، تسلی نہ ہوا جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس	جگرِ تشنۂ آزار
خون کی نہر	جگرِ تشنۂ آزار، تسلی نہ ہوا جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس	جوئے خوں
ہر کانٹے کی جڑ، کانٹوں کی جڑیں	جگرِ تشنۂ آزار، تسلی نہ ہوا جوئے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس	بُنِ ہر خار
دہن: منہ شیر کا منہ	دہنِ شیر میں جا بیٹھیے، لیکن اے دل! نہ کھڑے ہو جیے خوبانِ دل آزار کے پاس	دہنِ شیر
خوبان: خوبصورت لوگ دل آزار: دل کو تکلیف پہنچانے والے دل کو تکلیف پہنچانے والے حسین لوگ، معشوق ستم ظریف	دہنِ شیر میں جا بیٹھیے، لیکن اے دل! نہ کھڑے ہو جیے خوبانِ دل آزار کے پاس	خوبانِ دل آزار
گوشہ: کونا، سرا، کنارہ دستار: پگڑی، عمامہ پگڑی کا کونا	دیکھ کر تجھ کو، چمن بسکہ نمو کرتا ہے خود بخود پہنچے ہے گل، گوشۂ دستار کے پاس	گوشۂ دستار
وحشی: جسے انسانوں سے وحشت (گھبراہٹ) ہوتی ہے	مر گیا پھوڑ کے سر غالبؔ وحشی، ہے ہے! بیٹھنا اُس کا وہ آ کر تری دیوار کے پاس	غالبؔ وحشی

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
آبادی سے دور رہنے والا غالب		
فولاد کے آئینے کی وہ لکیریں جو خس (کی مانند) نظر آتی ہیں	نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش	خسِ جوہر
سبزہ: روئیدگی نوعمری میں چہرے پر نکلنے والا ابتدائی رواں، ہرا پن	نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش	سبزۂ خط
خانہ: گھر آئینے کا گھر	نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش	خانۂ آئینہ
نگار: محبوب، حسین معشوق رو: چہرہ، رخ حسین معشوق کا چہرہ	نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے لگاوے خانۂ آئینہ میں روئے نگار آتش	روئے نگار
فروغ: بڑھنا، ترقی؛ روشنی، چمک حسن کی شدت	فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش	فروغِ حسن
عاشق کی پریشانی کا حل	فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش	حلِ مشکلِ عاشق
راستے سے نکلنے والی پگڈنڈی	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	جادۂ رہ
شام کا وقت	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	وقتِ شام

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
شعاع: روشنی کی کرن کرن کا تار، کرن سے بننے والی لکیر	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	تارِ شعاع
نو: نیا نیا چاند	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	ماہِ نو
رخصت کی گود یعنی روانگی کا وقت	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع	آغوشِ وداع
رخ: چہرہ نگار: محبوب محبوب کا چہرہ	رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع ہوئی ہے آتشِ گل، آبِ زندگانیِ شمع	رخِ نگار
سوز: جلن، تپش جاودانی: دائمی، ہمیشہ رہنے والا شمع کی دائمی تپش شمع کا ہمیشہ جلتے رہنا	رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع ہوئی ہے آتشِ گل، آبِ زندگانیِ شمع	سوزِ جاودانیِ شمع
آتش: آگ گل: پھول پھول کی آگ یعنی شوخ رنگ	رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع ہوئی ہے آتشِ گل، آبِ زندگانیِ شمع	آتشِ گل
بہ: ساتھ ایما: اشارہ شعلہ: لپٹ شعلے کے اشارے کے ساتھ	کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ، قصہ تمام بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع	بہ ایمائے شعلہ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
بہ: ساتھ اہلِ فنا: ناپید ہونے والے لوگ طرز: طریقہ فنا کو پسند کرنے والوں کے طرز پر	کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ، قصہ تمام بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع	بہ طرزِ اہلِ فنا
فسانہ: قصہ خوانی: کہنا شمع کا قصہ کہنا	کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ، قصہ تمام بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع	فسانہ خوانیِ شمع
ناتوانی: ناطاقتی شمع کی ناطاقتی اور کمزوری	غم اُس کو حسرتِ پروانہ کا ہے اے شعلہ! ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع	ناتوانیِ شمع
بہ: ساتھ جلوہ ریزی: جلوہ بکھیرنا ہوا کی جلوہ ریزی یعنی ہوا کے چلنے کے ذریعے	ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع	بہ جلوہ ریزیِ باد
بہ: ساتھ پرفشانی: پر بکھیرنا شمع کے پر جھاڑنے یعنی روشنی بکھیرنے کے ذریعے	ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع	بہ پرفشانیِ شمع
نشاط: خوشی غمِ عشق: عشق کی تکلیف داغ: نشان عشق کے غم کے داغ کی	نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ شگفتگی ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع	نشاطِ داغِ غمِ عشق

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
سرشاری		
شہید: راہِ حق میں جان دینے والا گل: پھول، چراغ کی بتی کا جلتا ہوا سرا خزانی (خزاں) بربادی محبوب کی بربادی اس طرح ہوئی جیسے شمع کا گل گر جاتا ہے	نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہا نہ پوچھ شگفتگی ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع	شہیدِ گلِ خزانیِ شمع
بالیں: سرہانہ، تکیہ یار: محبوب محبوب کا سرہانہ	جلے ہے دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغِ بدگمانیِ شمع	بالینِ یار
داغ: نشان، زخم بدگمانی: برا شبہ کرنا شمع کی بدگمانی کا زخم	جلے ہے دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغِ بدگمانیِ شمع	داغِ بدگمانیِ شمع
بیم: خوف رقیب: نگراں، پاسبان نگراں کا خوف	بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش مجبور، یاں تلک ہوے اے اختیار حیف	بیمِ رقیب
وداع: رخصت ہوش: عقل بیخود یا بے ہوش ہونا (رقیب کے خوف کی وجہ سے ہم بیخود ہونا پسند نہیں کرتے)	بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش مجبور، یاں تلک ہوے اے اختیار حیف	وداعِ ہوش

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ناتمامی: ادھوراپن نفس: سانس، دم شعلہ بار: شعلہ برسانے والا شعلہ برسانے والی سانس کی ناکامی	جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے اے ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار حیف	ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار
طفلان جمع طفل بمعنی بچہ بے پروا: بےتوجہ لاپروا بچے	زخم پر چھڑکیں کہاں طفلانِ بے پروا نمک کیا مزہ ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک	طفلانِ بے پروا
گرد: دھول راہ: راستہ یار: محبوب محبوب کے راستے کی دھول	گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک	گردِ راہِ یار
سامان: اسباب ناز: فخر، غرور زخمِ دل: دل کا زخم دل کے زخموں کے لیے فخر کا سامان	گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک	سامانِ نازِ زخمِ دل
نالہ: فریاد بلبل: ایران کا ایک گانے والا پرندہ پرندہ (بلبل) کی فریاد	مجھ کو ارزانی رہے، تجھ کو مبارک ہو جیو نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک	نالۂ بلبل
خندہ: ہنسی گل: پھول (محبوب)	مجھ کو ارزانی رہے، تجھ کو مبارک ہو جیو نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک	خندۂ گل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		محبوب کی ہنسی
شورِ جولاں	شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا کہ آج گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا نمک	شور: غل جولاں: کاوا دینا گھوڑے کے گھمانے پھرانے کا غل
گردِ ساحل	شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا کہ آج گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا نمک	گرد: دھول ساحل: دریا یا سمندر کا کنارہ دریا کے کنارے کی دھول
بہ زخمِ موجۂ دریا	شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا کہ آج گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا نمک	بہ: ساتھ زخم: گھاؤ موجہ، لہر، موج دریا کی لہروں کے زخم سے
زخمِ جگر	داد دیتا ہے مرے زخمِ جگر کی واہ واہ یاد کرتا ہے مجھے، دیکھے ہے وہ جس جا نمک	جگر: کلیجہ زخم: گھاؤ جگر کا زخم یا تکلیف
تنِ مجروحِ عاشق	چھوڑ کر جانا تنِ مجروحِ عاشق، حیف ہے دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگے ہیں اعضا نمک	تن: جسم، بدن مجروح: زخمی عاشق کا زخمی بدن
پےِ توقیرِ درد	غیر کی منت نہ کھینچوں گا پےِ توقیرِ درد زخم مثلِ خندۂ قاتل ہے سر تا پا نمک	پے: واسطے، وسیلہ سے، طفیل میں توقیر: بڑائی، عزت کرنا درد کا رتبہ بڑھانے کے لیے

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
مثل: طرح، خندہ: ہنستا ہوا قاتل: قتل کرنے والا معشوق کی ہنسی کی طرح	غیر کی منت نہ کھینچوں گا پےِ توقیرِ دردِ زخم مثلِ خندۂ قاتل ہے سر تاپا نمک	مثلِ خندۂ قاتل
وجد: حالت ذوق و شوق کی بیخودی ذوق: چاشنی، مزہ، لذت انتہائی سرور و لطف کی حالت، شوق کی محویت کا عالم	یاد ہیں غالبؔ! تجھے وہ دن کے وجدِ ذوق میں زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک	وجدِ ذوق
دام: جال موج: لہر ہر موج کا جال	دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک	دامِ ہر موج
حلقہ: گھیرا صد کام نہنگ: سینکڑوں منھ والے گھڑیال (انسان کو کامیابی حاصل کرنے کے لیے سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے)	دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک	حلقۂ صد کام نہنگ
پرتو: پرچھائیں خور: سورج (خورشید کا مخفف) دھوپ	پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک	پرتوِ خور
گرمی: جوش بزم: محفل	یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی، غافل گرمیِ بزم ہے اک رقصِ شرر ہونے تک	گرمیِ بزم

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
محفل کا جوش		
رقص: ناچ شرر: آگ کی چنگاری چنگاری کا ناچنا	یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی، غافل گرمیِ بزم ہے اک رقصِ شرر ہونے تک	رقصِ شرر
یقین: بھروسہ، اعتماد اجابت: قبولیت قبولیت کا یقین	گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت، دعا نہ مانگ یعنی بغیرِ یک دلِ بے مدّعا، نہ مانگ	یقینِ اجابت
بغیر: بنا یک: ایک مدّعا: آرزو اس دل کے بغیر جس میں کوئی آرزو نہ ہو	گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت، دعا نہ مانگ یعنی بغیرِ یک دلِ بے مدّعا، نہ مانگ	بغیر یک دلِ بے مدّعا
داغ: نشانِ زخم حسرتِ دل: دل کے ارمان دل کے ارمانوں کے زخموں کا تخمینہ رحساب	آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ	داغِ حسرتِ دل
ہلاک: نابود فریب: دھوکہ پھول کے	ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل	ہلاکِ فریبِ وفائے گل
ثبات (وفا) کے دھوکے وفا: دوستی میں ہونے والی ہلاکت گل: (محبوب) پھول		

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
آزادی: آزادی نسیم: ہلکی خوشگوار ہوا ہوا کی آزادی	آزادیِ نسیم مبارک! کہ ہر طرف ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گل	آزادیِ نسیم
حلقہ: گھیرا دام: جال (بوئے گل کے جال کے حلقے) ہوا: آرزو (یعنی خوشبو کو گھیرنے کی ساری کوششیں) گل: پھول (محبوب)	آزادیِ نسیم مبارک! کہ ہر طرف ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گل	حلقۂ دامِ ہوائے گل
موج: لہر رنگ: انداز انداز کی لہر	جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مرگیا اے وائے! نالۂ لبِ خونیں نوائے گل	موجِ رنگ
نالہ: فریاد لب: ہونٹ خونیں: خون آلود خون آلود ہونٹوں کی فریاد	جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مرگیا اے وائے! نالۂ لبِ خونیں نوائے گل	نالۂ لبِ خونیں
نوا: آواز گل: پھول (محبوب) پھول کی آواز/یعنی محبوب کی آواز	جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مرگیا اے وائے! نالۂ لبِ خونیں نوائے گل	نوائے گل
حریف: ہم پیشہ، دشمن سیہ مست: بدمست، مدہوش مدہوش دشمن	خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل، سر بہ پائے گل	حریفِ سیہ مست

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
مثل: جیسے، طرح سایہ: پرچھائیں، پرتو، عکس پھول کے سایے کی طرح	خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل، سر بہ پاے گل	مثلِ سایۂ گل
بہ: ساتھ پائے گل: پھول کے پاؤں۔ پھول بمعنی محبوب گل کے پاؤں پر سر رکھنا (گل استعارہ ہے محبوب کا) محبوب کے قدموں پر اپنا سر رکھتا ہو	خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو رکھتا ہو مثلِ حایۂ گل، سر بہ پاے گل	سر بہ پائے گل
نفس: جان، روح، وجود، سانس عطر: خوشبو (سایہ: پرتو، عکس) گل (محبوب) کے سایے کی خوشبو	ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار میرا رقیب ہے نفسِ عطر ساے گل	نفسِ عطر سائے گل
باد: ہوا بہار: خوشی، شباب بہار کی ہوا	شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل	بادِ بہار
مینا: جام، شراب کی بوتل شراب سے خالی جام	شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل	مینائے بے شراب
گل: پھول (محبوب) گل کی آرزو سے خالی دل	شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل	دلِ بے ہوائے گل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
جلوۂ حسنِ غیور	سطوت سے تیرے جلوۂ حُسنِ غیور کی خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گل	جلوہ: دیدار حسن: خوبصورت غیور: بہت غیرت کرنے والا غیرت مند معشوق کا جلوہ
رنگِ ادائے گل	سطوت سے تیرے جلوۂ حُسنِ غیور کی خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گل	رنگ: انداز ادائے گل: پھول (محبوب) کی ادا محبوب کی ادا کا انداز
گل درقفائے گل	تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک بے اختیار دوڑے ہے گل درقفائے گل	گل: پھول در: میں قفا: پچھلا حصہ، پیچھے قفائے گل: پھول کا پچھلا حصہ ایک پھول کے بعد دوسرا پھول کھلنا
ہم آغوشی آرزو	غالب! مجھے ہے اس سے ہم آغوشی آرزو جس کا خیال ہے گلِ جیبِ قبائے گل	ہم آغوشی: بغل گیری آرزو: خواہش ہم آغوشی کی آرزو یعنی وصل کی خواہش
گلِ جیب قبائے گل	غالب! مجھے ہے اس سے ہم آغوشی آرزو جس کا خیال ہے گلِ جیب قبائے گل	جیب: گریبان قبا: لباس محبوب کے لباس کے گریبان کا پھول

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
شمع: شمع ماتم خانہ: ماتم کا گھر ماتم خانہ کی شمع	غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم	شمعِ ماتم خانہ
گنجفہ ایک کھیل کا نام گنجفہ باز: گنجفہ کھیلنے والا خیال کی بازی کھیلنے والا	مخلیس برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ ہم	گنجفہ بازِ خیال
ورق گردانی: ورق پلٹنا نیرنگِ یک بت خانہ: ایک بت کی رنگارنگی ورق گردانی نیرنگِ یک بت خانہ: بت خانے کی مختلف تصویروں کی ورق گردانی (بت خانے کی تصویروں کا البم تصور کیا ہے)	مخلیس برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بت خانہ ہم	ورق گردانی نیرنگ یک بت خانہ
باوجود: اگرچہ یک: ایک جہان: دنیا ہنگامہ: تماشا، بلوہ، بھیڑ بہت زیادہ ہنگامہ اور جوش و خروش کے باوجود	باوجودِ یک جہاں ہنگامہ، پیدائی نہیں ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم	باوجودِ یک جہاں ہنگامہ
دلِ پروانہ: پروانے کا دل شبستانِ دلِ پروانہ: پروانے کے دل کی محفل	باوجودِ یک جہاں ہنگامہ، پیدائی نہیں ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم	چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ: پروانے کے دل کی محفل میں ہونے والے بہت سے چراغوں کی روشنی
ترکِ جستجو	ضعف سے ہے، نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم	ترک: چھوڑنا جستجو: کوشش کوشش چھوڑنا
وبالِ تکیہ گاہِ ہمت مردانہ	ضعف سے ہے، نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم	ہمت مردانہ: بہادری تکیہ گاہ: فقیر کی کٹیا وبال: مصیبت بہادروں کی تکیہ گاہ کے لیے مصیبت
دائم الحبس	دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں اسدؔ جانتے ہیں سینۂ پرخوں کو زنداں خانہ ہم	ہمیشہ کی قید دائم: ہمیشہ حبس: قید ہمیشہ کے لیے قید
سینۂ پرخوں	دائم الحبس آئیں ہیں لاکھوں تمنائیں اسدؔ جانتے ہیں سینۂ پرخوں کو زنداں خانہ ہم	پرخوں: خون سے بھرا ہوا سینہ: سینہ خون سے بھرا ہوا سینہ یعنی زخموں سے بھرا ہوا سینہ
حاصلِ دل بستگی	بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر متاعِ خانۂ زنجیر، جز صدا، معلوم!	حاصل: منافع، نتیجہ دل بستگی: جی بہلنا، دل لگنا دل لگانا یعنی الفت و محبت ہونا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
متاع: پونجی، سامان، اثاثہ خانۂ زنجیر: قید خانہ قید خانہ کی دولت	بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر متاعِ خانۂ زنجیر، جز صدا، معلوم!	متاعِ خانۂ زنجیر
دیار: ملک، شہر غیر: اجنبی، بیگانہ بمعنی پردیس	مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم	دیارِ غیر
حلقہ: گھیرا زلف: گندھے ہوئے بال محبوب کی زلفوں کا جال	وہ حلقہ ہائے زلف کمیں میں ہیں اے خدا رکھ لیجو میرے دعویٔ وارستگی کی شرم	حلقہ ہائے زلف
دعویٰ: درخواست، خواہش وارستگی: آزادی، بے پروائی آزاد رہنے کی خواہش	وہ حلقہ ہائے زلف کمیں میں ہیں اے خدا رکھ لیجو میرے دعویٔ وارستگی کی شرم	دعویٔ وارستگی
بخت: نصیب، قسمت خفتہ: سویا ہوا سویا ہوا نصیب	لوں وام بختِ خفتہ سے یک خوابِ خوش ولے غالب یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں	بختِ خفتہ
اچھا خواب	لوں وام بختِ خفتہ سے یک خوابِ خوش ولے غالب یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں	خوابِ خوش
فرصت: مہلت کاروبارِ شوق: عشق کا شغل، عشق کا دھندا عشق کے مشغلہ کے لیے مہلت	فرصتِ کاروبارِ شوق کسے ذوقِ نظارۂ جمال کہاں	فرصتِ کاروبارِ شوق

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
ذوقِ نظارۂ جمال کہاں	فرصتِ کاروبارِ شوق کسے ذوقِ نظارۂ جمال کہاں	ذوق: مزہ، لطف، شوق نظارہ: دیکھنا، نظر ڈالنا، دیدار جمال: حسن، خوبصورتی حسن کے دیدار کا شوق محبوب کی خوبصورتی کے نظارے (دیدار) کا شوق
شورِ سودائے خط و خال	دل تو دل، وہ دماغ بھی نہ رہا شورِ سودائے خط و خال کہاں	شور: ہنگامہ سودا: دیوانگی خط و خال: چہرہ مہرہ محبوب کے حسن کی دیوانگی کا شور (ہنگامہ)
رعنائیِ خیال	تھی وہ اک شخص کے تصور سے اب وہ رعنائیِ خیال کہاں	رعنائی: خود آرائی خیال: تصور خیال کی خود آرائی
قمار خانۂ عشق	ہم سے چھوٹا قمار خانۂ عشق واں جو جاویں، گرہ میں مال کہاں	قمار خانہ: جواخانہ عشق: ازحد پیار عشق کا قمار خانہ
فکرِ دنیا	فکرِ دنیا میں سر کھپاتا ہوں میں کہاں اور یہ وبال کہاں	فکر: سوچ دنیا کی فکر
پریشانیِ خاطر	آج ہم اپنی پریشانیِ خاطر اُن سے کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے کیا کہتے ہیں	دل کی پریشانی
اندوہ ربا	اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، انھیں کچھ نہ کہو جو مے و نغمہ کو اندوہ ربا کہتے ہیں	رنج و غم چھیننے والا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
فہم/عقل کی حد	ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں	سرحدِ ادراک
سمتِ قبلہ معلوم کرنے کا آلہ	ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں	قبلہ نما
زخمی پاؤں	پاے افگار پہ جب سے تجھے رحم آیا ہے خارِ رہ کو ترے ہم مہرِ گیا کہتے ہیں	پاے افگار
راستے کے کانٹے	پاے افگار پہ جب سے تجھے رحم آیا ہے خارِ رہ کو ترے ہم مہرِ گیا کہتے ہیں	خارِ رہ
ایک جنگلی بوٹی جس کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ جس کے پاس ہوتی ہے لوگ اس پر مہربان ہوجاتے ہیں	پائے افگار پہ جب سے تجھے رحم آیا ہے خارِ رہ کو ترے ہم مہرِ گیا کہتے ہیں	مہرِ گیا
خدا کا نام مراد ماشاءاللہ کہہ کہہ کر تعریف کرنا	دیکھیے لاتی ہے اس شوخ کی نخوت کیا رنگ! اس کی ہر بات پہ ہم "نامِ خدا" کہتے ہیں	نامِ خدا
پریشان حالی میں صدائیں لگانے والا یعنی دیوانہ	وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید مرگیا غالب آشفتہ نوا کہتے ہیں	آشفتہ نوا
لباس کے لیے شرم کا باعث	آبرو کیا خاک اس گُل کی کہ گلشن میں نہیں ہے گریباں ننگِ پیراہن، جو دامن میں نہیں	ننگِ پیراہن
سورج کی کرنیں (یعنی سورج کی کرنیں بھی محبوب کو دیکھنے کے لیے جمع ہوگئی ہیں گویا سورج بھی	ہوگئے ہیں جمع اجزائے نگاہِ آفتاب ذرے، اس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں	اجزائے نگاہِ آفتاب

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		محبوب کو دیکھنے کا مشتاق ہے)
تاریکیِ زندانِ غم	کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے پنبہ، نورِ صبح سے کم، جس کے روزن میں نہیں	غم کو قید خانہ تصور کیا گیا ہے۔ غم کے قید خانے کا اندھیرا
نورِ صبح	کیا کہوں تاریکیِ زندانِ غم، اندھیر ہے پنبہ، نورِ صبح سے کم، جس کے روزن میں نہیں	صبح کا نور صبح کی روشنی
رونقِ ہستی	رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے انجمن بے شمع ہے، گر برق خرمن میں نہیں	کائنات کی رونق، چہل پہل
عشقِ خانہ ویراں ساز	رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے انجمن بے شمع ہے، گر برق خرمن میں نہیں	گھروں کو ویران کر دینے والا عشق
زخمِ سوزن	زخم سلوانے سے، مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن غیر سمجھا ہے کہ لذت زخمِ سوزن میں نہیں	(زخموں کو سینے والی) سوئی کے زخم
بہارِ ناز	بسکہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے جلوۂ گل کے سوا، گرد اپنے مدفن میں نہیں	ناز و انداز دکھانے والا معشوق
جلوۂ گل	بسکہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے جلوۂ گل کے سوا، گرد اپنے مدفن میں نہیں	پھولوں کا نظارہ
ذوقِ درد	قطرہ قطرہ، اک ہیولیٰ ہے نئے ناسور کا خوں بھی ذوقِ درد سے فارغ مرے تن میں نہیں	درد کی لذت
قلزم آشامی	لے گئی ساقی کی نخوت، قلزم آشامی مری موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں	قلزم: سمندر سمندر کے سمندر شراب کا پی جانا ریعنی کثرت شراب نوشی بہت زیادہ شراب کا پینا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
شراب کی موج	لے گئی ساقی کی نخوت، قلزم آشامی مری موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں	موجِ مے
کمزوری کا دباؤ یعنی ناتوانی کی شدت	ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود! قد کے جھکنے کی بھی گنجایش مرے تن میں نہیں	فشارِ ضعف
مٹھی بھر گھاس	تھی وطن میں شان کیا غالب! کہ ہو غربت میں قدر بے تکلف، ہوں وہ مشتِ خس کہ گلخن میں نہیں	مُشتِ خس
محبوب کے ناز و انداز کی تعریف	عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آ سکا گر اک ادا ہو تو اسے اپنی قضا کہوں	مدحِ ناز
	حلقے ہیں چشم ہائے کشادہ بہ سوئے دل ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں	چشم ہائے کشادہ بہ سوئے دل
تار: بال زلفوں کے ایک ایک بال	حلقے ہیں چشم ہائے کشادہ بہ سوئے دل ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں	تارِ زلف
سرمے سے بھری ہوئی آنکھ (یعنی وہ آنکھ سرمہ لگائے نہ لگائے ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے سرمہ لگائے ہوئی ہے)	حلقے ہیں چشم ہائے کشادہ بہ سوئے دل ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں	نگہِ سرمہ سا
کلیجے کو زخمی کر دینے والی آواز دِل کو چیر دینے والی آہیں	میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش تو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں	نوائے جگر خراش
غیروں کے طنز دشمنوں کے طعنے	مصنف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اٹھا بھی نہ سکوں	طعنۂ اغیار
شراب نوشی کے وقت	ہم سے کھل جاؤ بوقتِ مے پرستی ایک دن ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی ایک دن	بوقتِ مے پرستی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
عذرِ مستی	ہم سے کھل جاؤ بوقتِ مے پرستی ایک دن ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھ کر عذرِ مستی ایک دن	نشے کی مستی کا بہانہ
غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں	غرّۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن	فنا ہو جانے والی دنیا کی بلندی پر مغرور
فاقہ مستی	قرض کی پیتے تھے مے، لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن	تنگ دستی میں خوش رہنا
نغمہ ہائے غم	نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل غنیمت جانیے بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن	دکھ درد کے گیت
سازِ ہستی	نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل غنیمت جانیے بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایک دن	وجود کا ساز مراد زندگی
سراپا ناز	دھول دھپّا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب! پیش دستی ایک دن	سر سے پاؤں تک اداؤں سے بھرا ہوا محبوب
پیش دستی	دھول دھپّا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب! پیشِ دستی ایک دن	سبقت، پہل
پائے سخن	کس منہ سے شکر کیجیے اس لطفِ خاص کا پرسش ہے اور پائے سخن درمیاں نہیں	پائے سخن: آپس میں بات چیت گفتگو کا سلسلہ
جاں گدازیِ قہر و عتاب	ہر چند جاں گدازیِ قہر و عتاب ہے ہر چند پشت گرمیِ تاب و تواں نہیں	محبوب کے ظلم اور غصے کی جان لیوا کیفیت
گرمیِ تاب و تواں	ہر چند جاں گدازیِ قہر و عتاب ہے ہر چند پشت گرمیِ تاب و تواں نہیں	
مطربِ ترانۂ ہل من مزید	جاں، مطربِ ترانۂ ہل من مزید ہے لب، پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں نہیں	کچھ اور کچھ اور کا نغمہ (یعنی اگرچہ جانِ ناتواں

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		میں ظلم سہنے کی سکت نہیں ہے پھر بھی جتنا بھی چاہے تو ظلم کیے جا ہم یہی کہیں گے بل من مزید یعنی اور ہاں اور)
پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں	جاں مطرب ترانۂ ھل من مزید ہے لب پردہ سنج نو مزمۂ الاماں نہیں	امان کا نغمہ گانے والا مراد امان کا طلب گار پردہ سنج: نغمہ سنج، گانے والا
تنگِ سینہ	ہے ننگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو ہے عارِ دل، نفس اگر آذر فشاں نہیں	سینے کے لیے باعثِ شرم
عارِ دل	ہے ننگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو ہے عارِ دل، نفس اگر آذر فشاں نہیں	دل کے لیے شرم کا باعث
آذر فشاں	ہے ننگِ سینہ، دل اگر آتش کدہ نہ ہو ہے عارِ دل، نفس اگر آذر فشاں نہیں	آذر: آگ آگ بکھیرنے والا
سجدۂ بت	کہتے ہو "کیا لکھا ہے تری سرنوشت میں"؟ گویا جبیں پہ سجدۂ بت کا نشاں نہیں	بُت کا سجدہ
روح القدس	پاتا ہوں اس سے داد کچھ اپنے کلام کی روح القدس اگرچہ مرا ہمزباں نہیں	پاک روح حضرت جبریل کا لقب
بہائے بوسہ	جاں ہے بہائے بوسہ، ولے کیوں کہے ابھی غالب کو جانتا ہے کہ وہ نیم جاں نہیں	بوسے کی قیمت/بدلہ
مانعِ دشت نوردی	مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں ایک چکّر ہے، مرے پانو میں زنجیر نہیں	صحرا میں بھٹکنے سے روکنے والی
نگہِ دیدۂ تصویر	شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں جادہ غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں	تصویر کی آنکھ میں جو نگاہ ہے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
حسرتِ لذتِ آزار	حسرتِ لذتِ آزار رہی جاتی ہے جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں	تکلیف سے لطف اٹھانے کی خواہش
جادۂ راہِ وفا	حسرتِ لذتِ آزار رہی جاتی ہے جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں	محبت کی شاہراہ سے نکلنے والا سیدھا پتلا راستہ عاشقوں کے لیے وفا کی راہ پر چلنا (تلوار کی دھار پر چلنے کے برابر ہے)
دمِ شمشیر	حسرتِ لذتِ آزار رہی جاتی ہے جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں	تلوار کی دھار
رنجِ نومیدیِ جاوید	رنجِ نومیدیِ جاوید! گوارا رہیو! خوش ہو گر نالہ زبونی کشِ تاثیر نہیں	کبھی ختم نہ ہونے والی مایوسی کا دُکھ
نالہ زبونی کشِ تاثیر	رنجِ نومیدیِ جاوید! گوارا رہیو! خوش ہو گر نالہ زبونی کشِ تاثیر نہیں	آہ وفغاں کی خرابی تاثیر کی احسان مند (نہیں ہے)
لذتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر	سر کھجاتا ہے، جہاں زخمِ سر اچھا ہوجاے لذتِ سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں	پتھر کھانے کا لطف تقریر یا بیان کے مطابق
رخصتِ بے باکی و گستاخی	جب کرم رخصتِ بے باکی و گستاخی دے کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں	چھیڑ چھاڑ کی اجازت
خجلتِ تقصیر	جب کرم رخصتِ بے باکی و گستاخی دے کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں	گناہ کی شرمندگی
مردمکِ دیدہ	مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں ہیں جمع سُویداے دلِ چشم میں آہیں	آنکھ کی پُتلی
سُویداے دلِ چشم	مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں ہیں جمع سُویداے دلِ چشم میں آہیں	آنکھ کی پتلی جو سیاہ ہوتی ہے (گویا آہوں سے وہ سیاہ

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		پڑگئی ہیں)
برشکالِ گریۂ عاشق	برشکالِ گریۂ عاشق ہے، دیکھا چاہیے کھل گئی مانندِ گل، سو جا سے دیوارِ چمن	عاشق کے رونے کی برسات
مانندِ گل	برشکالِ گریۂ عاشق ہے، دیکھا چاہیے کھل گئی مانندِ گل، سو جا سے دیوارِ چمن	پھول کی طرح
دیوارِ چمن	برشکالِ گریۂ عاشق ہے، دیکھا چاہیے کھل گئی مانندِ گل، سو جا سے دیوارِ چمن	باغ کی دیوار
دعوِیٰ وارستگی	الفتِ گل سے غلط ہے دعوِیٰ وارستگی سرو ہے باوصفِ آزادی گرفتارِ چمن	بے نیازی کا دعویٰ
باوصفِ آزادی	الفتِ گل سے غلط ہے دعوِیٰ وارستگی سرو ہے باوصفِ آزادی گرفتارِ چمن	آزادی کی خاصیت کے باوجود
شجرِ بید	عشق تاثیر سے نومید نہیں جاں سپاری شجرِ بید نہیں	بید کا درخت (بید کی شاخیں بہت لچکدار ہوتی ہیں)
خاتمِ جمشید	سلطنت دست بدست آئی ہے جامِ مے، خاتمِ جمشید نہیں	جمشید کی انگوٹھی
گردشِ رنگِ طرب	گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے غمِ محرومیِ جاوید نہیں	عیش و عشرت کی حالت کا بدل جانا
غمِ محرومیِ جاوید	گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے غمِ محرومیِ جاوید نہیں	دائمی یا مستقل ناکامی کا غم
خالِ کنجِ دہن	دل آشفتگاں خالِ کنجِ دہن کے سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں	ہونٹوں کے آس پاس کا تل
سیرِ عدم	دل آشفتگاں خالِ کنجِ دہن کے سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں	عدم کی سیر عدم: ناموجود دنیا ناموجود دنیا کی سیر

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
آئینہ دیکھنے (سجنے سنورنے) میں محو	تماشا کہ اے محوِ آئینہ داری! تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں	محوِ آئینہ داری
آہ کی گرمی کا پتا	سراغ تفِ نالہ لے داغ دل سے کہ شب رو کا نقشِ قدم دیکھتے ہیں	سراغ تفِ نالہ
عنایت کرنے والوں کا تماشا	بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب! تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں	تماشائے اہلِ کرم
برباد دنیا	کب سے ہوں کیا بتاؤں جہانِ خراب میں شب ہائے ہجر کو بھی رکھوں گر حساب میں	جہانِ خراب
جدائی کی راتیں	کب سے ہوں کیا بتاؤں جہانِ خراب میں شب ہائے ہجر کو بھی رکھوں گر حساب میں	شب ہائے ہجر
گھٹا چھائے ہوئے دن اور چاندنی رات	غالب! چھٹی شراب، پر اب بھی کبھی کبھی پیتا ہوں روزِ ابرو شب ماہ تاب میں	روزِ ابروشب ماہ تاب
بدگمانی، بدظنی	کل کے لیے، کر آج نہ خست شراب میں یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں	سوءِ ظن
حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	کل کے لیے، کر آج نہ خست شراب میں یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں	ساقیِ کوثر
سماع کے وقت (سماع یعنی موسیقی اور مدح)	جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع گروہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں	دمِ سماع
	اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے حیراں ہوں، پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں	اصلِ شہود و شاہد و مشہور
دوست کا دوست مراد: رسول پاکؐ کے دوست حضرت علی کرم اللہ وجہ	غالب! ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست مشغولِ حق ہوں، بندگی بوتراب میں	ندیم دوست

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
دوست کی خوشبو	غالب! ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست مشغولِ حق ہوں، بندگیِ بوتراب میں	بوئے دوست
حضرت علی غلامی بوتراب حضرت علی کی کنیت ہے	غالب! ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست مشغولِ حق ہوں، بندگیِ بوتراب میں	بندگیِ بوتراب
بے شرم، بدچلن، آزاد	لو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے یہ جانتا اگر، تو لٹاتا نہ گھر کو میں	یہ بے ننگ و نام
ستم کرنے والا معشوق	خواہش کو، احمقوں نے پرستش دیا قرار کیا پوجتا ہوں اُس بتِ بیداد گر کو میں؟	بُتِ بیدادگر
ناز و انداز کے گھوڑے پر سوار	غالب خدا کرے کہ سوارِ سمندِ ناز دیکھوں علی بہادرِ عالی گہر کو میں	سوارِ سمندِ ناز
بلند مرتبہ علی بہادر نواب باندہ جن کا نام علی بہادر تھا	غالب خدا کرے کہ سوارِ سمندِ ناز دیکھوں علی بہادرِ عالی گہر کو میں	علی بہادرِ عالی گہر
منصور کی کم ظرفی کی پیروی منصور کی انا الحق کی نقل منصور: ایک مجذوب فقیر جو انا الحق (میں خدا ہوں) کہتے تھے	قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن ہم کو تقلیدِ تنک ظرفیِ منصور نہیں	تقلیدِ تنک ظرفیِ منصور
تنکِ ظرفی: کم ظرفی		
جنگجو عشق	حسرت اے ذوقِ خرابی! کہ وہ طاقت نہ رہی عشقِ پُر عربدہ کی گوں تنِ رنجور نہیں	عشقِ پُر عربدہ
جمشید کے جام کی تلچھٹ پینے والے	صاف دردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ وائے! وہ بادہ کہ افشردۂ رنگور نہیں	دردی کشِ پیمانۂ جم

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
وہ شراب جو انگور کو نچوڑ کر بنائی گئی ہو	صاف دردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ وائے! وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں	افشردۂ انگور
گلشن کے سیر کا عہد و پیان	وعدۂ سیرِ گلستاں ہے خوشا طالعِ شوق مژدۂ قتل مقرر ہے جو مذکور نہیں	وعدۂ سیرِ گلستاں
شوق کی خوش نصیبی	وعدۂ سیرِ گلستاں ہے خوشا طالعِ شوق مژدۂ قتل مقرر ہے جو مذکور نہیں	خوشا طالعِ شوق
قتل کی خوش خبری	وعدۂ سیرِ گلستاں ہے خوشا طالعِ شوق مژدۂ قتل مقرر ہے جو مذکور نہیں	مژدۂ قتل
اپنی ذات سے اپنا وجود رکھنے والا یعنی خدائے تعالیٰ	شاہدِ ہستیِ مطلق کی کمر ہے عالم لوگ کہتے ہیں کہ "ہے" پر ہمیں منظور نہیں	شاہدِ ہستیِ مطلق
مانگنے کا خوبصورت طریقہ	نالہ جز حسنِ طلب، اے ستم ایجاد نہیں ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں	حسنِ طلب
ظلم و ستم ایجاد کرنے والا	نالہ جز حسنِ طلب، اے ستم ایجاد نہیں ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں	ستم ایجاد
معشوق سے جور و جفا کا اصرار	نالہ جز حسنِ طلب، اے ستم ایجاد نہیں ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں	تقاضائے جفا
ظلم و ستم کا گلہ	نالہ جز حسنِ طلب، اے ستم ایجاد نہیں ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں	شکوۂ بیداد
خسرو (فرہاد کا رقیب) کی عشرت گاہ کی مزدوری	عشق و مزدوریِ عشرت گہِ خسرو، کیا خوب! ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں	مزدوریِ عشرت گہِ خسرو
فرہاد کی نیک نامی	عشق و مزدوریِ عشرت گہِ خسرو، کیا خوب! ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں	نکو نامیِ فرہاد

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
اہلِ بینش	اہلِ بینش کو، ہے طوفانِ حوادث مکتب لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں	بینش: نظر، دیکھنے کی طاقت، شعور نظر والے/ باشعور/ خردمند
طوفانِ حوادث	اہلِ بینش کو، ہے طوفانِ حوادث، مکتب لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں	حوادث: ''حادثہ'' کی جمع حادثات کا طوفان
لطمۂ موج	اہلِ بینش کو، ہے طوفانِ حوادث، مکتب لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں	لطمہ: تھپیڑا موج کے تھپیڑے
سیلیِ استاد	اہلِ بینش کو، ہے طوفانِ حوادث، مکتب لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں	سیلی: تھپڑ، چانٹا استاد کا تھپڑ
طاقتِ فریاد	وائے محرومیِ تسلیم و بدا حالِ وفا جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں	فریاد کرنے کی سکت
محرومیِ تسلیم و بداحالِ وفا	وائے محرومیِ تسلیم و بدا حالِ وفا جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں	
رنگِ تمکینِ گل و لالہ ،	رنگِ تمکینِ گل و لالہ پریشاں کیوں ہے گر چراغانِ سرِ رہگزرِ باد نہیں	تمکین: مرتبہ، عزت، شان و شوکت گل و لالہ: گلاب اور لالہ کے پھول گلاب اور لالہ کی شان و شوکت کا رنگ
چراغانِ سرِ رہ گزرِ باد	رنگِ تمکینِ گل و لالہ پریشان کیوں ہے گر چراغانِ سرِ رہگزرِ باد نہیں	چراغان: چراغ سرِ رہ گزرِ باد: ہوا کے راستے پر سرِ رہ گزر: راستے پر ہوا کے راستے پر چراغ کا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
روشن ہونا		
سبد: ٹوکری پھولوں کی ٹوکری	سبد گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں مژدہ! اے مرغ، کہ گلزار میں صیاد نہیں	سبدِ گل
دہن کی جگہ یعنی آواز نکالنے کی جگہ جائے: جگہ دہن: منہ	نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش، گویا دی ہے جائے دہن اس کو دمِ ایجاد نہیں	جائے دہن
دم: لمحہ، ایجاد: نئی چیز کی دریافت ایجاد کا لمحہ/جدّت طرازی کی صلاحیت	نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش، گویا دی ہے جائے دہن اس کو دمِ ایجاد نہیں	دمِ ایجاد
بے مہری: بے رخی یارانِ وطن: وطن کے یار لوگ وطن کے لوگوں کی بے رخی	کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالبؔ تم کو بے مہری یارانِ وطن یاد نہیں	بے میری یارانِ وطن
میٹھے بول	ہوگئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر عشق کا اس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں	شیریں بیانی
دشت: بیابان، صحرا، ویرانہ وہ ویرانہ جہاں قیس (مجنوں)	قیامت ہے کہ سن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا تعجب سے وہ بولا "یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں؟"	دشتِ قیس
پھرتا تھا		
نرم دل/حساس دل	دلِ نازک پہ اس کے رحم آتا ہے مجھے غالبؔ نہ کر سرگرم اس کافر کو الفت آزمانے میں	دلِ نازک
شکستگی کی طرف مائل	ہیں زوال آمادہ، اجزا آفرینش کے تمام مہرِ گردوں ہے چراغِ رہ گزارِ باد، یاں	زوال آمادہ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
مہر: سورج؛ گردوں: آسمان، آسمان کا سورج، گھومنے والا گردش میں رہنے والا سورج	ہیں زوال آمادہ، اجزا آفرینش کے تمام مہرِ گردوں ہے چراغِ رہ گزارِ باد، یاں	مہرِ گردوں
وہ چراغ جو ہوا کے راستے میں روشن ہو مجازاً جلد بجھ جانے والا چراغ	ہیں زوال آمادہ، اجزا آفرینش کے تمام مہرِ گردوں ہے چراغِ رہ گزارِ باد، یاں	چراغ رہ گزارِ باد
جگر کا زخم	نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں	زخمِ جگر
دست: ہاتھ ہاتھ اور بازو	نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں	دست و بازو
ٹوپی کے کنارے لگے ہوئے قیمتی پتھر جواہر: قیمتی پتھر طرف: کنارہ کلہ: کُلاہ، ٹوپی	ترے جواہرِ طرفِ کُلہ کو کیا دیکھیں ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں	جواہرِ طرفِ کُلہ
لعل و گہر کی بلند قسمتی اوج: بلندی، طالع: قسمت اوجِ طالع: بلند قسمتی	ترے جواہرِ طرفِ کُلہ کو کیا دیکھیں ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں	اوجِ طالعِ لعل و گہر
شب: رات فراق: جدائی جدائی کی رات	نہیں کہ مجھ کو قیامت کا اعتقاد نہیں شبِ فراق سے روزِ جزا زیاد نہیں	شبِ فراق
روز: دن، جزا: بدلا، صلہ بدلے کا دن یعنی قیامت	نہیں کہ مجھ کو قیامت کا اعتقاد نہیں شبِ فراق سے روزِ جزا زیاد نہیں	روزِ جزا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
مہہ: چاند چاندنی رات	کوئی کہے کہ شب مہہ میں کیا برائی ہے بلا سے آج اگر دن کو ابرو باد نہیں	شب مہر
ابر: بادل؛ باد: ہوا بادل اور ہوا	کوئی کہے کہ شب مہہ میں کیا برائی ہے بلا سے آج اگر دن کو ابرو باد نہیں	ابروباد
فتنہ: ہنگامہ	کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں	فتنہ وفساد
گدا: بھکاری، منگتا کوچہ: گلی میخانے کی گلی کا بھکاری	علاوہ عید کے ملتی ہے اور دن بھی شراب گدائے کوچۂ میخانہ نامراد نہیں	گدائے کوچۂ میخانہ
شادی: خوشی خوشی اور غم	جہاں میں ہو غم و شادی بہم، ہمیں کیا کام دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں	غم وشادی
پا: پیر، بہ حنا: مہندی لگے ہوئے مہندی لگے ہوئے پیر یعنی سُست رفتار	تیری فرصت کے مقابل اے عمر برق کو پابہ حنا باندھتے ہیں	پابہ حنا
ہستی: زندگی زندگی کی قید	قیدِ ہستی سے رہائی معلوم اشک کو بے سروپا باندھتے ہیں	قیدِ ہستی
سروپا: سر اور پیر بغیر سر اور پیر کے مجازاً بے حقیقت، بے بنیاد	قیدِ ہستی سے رہائی معلوم اشک کو بے سروپا باندھتے ہیں	بے سروپا
نشہ: مستی رنگ کا نشہ یعنی وہ مستی جو پھول کو اپنے رنگ کی وجہ سے	نشۂ رنگ سے ہے واشدِ گل مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں	نشۂ رنگ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ہے		
واشد: کھلنا پھول کا کھلنا	نشۂ رنگ سے ہے واشدِ گل مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں	واشدِ گل
بند: بندھن، قبا: لبادہ، ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا لباس قبا کے بندھن	نشۂ رنگ سے ہے واشدِ گل مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں	بندِ قبا
مضامین کی غلطی خیالات کی غلطی، غلط خیالات	غلطی ہائے مضامیں مت پوچھو لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں	غلطی ہائے مضامیں
تدبیر: کوشش تدبیر کرنے والے	اہلِ تدبیر کی واماندگیاں آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں	اہلِ تدبیر
پیماں: وعدہ، عہد وفاداری کا عہد	سادہ پرکار ہیں خوباں غالبؔ ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں	پیمانِ وفا
بہ: پر، کے لیے؛ بجان: جان پر اسد کی جان پر کے لیے	زمانہ سخت کم آزار ہے بجانِ اسدؔ وگرنہ ہم تو توقع زیادہ رکھتے ہیں	بجانِ اسد
گردش: چکر مصیبت؛ بدنصیبی مدام: ہمیشہ ہمیشہ کی گردش مستقل پریشانی	کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل؟ انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں	گردشِ مدام

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
پیالہ: کٹورا، جام ساغر: شراب کا پیالہ پیالہ اور جام یعنی ہر وقت گردش میں رہنے والی چیزیں	کیوں گردشِ مُدام سے گھبرا نہ جائے دل؟ انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں	پیالہ وساغر
لوحِ جہاں: لوحِ جہاں کا تصور لوحِ محفوظ سے مستعار ہے جس پر ازل سے ابد تک کے سارے حالات و واقعات لکھے ہوئے ہیں۔	یارب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہوں میں	لوحِ جہاں
مکرّر: دوبارہ، پھر وہ حرف جو دوبارہ لکھا جائے	یارب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہوں میں	حرفِ مکرّر
لعل: لال رنگ کا ایک قیمتی پتھر زمرّد: ہرے رنگ کا قیمتی پتھر لعل، زمرّد سونا اور موتی زر: سونا، دولت گوہر: موتی	کس واسطے عزیز نہیں جانتے مجھے لعل و زمرد و زر و گوہر نہیں ہوں میں	لعل وزمرّ دوزروگوہر
مہر: سورج؛ ماہ: چاند چانداور سورج	رکھتے ہو تم قدم مری آنکھوں سے کیوں دریغ رتبے میں مہر و ماہ سے کمتر نہیں ہوں میں	مہر و ماہ
قدمبوس: پاؤں چومنا پاؤں چومنے سے منع	کرتے ہو مجھ کو منعِ قدمبوس کس لیے کیا آسمان کے بھی برابر نہیں ہوں میں	منعِ قدمبوس

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
نقشِ ونگارِ طاقِ نسیاں	یاد تھیں ہم کو بھی رنگارنگ بزم آرائیاں لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہوگئیں	نقش: تصویر؛ لکھا ہوا، کھدا ہوا نگار: نقش، بیل بوٹا نقش ونگار: بیل بوٹے طاقِ نسیاں: انسانی دماغ کا وہ خیالی طاق جہاں بھولی بسری یادیں محفوظ رہتی ہیں اور کسی حادثے ذہنی جھٹکے کی وجہ سے برآمد ہوسکتی ہیں۔ (Unconscious Memory) نقش ونگارِ طاقِ نسیاں: طاقِ نسیاں کی زینت؛ بیل بوٹے
بنات النعشِ گردوں	تھیں بنات النعشِ گردوں دن کو پردے میں نہاں شب کو اُن کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہوگئیں	بنات النعش: سات ستاروں کا جھرمٹ، سات سہیلیاں گردوں: آسمان آسمان میں سات ستاروں کا جھرمٹ
روزنِ دیوارِ زنداں	قید میں یعقوب نے لی، گو، نہ یوسف کی خبر لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہوگئیں	قید خانے کی دیوار کی جھری روزن: جھری، جھروکا زنداں: قید خانہ
زنانِ مصر	سب رقیبوں سے ہوں ناخوش، پر زنانِ مصر سے ہے زلیخا خوش کہ محوِ ماہِ کنعاں ہوگئیں	زناں: 'زن' کی جمع، عورتیں مصر کی عورتیں مراد اُن

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		عورتوں سے ہے جو زلیخا کی سہیلیاں تھیں۔ زلیخا حضرت یوسفؑ پر عاشق تھی۔
محوِ ماہِ کنعاں	سب رقیبوں سے ہوں ناخوش، پر زنانِ مصر سے ہے زلیخا خوش کہ محوِ ماہِ کنعاں ہوگئیں	محو: گم، کسی خیال میں غرق ماہ: چاند؛ کنعان: وہ شہر جہاں حضرت یوسفؑ پیدا ہوئے تھے ماہِ کنعان یعنی حضرت یوسف کو دیکھنے میں مگن
جوئے خوں	جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو، کہ ہے شامِ فراق میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہوگئیں	جُو: دریا خون کا دریا
شامِ فراق	جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو، کہ ہے شامِ فراق میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہوگئیں	جدائی کی شام فراق: جدائی
قدرتِ حق	ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام قدرتِ حق سے یہی حوریں اگر واں ہوگئیں	قدرت: طاقت، اختیار حق: اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی قدرت
کوتاہیِ قسمت	وہ نگاہیں کیوں ہوئی جاتی ہیں یارب دل کے پار جو مری کوتاہیِ قسمت سے مژگاں ہوگئیں	کوتاہی: کمی، قصور قسمت کا قصور یعنی بدقسمتی
بخیۂ چاکِ گریباں	بسکہ روکا میں نے اور سینے میں اُبھریں پے بہ پے میری آہیں، بخیۂ چاکِ گریباں ہوگئیں	بخیہ: سلائی، ٹانکا چاک: پھٹا ہوا، چیرا ہوا گریبان: لباس کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے چاکِ گریباں: پھٹا ہوا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
گریبان پھٹے ہوئے گریبان کی سلائی		
صرف: خرچ دربان پر خرچ کرنا یا دینا / منت سماجت	واں گیا بھی میں تو اُن کی گالیوں کا کیا جواب یاد تھیں جتنی دعائیں، صرفِ درباں ہوگئیں	صرفِ درباں
فزا: بڑھانے والا جان کو قوت دینے والا	جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں	جاں فزا
جان کی رگ یعنی شہ رگ	جاں فزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آگیا سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہوگئیں	رگِ جاں
ترک: چھوڑنا رسوم: 'رسم' کی جمع، رسمیں رسم و رواج کا چھوڑنا	ہم موحد ہیں، ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہوگئیں	ترکِ رسوم
اجزا: 'جز' کی جمع، حصے ایماں کے حصے	ہم موحد ہیں، ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہوگئیں	اجزائے ایماں
دنیا والے	یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ، تو اے اہلِ جہاں! دیکھنا اِن بستیوں کو تم کہ ویراں ہوگئیں	اہلِ جہاں
حسرت: کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس	دل کو نیازِ حسرتِ دیدار کرچکے دیکھا تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں	نیازِ حسرتِ دیدار
نیاز: نذر، تحفہ دیدار کی حسرت کی نذر (کردینا)		
دیدار: دیکھنا، نظارہ دیدار کی طاقت	دل کو نیازِ حسرتِ دیدار کرچکے دیکھا تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں	طاقتِ دیدار

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
بہ قدر: کے لائق، لذت: مزہ آزار: دکھ، مصیبت تکلیف کے مرنے کے مطابق، دکھ اٹھانے کا حوصلہ	بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے اور یہاں طاقت بقدرِ لذتِ آزار بھی نہیں	بقدرِ لذتِ آزار
وبال: بوجھ، عذاب دوش: کندھا کندھے کا بوجھ، مصیبت	شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر و بالِ دوش صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں	وبالِ دوش
عداوت: دشمنی؛ اغیار: 'غیر' کی جمع غیروں سے عداوت کی گنجایش رقیبوں سے عداوت کا حوصلہ	گنجایشِ عداوتِ اغیار یک طرف یاں دل میں ضعف سے ہوسِ یار بھی نہیں	گنجائشِ عداوتِ اغیار
ہوس: خواہش، شدید خواہش یار: دوست، محبوب محبوب سے ملنے کی تڑپ، محبوب کو پانے کی خواہش	گنجایشِ عداوتِ اغیار یک طرف یاں دل میں ضعف سے ہوسِ یار بھی نہیں	ہوسِ یار
نالہ: فریاد، آہ؛ زار: زیادہ، خراب	ڈر نالہ ہائے زار سے میرے، خدا کو مان آخر نوائے مرغ گرفتار بھی نہیں	نالہ ہائے زار
شدت والا نالہ		
گرفتار پرندے (عاشق) کی آواز نوا: آواز، پکار؛ مرغ: پرندہ مرغِ گرفتار: گرفتار پرندہ	ڈر نالہ ہائے زار سے میرے، خدا کو مان آخر نوائے مرغ گرفتار بھی نہیں	نوائے مرغِ گرفتار

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
صفِ مژگاں	دل میں ہے یار کی صفِ مژگاں سے روکشی حالانکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں	صف: قطار؛ مژگاں: پلکیں پلکوں کی قطار
طاقتِ خلشِ خار	دل میں ہے یار کی صفِ مژگاں سے روکشی حالانکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں	خلش: چبھن، کھٹک خار: کانٹا خلشِ خار: کانٹوں کی چبھن کانٹوں کی چبھن برداشت کرنے کی طاقت
خلوت وجلوت	دیکھا اسدؔ کو خلوت و جلوت میں بارہا دیوانہ گر نہیں ہے تو ہشیار بھی نہیں	خلوت: تنہائی جلوت: سب کے سامنے (محفل میں) تنہائی اور محفل
بخیے کے درخور	نہیں ہے زخم کوئی بخیہ کے درخور مرے تن میں ہوا ہے تارِ اشکِ یاس رشتہ چشمِ سوزن میں	درخور: لائق سینے کے لائق
تارِ اشکِ یاس	نہیں ہے زخم کوئی بخیہ کے درخور مرے تن میں ہوا ہے تارِ اشکِ یاس رشتہ چشمِ سوزن میں	تار: سلسلہ، لڑی ناامیدی کے آنسوؤں کی لڑی/مایوسی اشک: آنسو؛ یاس: نااُمیدی تارِ اشک: آنسوؤں کی لڑی
چشمِ سوزن	نہیں ہے زخم کوئی بخیہ کے درخور مرے تن میں ہوا ہے تارِ اشکِ یاس رشتہ چشمِ سوزن میں	چشم: آنکھ؛ سوزن: سوئی سوئی کی آنکھ یعنی سوئی کا ناکہ
مانعِ ذوقِ تماشا	ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی کفِ سیلاب باقی ہے بہ رنگِ پنبہ روزن میں	مانع: منع کرنے والا، رکاوٹ ذوق: شوق تماشا دیکھنے کے شوق میں

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		رکاوٹ
کفِ سیلاب	ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی کفِ سیلاب باقی ہے، برنگِ پنبہ روزن میں	کف: جھاگ سیلاب: باڑھ سیلاب کے جھاگ رطغیانی کا نشان
برنگِ پنبہ	ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی کفِ سیلاب باقی ہے، برنگِ پنبہ روزن میں	پنبہ، روئی، روئی کا پھاہا روئی کے پھاہے کی طرح
ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں	ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں نگینِ نامِ شاہد ہے، مرے ہر قطرہ خوں تن میں	ودیعت: امانت ودیعت خانہ: امانت گھر بیداد: ظلم، ستم؛ کاوش: کوشش کاوش ہائے مژگاں: پلکوں کی کوشش بیدادِ کاوش ہائے مژگاں: پلکوں کی ستم بھری کاوش پلکوں کی ستم بھری کاوش کا امانت گھر محبوب کے ظلم وستم کے امین عاشق کے دل اور جسم
نگینِ نامِ شاہد	ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں نگینِ نامِ شاہد ہے، مرے ہر قطرہ خوں تن میں	نگین: نگینہ، شاہد: محبوب، معشوق معشوق کے نام کا نگینہ
مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں	نکوہش، مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں آئی ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں	بے ربطی: تال میل نہ ہونا جنوں: پاگل پن، دیوانگی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		شورِ جنوں: دیوانگی میں سرزد ہونے والا شوروغوغا مانع: منع کرنے والا، رکاوٹ دیوانگی کے شور و غوغا میں ہونے والی بے ربطی میں رُکاوٹ
خندۂ احباب	نکوہش، مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں آئی ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں	خندہ: ہنسی احباب: دوست، واقف کار دوستوں کی ہنسی ٹھٹھا
جیب و دامن	نکوہش، مانعِ بے ربطیِ شورِ جنوں آئی ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں	گریبان اور دامن
مہروَش	ہوئے اُس مہروَش کے جلوۂ تمثال کے آگے پرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرہ روزن میں	وَش: کی طرح، مانند مہر: سورج سورج کی طرح
جلوۂ تمثال	ہوئے اُس مہروَش کے جلوۂ تمثال کے آگے پرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرہ روزن میں	تمثال: پیکر، صورت پیکر کا جلوہ
مثلِ ذرّہ	ہوئے اُس مہروَش کے جلوۂ تمثال کے آگے پرافشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرہ روزن میں	مثل: کی طرح ذرہ کی طرح
جوشِ جنونِ عشق	ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو سیہ ہوکر سُویدا ہوگیا ہر قطرہ خوں تن میں	عشق کی دیوانگی کا جوش
زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں	اسد زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں ہوں خمِ دستِ نوازش ہوگیا ہے طوق گردن میں	زندانی: قیدی تاثیر: اثر الفت: محبت

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		خوباں: حسین لوگ حسینوں کی محبت کے اثر سے قیدی (ہونا)
خمِ دستِ نوازش	اسدؔ زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں ہوں خمِ دستِ نوازش ہوگیا ہے طوقِ گردن میں	خم: حلقہ، گھیرا دست: ہاتھ نوازش: مہربانی، عنایت مہربانی کرنے والے ہاتھ کا حلقہ رگھیرا
خونِ جگر	مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں سوائے خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں	جگر کا خون زندگی کی علامت/ دھڑکن
تاب وتواں	مگر، غبار ہوے پر ہوا اُڑا لے جاے اگر نہ تاب وتواں بال و پر میں خاک نہیں	طاب: طاقت توان: زور، قوت طاقت اور زور
بہشتِ شمائل	یہ کس بہشتِ شمائل کی آمد آمد ہے کہ غیرِ جلوۂ گل، رہگذر میں خاک نہیں	بہشت: باغ، جنّت کا باغ شمائل: عادتیں، خصلتیں جس خصلتیں بہشت کی مانند ہوں۔ مُراد محبوب سے ہے
غیرِ جلوۂ گل	یہ کس بہشتِ شمائل کی آمد آمد ہے کہ غیرِ جلوۂ گل، رہگذر میں خاک نہیں	غیر۔ سوا، بجز، علاوہ پھولوں کے جلوہ کے سوا
منازلِ فلکی	جب کے چودہ منازلِ فلکی کرچکے قطع تیری تیزی گام	منازل: 'منزل' ٹھہرنے کی جگہ فلکی: آسمان سے متعلق آسمان کی چودہ منزلیں

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
تیزیٔ گام	جب کے چودہ منازلِ فلکی کر چکے قطع تیری تیزی گام	گام: رفتار رفتار کی تیزی، تیز رفتاری
فروغ پذیر	تیرے پرتو سے ہوں فروغ پذیر کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام	فروغ: روشنی، چمک چمک پانے والا، روشنی پانے والا
کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام	تیرے پرتو سے ہوں فروغ پذیر کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام	کوئے: گلی، کوچہ؛ مشکوئے: محل؛ صحن: آنگن؛ منظر: کھڑکی، مینارہ، تماشا گاہ؛ بام: چھت کوٹھا، اٹاری کوچہ، محل، آنگن اور اٹاری
توسنِ طبع	پھر غزل کی روش پہ چل نکلا توسنِ طبع چاہتا تھا لگام	توسن: سرکش گھوڑا طبع: طبیعت طبیعت کا گھوڑا یعنی طبیعت کی اُڑان
لذّتِ دُشنام	بوسہ کیسا، یہی غنیمت ہے کہ نہ سمجھیں وہ لذّتِ دُشنام	لذّت: مزہ؛ دُشنام: گالی گالی کا مزہ
پیکِ تیز خرام	کہہ چکا میں تو سب کچھ اب تو، کہہ اے پری چہرہ پیکِ تیز خرام	پیک: ہرکارہ، قاصد؛ تیز خرام: تیز چلنے والا تیز چلنے والا قاصد
ناصیہ سا	کون ہے جس کے در پہ ناصیہ سا ہیں مہ و مہر و زہرہ و بہرام	ناصیہ: پیشانی، ماتھا سا: رگڑنے والا پیشانی رگڑنے والا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
مہ: چاند؛ مہر: سورج زہرہ: ایک چمک دار ستارہ بہرام: ایک ستارہ کا نام، مرّیخ چاند، سورج، زہرہ اور مرّیخ	کون ہے جس کے در پہ ناصیہ سا ہیں مہ و مہر و زہرہ و بہرام	مہ و مہر و زہرہ و بہرام
شاہنشہ: بادشاہوں کا بادشاہ؛ بلند مقام: جس کا مقام بلند ہو، اونچے رُتبہ والا بلند مقام بادشاہ کا نام	تو نہیں جانتا تو مجھ سے سُن نامِ شاہنشہِ بلند مقام	نام شاہنشہِ بلند مقام
قبلہ: کعبہ، وہ سمت جدھر منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں، مرکز آنکھ اور دل کا مرکز، جس کی طرف آنکھ اور دل لگے ہوئے ہوں	قبلۂ چشم و دل بہادر شاہ مظہرِ ذوالجلال و الاکرام	قبلۂ چشم و دل
مظہر: ظاہر ہونے کی جگہ ذوالجلال و الاکرام: بزرگی اور بخشش والا یعنی اللہ اللہ کا مظہر	قبلۂ چشم و دل بہادر شاہ مظہرِ ذوالجلال و الاکرام	مظہر ذوالجلال والاکرام
شہسوار: ماہر سوار، بڑا سوار طریقۂ انصاف: انصاف کا طریقہ	شہسوارِ طریقۂ انصاف نو بہارِ حدیقۂ اسلام	شہسوارِ طریقۂ انصاف

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
انصاف کے راستے کا ماہر		
نو بہار: نئی بہار حدیقہ: باغ اسلام کے باغ کی نئی بہار	شہسوارِ طریقۂ انصاف نو بہارِ حدیقۂ اسلام	نو بہارِ حدیقۂ اسلام
اعجاز: کرشمہ، معجزہ معجزہ کی صورت یعنی معجزہ کی طرح	جس کا ہر فعل صورتِ اعجاز جس کا ہر قول معنیِ الہام	صورتِ اعجاز
الہام: وہ بات جو غیب سے کسی کے دل میں آئے الہام کے معنی، الہام کی طرح	جس کا ہر فعل صورتِ اعجاز جس کا ہر قول معنیِ الہام	معنیِ الہام
قیصر: روم کے بادشاہوں کا لقب جم: جمشید کا مخفف، ایران کا مشہور بادشاہ قیصر اور جمشید کا میزبان	بزم میں میزبانِ قیصر و جم رزم میں اوستادِ رستم و سام	میزبانِ قیصر و جم
رستم اور سام: ایران کے دو مشہور پہلوان رستم اور سام کے استاد	بزم میں میزبانِ قیصر و جم رزم میں اوستادِ رستم و سام	اوستادِ رستم و سام
زندگی: حیات افزا: بڑھانے والا زندگی بڑھانے والا	اے ترا تکلف زندگی افزا اے ترا عہد فرخی فرجام	زندگی افزا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
فرخی فرجام	اے ترا لطف زندگی افزا اے ترا عہد فرخی فرجام	فرخ: مبارک، خوبصورت فرجام: انجام، انتہا خوبصورت نتیجہ، مبارک انجام
چشمِ بد دور	چشمِ بددور خسروانہ شکوہ! لَوحش اللہ عارفانہ کلام!	چشمِ بد: بری نظر بری نظر دور (رہے)
خسروانہ شکوہ	چشمِ بددور خسروانہ شکوہ! لَوحش اللہ عارفانہ کلام!	خسروانہ: شاہانہ شکوہ: شان وشوکت شاہانہ شان وشوکت
لوحش اللہ	چشمِ بددور خسروانہ شکوہ! لَوحش اللہ عارفانہ کلام!	اللہ اُسے وحشت نہ دے، اللہ اُسے رنج وغم سے دور رکھے، اس کلمے کو کسی کی تعریف کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں
قیصرِ روم	جاں نثاروں میں تیرے قیصرِ روم جُرعہ خواروں میں تیرے مُرشدِ جام	روم کا بادشاہ قیصر
جرعہ خواروں	جاں نثاروں میں تیرے قیصرِ روم جُرعہ خواروں میں تیرے مُرشدِ جام	جرعہ: گھونٹ خوار: پینے والا گھونٹ پینے والے یعنی شراب پینے والے
مرشدِ جام	جاں نثاروں میں تیرے قیصرِ روم جُرعہ خواروں میں تیرے مُرشدِ جام	مرشد: سیدھی راہ دکھانے والا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
جام تک لے جانے والا		
وارث: حق دار، مالک ملک کا وارث	وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے ایرج و تور و خسرو و بہرام	وارثِ ملک
ایرج، تور، خسرو اور بہرام یہ چاروں ایران کے مشہور بادشاہ گزرے ہیں	وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے ایرج و تور و خسرو و بہرام	ایرج و تور و خسرو و بہرام
بازو کی قوت/طاقت	زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے گیو و گودرز و بیژن و رہام	زورِ بازو
گیو، گودرز، بیژن اور رہام ایران کے نامور پہلوان تھے	زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے گیو و گودرز و بیژن و رہام	گیو و گودرز و بیژن و رہام
موشگافی: بال میں شگاف ڈالنا، بال کو چیرنا تیر سے بال چیرنا، بہترین تیراندازی	مرحبا مُو شگافیِ ناوک آفریں آبداریِ صمصام	موشگافیِ ناوک
آبداری: تیزی، باڑھ؛ چمک صمصام: تلوار تلوار کی تیزی اور چمک	مرحبا مُو شگافیِ ناوک آفریں آبداریِ صمصام	آبداریِ صمصام
غیر کا تیر، دشمن کا تیر	تیر کو تیرے تیرِ غیر ہدف تیغ کو تیری تیغِ خصم نیام	تیرِ غیر
خصم: دشمن دشمن کی تلوار	تیر کو تیرے تیرِ غیر ہدف تیغ کو تیری تیغِ خصم نیام	تیغِ خصم

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
فیلِ گراں جسد	تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا تیرے رخشِ سبک عناں	فیل: ہاتھی؛ گراں: بھاری؛ جسد: جسم گراں جسد: بھاری جسم بھاری ربڑے جسم والا ہاتھی
رخشِ سبک عناں	تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا تیرے رخشِ سبک عناں	رخش: گھوڑا؛ سبک عنان: باگ کے ہلکے اشارے پر دوڑنے والا سبک: ہلکا تیز؛ عنان: لگام، باگ تیز رفتار گھوڑا
فنِ صورت گری	فن صورت گری میں تیرا گرز گر نہ رکھتا ہو دستگاہِ تمام	فن: ہنر؛ صورت گری: صورت بنانا، مصوری صورت گری کا ہنر
دستگاہِ تمام	فن صورت گری میں تیرا گرز گر نہ رکھتا ہو دستگاہِ تمام	دست گاہ: قدرت، مہارت تمام: پورا، کامل، مکمل مکمل مہارت
سرو تن	اس کے مضروب کے سر و تن سے کیوں نمایاں ہو صورتِ ادغام	سر اور تن
صورتِ ادغام	اس کے مضروب کے سر و تن سے کیوں نمایاں ہو صورتِ ادغام	ادغام: ایک دوسرے میں پیوست ہو جانا، ایک دوسرے میں سما جانا ادغام کی طرح، ادغام کی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		صورت
رقم پذیر	جب ازل میں رقم پذیر ہوئے صفحہ ہائے لیالی و ایام	لکھا ہوا، لکھا گیا
صفحہ ہائے لیالی وایام	جب ازل میں رقم پذیر ہوئے صفحہ ہائے لیالی و ایام	صفحہ: ورق کا ایک رخ، سطح؛ صفحہ ہا: بہت سے صفحات؛ لیالی: 'لیل' کی جمع، راتیں راتوں اور دنوں کے صفحات
بہ کلکِ قضا	اور اُن اوراق میں بہ کلکِ قضا مجملاً مندرج ہوئے احکام	بہ کلک: قلم سے قضا: تقدیر، حکمِ خداوندی تقدیر کے قلم سے
عاشق کُش	لکھ دیا شاہدوں کو عاشق کُش لکھ دیا عاشقوں کو دشمن کام	عاشق کو مارنے والا، عاشق کی جان لینے والا
دشمن کام	لکھ دیا شاہدوں کو عاشق کُش لکھ دیا عاشقوں کو دشمن کام	دشمن: عدو، بدخواہ کام: خواہش، مقصد مراد: دشمنِ خواہش، بے نیاز
گنبدِ تیز گردِ نیلی فام	آسماں کو کہا گیا کہ کہیں گنبدِ تیز گردِ نیلی فام	تیز گرد: تیز گھومنے والا نیلی فام: نیلے رنگ کا تیز گھومنے والا نیلے رنگ کا گنبد یعنی آسمان
حکمِ ناطق	حکمِ ناطق لکھا گیا کہ لکھیں خال کو دانہ اور زلف کو دام	ناطق: اٹل، قطعی اٹل حکم

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
آتش و آب و باد و خاک	آتش و آب و باد و خاک نے لی وضعِ سوز و نم و رم و آرام	آتش: آگ؛ آب: پانی؛ باد: ہوا خاک: مٹی آگ، پانی، ہوا اور مٹی
وضعِ سوز و نم و رم و آرام	آتش و آب و باد و خاک نے لی وضعِ سوز و نم و رم و آرام	وضع: طریقہ، شکل، رنگ ڈھنگ سوز: جلن، درد؛ نم: تری رم: رفتار؛ آرام: سکون، سکوت
مہرِ رخشاں	مہرِ رخشاں کا نام خسروِ روز ماہِ تاباں کا اسم شحنۂ شام	مہر: سورج رخشاں: چمک دار، روشن چمک دار/روشن سورج
خسروِ روز	مہرِ رخشاں کا نام خسروِ روز ماہِ تاباں کا اسم شحنۂ شام	خسرو: بادشاہ روز: دن دن کا بادشاہ
ماہِ تاباں	مہرِ رخشاں کا نام خسروِ روز ماہِ تاباں کا اسم شحنۂ شام	ماہ: چاند تاباں: چمک دار، روشن روشن چاند
شحنۂ شام	مہرِ رخشاں کا نام خسروِ روز ماہِ تاباں کا اسم شحنۂ شام	شحنہ: کوتوال، رکھوالا شام کا رکھوالا
توقیعِ سلطنت	تیری توقیعِ سلطنت کو بھی دی بدستور صورتِ ارقام	توقیع: فرمان سلطنت کا فرمان

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ارقام: لکھنا، تحریر کرنا، رقم کی جمع	تیری توقیعِ سلطنت کو بھی دی بدستور صورتِ ارقام	صورتِ ارقام
کاتب: لکھنے والا حکم لکھنے والا	کاتبِ حکم نے بہ موجبِ حکم اس رقم کو دیا طرازِ دوام	کاتبِ حکم
بہ موجب: مطابق حکم کے مطابق	کاتبِ حکم نے بہ موجبِ حکم اس رقم کو دیا طرازِ دوام	بہ موجبِ حکم
طراز: نقش و نگار، زینت، آرائش دوام: ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے ہمیشہ کے لیے (یہ) آرائش	کاتبِ حکم نے بہ موجبِ حکم اس رقم کو دیا طرازِ دوام	طرازِ دوام
روائی: روا ہونا، اجازت ہونا شروع کرنے کی اجازت	ہے ازل سے روائیِ آغاز ہو ابد تک رسائیِ انجام	روائیِ آغاز
رسائی: پہنچ، دسترس انجام: آخری حصہ، تکمیل تکمیل پر دسترس	ہے ازل سے روائیِ آغاز ہو ابد تک رسائیِ انجام	رسائیِ انجام
خاور: مشرق، پورب پورب کا دروازہ	صبح دم دروازۂ خاور کھلا مہرِ عالم تاب کا منظر کھلا	دروازۂ خاور
مہر: سورج عالم تاب: دنیا کو روشن کرنے والی دنیا کو روشن کرنے والا سورج	صبح دم دروازۂ خاور کھلا مہرِ عالم تاب کا منظر کھلا	مہرِ عالم تاب

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
خسرو: بادشاہ انجام: 'نجم' کی جمع، تارے تاروں کا بادشاہ مُراد سورج سے ہے	خسروِ انجم کے آیا صرف میں شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا	خسروِ انجم
گنجینہ: خزانہ گوہر: موتی، جواہر موتیوں/ جواہرات کا خزانہ	خسروِ انجم کے آیا صرف میں شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا	گنجینۂ گوہر
مہ: چاند؛ اختر: ستارہ، تارا چاند اور تارے کا راز/ بھید	وہ بھی اِک سیما کی سی نمود صبح کو رازِ مہ اختر کھلا	رازِ مہ واختر
گردوں: آسمان آسمان کی سطح (جو زمین سے دیکھائی دیتی ہے)	سطحِ گردوں پر پڑا تھا رات کو موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا	سطحِ گردوں
جانب: طرف، سمت مشرق: پورب پورب کی طرف	صبح آیا جانبِ مشرق نظر اِک نگارِ آتش رخ، سر کُھلا	جانبِ مشرق
نگار: محبوب، بُت آتشیں: آگ کی طرح، آگ کی طرح گرم سرخ آتشیں رخ: آگ کی طرح دمکتا چہرہ، آگ کی طرح دمکتا چہرہ دمکتے چہرے والا محبوب	صبح آیا جانبِ مشرق نظر اِک نگارِ آتش رخ، سر کُھلا	نگارِ آتشیں رخ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ردّ و توڑ، کاٹ، پھیرنا، واپس کرنا سحر: جادو، جادو کا توڑ	تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر بادۂ گلرنگ کا ساغر کھلا	ردِّ سحر
بادۂ: شراب گلرنگ: پھول جیسا رنگ مراد لال رنگ، لال رنگ کی شراب، سرخ شراب	تھی نظر بندی، کیا جب ردِّ سحر بادۂ گلرنگ کا ساغر کھلا	بادۂ گلرنگ
زر و سونا، دھن دولت سونے سے بھرا پیالا	لا کے ساقی نے صبوحی کے لیے رکھ دیا ہے ایک جامِ زر کھلا	جامِ زر
بزم: محفل سلطانی: بادشاہی، شاہی شاہی محفل	بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ کعبۂ امن و اماں کا در کھلا	بزمِ سلطانی
امن واماں: امن اور سلامتی کعبہ: ایک مقدس مقام کا نام جس کی طرف منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں امن وسلامتی کا مرکز/جگہ	بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ کعبۂ امن و اماں کا در کھلا	کعبۂ امن واماں
زرّیں، سونے کا بنا ہوا، سنہرا سونے کا تاک	تاجِ زرّیں مہرِ تاباں سے سوا خسروِ آفاق کے منہ پر کھلا	تاجِ زرّیں
مہر: سورج، تاباں، چمکدار، روشن سورج چمکدار سورج	تاجِ زرّیں مہرِ تاباں سے سوا خسروِ آفاق کے منہ پر کھلا	مہرِ تاباں

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
روشن دل: جس کا دل روشن ہو، نیک، پارسا، روشن دل بادشاہ	شاہِ روشن دل بہادر شہ، کہ ہے رازِ ہستی اس پہ سر تا سر کھلا	شاہِ روشن دل
ہستی کا راز/بھید	شاہِ روشن دل بہادر شہ، کہ ہے رازِ ہستی اس پہ سر تا سر کھلا	رازِ ہستی
سارے کا سارا، تمام	شاہِ روشن دل بہادر شہ، کہ ہے رازِ ہستی اس پہ سر تا سر کھلا	سرتاسر
نہ چرخ: نو آسمان ہفت اختر: سات ستارے نو آسمان اور سات ستاروں (کی تخلیق) کا مقصد کائنات (کو بنانے) کا مقصد	وہ کہ جس کی صورتِ تکوین میں مقصدِ نہ چرخ و ہفت اختر کھلا	صورتِ تکوین
خسرو: بادشاہ آفاق: اُفق کی جمع، دنیا دنیا کا بادشاہ	تاجِ زرّیں مہرِ تاباں سے سوا خسرو آفاق کے منہ پر کھلا	خسروِ آفاق
تاویل: شرح، کسی بات کو کھول کر بیان کرنا، تاویل کھولنے والے ناخن یعنی جس طرح ناخن سے اُلجھے ہوئے ڈور سلجھتے ہیں اُسی طرح ناخنِ تاویل سے پیچیدہ باتوں کو آسانی سے بیان کرنا	وہ کہ جس کے ناخنِ تاویل سے عقدۂ احکامِ پیغمبر کھلا	ناخنِ تاویل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
عقدۂ احکامِ پیغمبر	وہ کہ جس کے ناخنِ تاویل سے عقدۂ احکامِ پیغمبر کھلا	عقدہ: گتھی، بھید احکام: 'حکم' کی جمع احکامِ پیغمبر: پیغمبر کے حکم، پیغمبر کے احکام کا راز (روح)
توسنِ شہ	توسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھلا	توسن: گھوڑا، بادشاہ کا گھوڑا
غیرتِ صرصر	توسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھلا	غیرت: شرم، حیا صرصر: تیز ہوا، جھکڑ، آندھی، آندھی کی غیرت یعنی (جسے دیکھ کر) آندھی بھی شرما جائے آندھی سے بھی تیز
نقشِ پا	نقشِ پا کی صورتیں وہ دلفریب تو کہے بت خانۂ آزر کھلا	نقش: نشان، چھاپ پا: پیر، قد، قدم کے نشان
بت خانۂ آزر	نقشِ پا کی صورتیں وہ دلفریب تو کہے بت خانۂ آزر کھلا	بت خانہ: بتوں کا گھر، مندر آزر: حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام جو مورتیاں بنایا کرتے تھے، آزر بت خانہ
فیضِ تربیت	مجھ پہ فیضِ تربیت سے شاہ کے منصب مہر و مہ و محور کھلا	فیض: فائدہ، بخشش تربیت: پرورش، علم و اخلاق کی تعلیم تربیت کا فائدہ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
منصب: قائم ہونے کی جگہ مہر: سورج؛ مہ: چاند محور: دُھرا، مرکز جس کے چاروں طرف کوئی چیز گھومے (زمین، پہیا) سورج، چاند اور دُھرا کے قائم ہونے یا گردش کرنے کی جگہ یا راستہ	مجھ پہ فیضِ تربیت سے شاہ کے منصبِ مہر و مہ و محور کھلا	منصبِ مہر و مہ و محور
حد: کنارہ، سرحد، انتہا وسع: پھیلاؤ، پہنچ، پھیلاؤ کی سرحد یعنی پہنچ کا دائرہ	لاکھ عقدے دل میں تھے، لیکن ہر ایک میری حدِ وسع سے باہر کھلا	حدِ وسع
وابستہ: باندھا ہوا، بندھا ہوا بندھا ہوا دل یعنی پریشان دل	تھا دلِ وابستہ قفلِ بے کلید کس نے کھولا، کب کھلا، کیونکر کھلا	دلِ وابستہ
قفل: تالا؛ کلید: چابی بے کلید: بغیر چابی کا بغیر چابی کا تالا	تھا دلِ وابستہ قفلِ بے کلید کس نے کھولا، کب کھلا، کیونکر کھلا	قفلِ بے کلید
معنی کا باغ	باغِ معنی کی دکھاؤں گا بہار مجھ سے گر شاہِ سخن گستر کھلا	باغِ معنی
سخن: شاعری، کلام گستر: پھیلانے والا سخن گستر: شاعر شاعر بادشاہ، شعر فہمی میں کامل بادشاہ	باغِ معنی کی دکھاؤں گا بہار مجھ سے گر شاہِ سخن گستر کھلا	شاہِ سخن گستر

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
گرمِ غزل خوانی	ہو جہاں گرمِ غزل خوانی نفس لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا	گرم: سرگرم غزل خوانی: غزل پڑھنا غزل پڑھنے/کہنے کی سرگرمی
طبلۂ عنبر	ہو جہاں گرمِ غزل خوانی نفس لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا	طبلہ: صندوقچی، چھوٹا بکس، ڈھول عنبر: کالے رنگ کی ایک خوشبو جو لکڑی سے کشید کی جاتی ہے۔ عنبر کا صندوقچہ یعنی خوشبو کا خزانہ
پردۂ رہبر	مفت کا کس کو برا ہے بد رقہ رہروی میں پردۂ رہبر کھلا	پردہ: اوٹ، آڑ، بھرم رہبر: راستہ دکھانے والا رہبر کا بھرم
سوزِ دل	سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا	سوز: جلن، درد دل کی جلن
بارانِ اشک	سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا	باران: بارش اشک: آنسو، آنسوؤں کی بارش
پیغامِ مرگ	نامے کے ساتھ آگیا پیغامِ مرگ رہ گیا خط میری چھاتی پر کھلا	پیغام: خبر، اطلاع مرگ: موت موت کا پیغام
مِدحت طرازی	پھر ہوا مِدحت طرازی کا خیال پھر مہ و خورشید کا دفتر کھلا	مدحت: تعریف تعریف کرنا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
مہ و خورشید	پھر ہوا مدحت طرازی کا خیال پھر مہ و خورشید کا دفتر کھلا	مہ: چاند خورشید: سورج چانداور سورج
رتبۂ جوہر	مدح سے، ممدوح کی دیکھی شکوہ یاں عرض سے رتبۂ جوہر کھلا	رتبہ: مرتبہ، عزت، درجہ جوہر: قیمتی پتھر، کسی چیز کی خوبی، وہ چیز جس کا آزادانہ وجود ہو جوہر کا رتبہ
رائیتِ لشکر	مہر کانپا، چرخ چکّر کھا گیا بادشہ کا رائیتِ لشکر کھلا	رائیت: جھنڈا، پرچم لشکر: فوج فوج کا پرچم
عُلوِ پایۂ منبر	بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب اب عُلوِ پایۂ منبر کھلا	منبر: مذہبی تقریر یا خطبہ دینے کے لیے ایک اونچی جگہ پایہ: پاؤں، ستون پایۂ منبر: منبر کے ستون علو: بلندی، عظمت منبر کے ستون کی عظمت، منبر کی عظمت
سکّۂ شہ	سکّۂ شہ کا ہوا ہے روشناس اب عِیارِ آبروے زر کھلا	بادشاہ کا سکّہ
عیارِ آبروے زر	سکّۂ شہ کا ہوا ہے روشناس اب عِیار آبروے زر کھلا	عِیار: کسوٹی، وزن کرنے کا کانٹا آبرو: عزت زر: سونا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
سونے کی آبرو کی کسوٹی		
مآل: نتیجہ، پھل سعی: کوشش اسکندر: سکندر سکندر کی کوششوں کا نتیجہ کہا جاتا ہے کہ آئینہ سکندر کی ایجاد ہے	شاہ کے آگے دھرا ہے آئنہ اب مآلِ سعیِ سکندر کھلا	مآلِ سعیِ سکندر
فریب: دھوکا طغرل: سلجوقی خاندان کا پہلا بادشاہ سنجر: سلجوقی خاندان کا مشہور بادشاہ، طغرل اور سنجر کا فریب	ملک کے وارثِ کو دیکھا خلق نے اب فریبِ طغرل و سنجر کھلا	فریبِ طغرل و سنجر
دفتر: کتاب، رجسٹر، حساب کتاب کے کاغذ مدح تعریف: جہاں دنیا داور: مالک، بادشاہ جہاں داور: دنیا کا بادشاہ، دنیا کے بادشاہ کی تعریف کا دفتر	ہو سکے کیا مدح، ہاں اک نام ہے دفترِ مدحِ جہاں داور کھلا	دفترِ مدحِ جہاں
عجز: کمزوری، کمی اعجاز: کرامت، کرشمہ ستایش: تعریف کرشمائی تعریف میں کسر	فکر اچھی پر، ستایش ناتمام عجزِ اعجازِ ستایش گر کھلا	عجزِ اعجازِ ستایش

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
خطِ لوحِ ازل	جانتا ہوں، ہے خطِ لوحِ ازل تم پہ اے خاقانِ نام آور کھلا	خط: تحریر لوح: تختی، پٹرا ازل: وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو، وہ وقت جب پہلی بار کوئی مخلوق (جاندار یا غیر جاندار) پیدا کی گئی
خاقانِ نام آور	جانتا ہوں، ہے خطِ لوحِ ازل تم پہ اے خاقانِ نام آور کھلا	لوحِ ازل: وہ تختی جس پر دنیا میں ہونے والی ہر بات ابتدا سے لے کر انتہا تک لکھی ہوئی ہے
صاحبقرانی	تم کرو صاحبقرانی، جب تلک ہے طلسمِ روز و شب کا در کھلا	خاقان: بڑا بادشاہ نام آور: نام والا، نامور نامور بادشاہ
طلسمِ روز و شب	تم کرو صاحبقرانی، جب تلک ہے طلسمِ روز و شب کا در کھلا	طلسم: جادو، سحر روز و شب: دن اور رات دن اور رات کا جادو یعنی دن اور رات کا چکّر

مثنوی

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
دلِ دردمندِ زمزمہ ساز	ہاں، دلِ درد مند زمزمہ ساز کیوں نہ کھولے درِ خزینۂ راز	دکھ درد رکھنے اور نغمہ سرائی کرنے والا
درِ خزینۂ راز	ہاں، دلِ درد مند زمزمہ ساز کیوں نہ کھولے درِ خزینۂ راز	رازوں کے خزانے کا دروازہ

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
عقل کو بڑھانے والے نکتے	مجھ سے کیا پوچھتا ہے، کیا لکھیے نکتہ ہائے خرد فزا لکھیے	نکتہ ہائے خرد فزا
درخت جس سے شادابی کی بوچھار ہو رہی ہو	ہائے، آموں کا کچھ بیاں ہو جائے خامہ نخلِ رطب فشاں ہو جائے	نخلِ رطب فشاں
دوام کا مطب ہمیشگی کا مطب	نظر آتا ہے یوں مجھے یہ ثمر کہ دواخانہ ازل میں مگر	دواخانہ ازل
زندگی کے درخت کی شاخ شکر کی بنی ہوئی شاخ مٹھاس سے بھری ہوئی ٹہنی	یا لگا کر خضر نے شاخِ نبات مدّتوں تک دیا ہے آبِ حیات	شاخِ نبات
زندگی کا پانی وہ پانی جسے پی کر آدمی جاوداں ہو جاتا ہے	یا لگا کر خضر نے شاخِ نبات مدّتوں تک دیا ہے آبِ حیات	آبِ حیات
نرم سونا جسے مانند آم ہاتھ سے مسلا جا سکے	آم کو دیکھتا اگر اک بار پھینک دیتا طِلائے دست افشار	طِلائے دست افشار
سرسبزی کے کار خانے کی رونق	رونقِ کار گاہِ برگ و نوا نازشِ دود مانِ آب و ہوا	رونقِ کارگاہِ برگ و نوا
آب و ہوا کے گھرانے کی عزّت	رونقِ کار گاہِ برگ و نوا نازشِ دود مانِ آب و ہوا	نازشِ دود مانِ آب و ہوا
شاخ، پتی اور پھل کا مالک	صاحب شاخ و برگ و بار ہے آم ناز پروردۂ بہار ہے آم	صاحب شاخ و برگ و بار
جنّت کے راستے کا مسافر	رہروِ راہِ خلا کا توشہ طوبیٰ رسد رہ کا جگر گوشہ	رہروِ راہِ خلا

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
برگ و بار کی شاخ والا	صاحب شاخ، برگ و بار ہے آم ناز پروردۂ بہار ہے آم	صاحب شاخ و برگ و بار
بہار کا پروردہ بہار کا پالا ہوا	صاحب شاخ برگ و بار ہے آم ناز پروردۂ بہار ہے آم	نازپروردۂ بہار
بادشاہ کے باغ کا تازہ پکا ہوا آم	خاص وہ آم جو نہ ارزاں ہو نو نخلِ باغ سلطاں ہو	نونخلِ باغِ سلطان
زمانے کی حکومت کا مالک	وہ کہ ہے والیِ ولایتِ عہد عدل سے اس کے ہے حمایت عہد	والیِ ولایتِ عہد
زمانے کی حمایت طرف داری	وہ کہ ہے والیِ ولایتِ عہد عدل سے اس کے ہے حمایت عہد	حمایتِ عہد
دین کے لیے فخر	فخرِ دین عزِشان و جاہِ جلال زینتِ طینت و جمالِ کمال	فخرِ دین
شان و شوکت کی عظمت	فخرِ دین عزِشان و جاہِ جلال زینتِ طینت و جمالِ کمال	عزِ شان
جلال کا جلال یعنی بزرگ ترین	فخرِ دین عزِشان و جاہِ جلال زینتِ طینت و جمالِ کمال	جاہِ جلال
تکمیلیت کے حسن اور سرشت کی زینت	فخرِ دین عزِشان و جاہِ جلال زینتِ طینت و جمالِ کمال	زینتِ طینت و جمالِ کمال
دین و ملک اور قسمت کے بادشاہ	کار فرمائے دین و دولت و بخت چہرہ آرائے تاج و مسند و تخت	کار فرمائے دین و دولت و بخت
تاج و تخت اور مسندِ حکومت کو رونق بخشنے والا	کار فرمائے دین و دولت و بخت چہرہ آرائے تاج و مسند و تخت	چہرہ آرائے تاج و مسند و تخت

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
روشنی اور سایے کو فیض پہنچانے والا	اے مفیضِ وجودِ سایہ ونور جب تک ہے وجودِ سایہ و نور	مفیضِ وجودِ سایہ ونور
دھوپ اور چھاؤں کا ظہور یعنی رہتی دینا	اے مفیضِ وجودِ سایہ ونور جب تک ہے وجودِ سایہ و نور	نمودِ سایہ ونور
بندوں کی پرورش کرنے والا آقا	اس خداوندِ بندہ پرور کو وارثِ گنج و تخت و افسر کو	خداوندِ بندہ پرور
سلطنت اور خزانے کا مالک	اس خداوندِ بندہ پرور کو وارثِ گنج و تخت و افسر کو	وارثِ گنج وتخت وافسر

قطعات

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
آسمان جیسا بلند اور بے مثال بادشاہ	اے شہنشاہِ فلک منظر بے مثل و نظیر! اے جہاندار کرم شیوۂ بے شبہہ و عدیل	شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل ونظیر
ایسا بادشاہ جس کی کرم فرمائی میں کوئی شک وشبہ نہیں اور جو انصاف پسند ہے	اے شہنشاہِ فلک منظر بے مثل و نظیر! اے جہاندار کرم شیوۂ بے شبہہ و عدیل	جہاندارِ کرم شیوۂ بے شبہہ وعدیل
احترام سے جھکا ہوا سر	پاؤں سے تیرے ملے فرقِ ارادت زور فکر فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اِکلیل	فرقِ ارادت
خوش نصیبی کا حصول	پاؤں سے تیرے ملے فرقِ ارادت زور فکر فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اِکلیل	کسبِ سعادت
اللہ کی جانب سے نازل کلام کی زلف میں کنگھی کرنے/ سے سنوارنے والا	ترا اندازِ سخن شانۂ زلفِ الہام تیری رفتارِ قلم: جنبشِ بالِ جبریل	شانۂ زلفِ الہام

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
جنبشِ بالِ جبریل	ترا انداز سخن شانۂ زلفِ الہام تیری رفتارِ قلم: جنبشِ بالِ جبریل	جبریل علیہ السلام کے پروں کی حرکت
رابطۂ قربِ کلیم	تجھ سے عالم پہ کھلا رابطۂ قربِ کلیم تجھ سے دنیا میں بچھا مائدۂ بذلِ خلیل	حضرت موسیٰ کا خدا سے قرب/نزدیکی کا تعلق
مائدۂ بذلِ خلیل	تجھ سے عالم پہ کھلا رابطۂ قربِ کلیم تجھ سے دنیا میں بچھا مائدۂ بذلِ خلیل	حضرت ابراہیم کی سخاوت کا دسترخوان
اوج دہِ مرتبۂ معنی و لفظ	بہ سخن، اوج دہِ مرتبۂ معنی و لفظ بہ کرم داغ نہِ ناصیۂ قلزم و نیل	لفظ و معنی کے مرتبے کو بلندی دینے والا
داغ نہِ ناصیۂ قلزم و نیل	بہ سخن، اوج دہِ مرتبۂ معنی و لفظ بہ کرم داغ نہِ ناصیۂ قلزم و نیل	بحراحمر اور نیل جیسے دریاؤں کی وسعت کو شرمانے والا
اصلاحِ مفاسد	تیری دانش میری اصلاحِ مفاسد کی امیں تیری بخشش، مرے انجاحِ مقاصد کی کفیل	برائیوں کی اصلاح
انجاحِ مقاصد	تیری دانش میری اصلاحِ مفاسد کی امیں تیری بخشش، مرے انجاحِ مقاصد کی کفیل	مقاصد کی کامیابی مقاصد کی تکمیل
اقبالِ ترحّم	تیرا اقبالِ ترحّم مرے جینے کی نوید تیرا اندازِ تغافل مرے مرنے کی دلیل	کرم کی بلندی
اندازِ تغافل	تیرا اقبالِ ترحّم مرے جینے کی نوید تیرا اندازِ تغافل مرے مرنے کی دلیل	تغافل کا انداز بے توجہی کا انداز نظر انداز کرنے کا طریقہ
بختِ ناساز	بختِ ناساز نے چاہا کہ نہ دے مجھ کو اماں چرخِ کج باز نے چاہا کہ کرے مجھ کو ذلیل	بدقسمتی بری قسمت خراب قسمت

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ٹیڑھی چال چلنے والا آسمان یعنی ستم کرنے یا ڈھانے والا آسمان	بختِ ناساز نے چاہا کہ نہ دے مجھ کو اماں چرخِ کج باز نے چاہا کہ کرے مجھ کو ذلیل	چرخِ کج باز
کاروبار کے معمول میں گرہ لگانا یعنی پیچیدگی پیدا کردی	پیچھے ڈالی ہے سررشتۂ اوقات میں گانٹھ پہلے ٹھونکی ہے بُنِ ناخنِ تدبیر میں کیل	سررشتۂ اوقات
ہر قسم کی گانٹھ کھول لینے والے ناخن کا سرا ہر مسئلے کا حل تلاش کر لینے والی سوچ	پیچھے ڈالی ہے سررشتۂ اوقات میں گانٹھ پہلے ٹھونکی ہے بُنِ ناخنِ تدبیر میں کیل	بُنِ ناخنِ تدبیر
دل کی تپش (کھولنا) خوفِ عظیم کے رابطے کے بغیر نہیں ہوتی۔ ایک بڑے خوف سے تعلق کے بغیر	تپشِ دل نہیں بے رابطۂ خوفِ عظیم کششِ دم نہیں بے ضابطۂ جرِ ثقیل	بے رابطۂ خوفِ عظیم
جرِ ثقیل: "لیور" کا اصول میکینکس The science of meacanies	تپشِ دل نہیں بے رابطۂ خوفِ عظیم کششِ دم نہیں بے ضابطۂ جرِ ثقیل	بے ضابطۂ جرِ ثقیل
معانی کے قومی	دزِ معنی سے مرا صفحہ: لقا کی داڑھی غمِ گیتی سے مرا سینہ امر کی ذنبیل	دزِ معنی
زمانے کا غم دنیا کی فکر	دزِ معنی سے مرا صفحہ: لقا کی داڑھی غمِ گیتی سے مرا سینہ امر کی ذنبیل	غمِ گیتی
بہت زیادہ اشاروں کے گوہر کا خزانہ رکھنے والی کثیر معنوں	فکر میری: گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر کلک میری رقم آموزِ عباراتِ قلیل	گہرا اندوزِ اشاراتِ کثیر

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
رقم آموزِ عباراتِ قلیل	فکر میری: گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر کلک میری رقم آموزِ عباراتِ قلیل	مختصر عبارتیں لکھنے والا کمتر عبارتیں لکھنے کی طرف مائل
قبلۂ کون ومکاں	قبلۂ کون و مکاں! خستہ نوازی میں یہ دیر! کعبۂ امن و اماں عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل	ساری کائنات کا مالک
کعبۂ امن واماں	قبلۂ کون و مکاں! خستہ نوازی میں یہ دیر! کعبۂ امن و اماں عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل	امن وامان کا مرکز
عقدہ کشائی	قبلۂ کون و مکاں! خستہ نوازی میں یہ دیر! کعبۂ امن و اماں عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل	پاس بیٹھنے والا، دوست
سبزہ زار ہائے مطرّا	وہ سبزہ زار ہائے مطرا کہ ہے غضب! وہ نازنینِ بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے	ہریالی تر و تازہ، شاداب، سرسبز و شاداب
نازنینِ بتانِ خودآرا	وہ سبزہ زار ہائے مطرا کہ ہے غضب! وہ نازنینِ بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے	محبوب خود پسند محبوب
میوہ ہائے تازۂ شیریں	وہ میوہ ہائے تازۂ شیریں کہ واہ واہ! وہ بادہ ہائے نابِ گوارا کہ ہائے ہائے	میٹھے تازہ پھل
بادہ ہائے نابِ گواراہ	وہ میوہ ہائے تازۂ شیریں کہ واہ واہ! وہ بادہ ہائے نابِ گوارا کہ ہائے ہائے	خوش ذائقہ خالص شراب
کفِ دست	ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی زیب دیتا ہے، اسے جس قدر اچھا کہیے	ہتھیلی
خامۂ انگشت بہ دنداں	خامہ انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا لکھیے! ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیے!	قلم کا دانتوں تلے انگلی دبانا یعنی قلم حیران ہے
ناطقہ سر بہ گریباں	خامہ انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا لکھیے! ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیے!	قوت گویائی دامن میں سر ڈالے ہوئے ہے یعنی کچھ کہنے سے معذور ہے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی	مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھیے حرزِ بازوے شگرفانِ خود آرا کہیے	بزرگ عزیزوں کے خطوط پر لگی ہوئی مہر
حرزِ بازوے شگرفانِ خودآرا	مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھیے حرزِ بازوے شگرفانِ خود آرا کہیے	حسینوں کی مستی لگی ہوئی انگلیاں
داغِ طرفِ جگر عاشقِ شیدا	مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھیے حرزِ بازوے شگرفانِ خود آرا کہیے	دیوانے عاشق کے جگر کے پہلو کا داغ
خاتمِ دستِ سلیمان	خاتمِ دستِ سلیماں کے مشابہ لکھیے سرِ پستانِ پری زادی ماںا کہیے	حضرتِ سلیمان کے ہاتھ کی انگوٹھی (جس پر اسمِ اعظم کندہ تھا)
سرِ پستانِ پیری کا زاد	خاتمِ دستِ سلیمان کے مشابہ لکھیے سرِ پستانِ پری زادی مانا کہیے	خوبصورت عورت کے پستان کی نوک
اخترِ سوختۂ قیس	اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجیے خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلا کہیے	مجنوں کا جلا ہوا ستارہ مراد بدقسمتی
خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلا	اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجیے خالِ مشکینِ رخِ دل کشِ لیلا کہیے	لیلا کے پرکشش چہرے کا سیاہ تلِ
حجرالاسودِ دیوارِ حرم	حجرالاسودِ دیوارِ حرم کیجے فرض نافہ آہوے بیابانِ ختن کا کہیے	کعبہ شریف کی شامی رخ کی دیوار میں نصب کیا ہوا کالا پتھر
ختن آہوے بیابانِ	حجرالاسودِ دیوارِ حرم کیجے فرض نافہ آہوے بیابانِ ختن کا کہیے	ختن (شہر) کے جنگل کا ہرن
قافِ تریاق	وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق رنگ میں سبزۂ نوخیز مسیحا کہیے	''تریاق'' کا آخری حرف ''ق''

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
سبزۂ نوخیزِ مسیحا	وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے	مسیحا کا اگایا ہوا سبزہ
مُہرِ نماز	صومعے میں اسے ٹھہرایئے گر مہرِ نماز مے کدے میں اسے خشتِ خمِ صہبا کہیے	مٹی کی ٹھیکری جس پر شیعہ حضرات سجدہ کرتے وقت سر رکھتے ہیں
خشتِ خمِ صہبا	صومعے میں اسے ٹھہرایئے گر مہرِ نماز مے کدے میں اسے خشتِ خمِ صہبا کہیے	شراب کے مٹکے کا منہ ڈھکنے والی اینٹ
قفلِ درِ گنجِ محبت	کیوں اسے قفلِ درِ گنجِ محبت لکھیے؟ کیوں اسے نقطۂ پرکارِ تمنا کہیے؟	محبت کے خزانے کے دروازے کا تالا
نقطۂ پرکارِ تمنا	کیوں اسے قفلِ درِ گنجِ محبت لکھیے؟ کیوں اسے نقطۂ پرکارِ تمنا کہیے؟	آرزو کے دائرے کا مرکزی نقطہ
گوہرِ نایاب	کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجیے؟ کیوں اسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہیے؟	بیش قیمت موتی
مردمکِ دیدۂ عنقا	کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجیے؟ کیوں اسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہیے؟	عنقا کی آنکھ کی پتلی
تکمۂ پیراہنِ لیلا	کیوں اسے تکمۂ پیراہنِ لیلا لکھیے کیوں اسے نقشِ پےِ ناقۂ سلما کہیے	لیلا کے لباس کا بٹن
نقشِ پےِ ناقۂ سلما	کیوں اسے تکمۂ پیراہنِ لیلا لکھیے کیوں اسے نقشِ پےِ ناقۂ سلما کہیے	سلمیٰ (معشوق) کی اونٹنی کے پاؤں کا نشان
گزارشِ احوالِ واقعی	منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی اپنا بیان حسنِ طبیعت نہیں مجھے	میرا مقصد واقعی حال عرض کرنا ہے
حسنِ طبیعت	منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی اپنا بیان حسنِ طبیعت نہیں مجھے	طبیعت کو گوارا خوبیِ طبع

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
پیشۂ آبا	سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے	پرکھوں کا پیشہ خاندانی پیشہ
ذریعۂ عزت	سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے	وقار حاصل کرنے کا ذریعہ
آزادہ رو	آزادہ رو ہوں اور مرا مسلک ہے صلحِ کل ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے	بندھے ٹکے راستے سے آزاد
جامِ جہاں نما	جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے	دنیا کے حالات بتانے والا پیالہ
جز انبساطِ خاطرِ حضرت	میں کون اور ریختہ! ہاں اس سے مدعا جز انبساطِ خاطرِ حضرت نہیں مجھے	جناب کی دلی خوشی کے علاوہ
زرہِ امتثالِ امر	سہرا لکھا گیا زرہِ امتثالِ امر دیکھا کہ چارہ غیرِ اطاعت نہیں مجھے	حکم کی تعمیل میں
رونقِ بزمِ مہ و مہر	گرچہ تو وہ ہے کہ ہنگامہ اگر گرم کرے رونقِ بزمِ مہ و مہر تری ذات سے ہے	چاند ستاروں کی محفل کی رونق مراد دنیا کی رونق
ریو و ریا	اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے	مکاری و ریاکاری
غالبِ خاک نشیں	اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے	زمین پر بیٹھنے والا غالب
اہلِ خرابات	اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے	شرابی
چارشنبۂ آخرِ ماہِ صفر	ہے چار شنبہ آخرِ ماہِ صفر، چلو رکھ دیں چمن میں بھر کے مےِ مشک بو کی ناند	صفر کے مہینے کا آخری بدھ
مےِ مشک بو	ہے چار شنبہ آخرِ ماہِ صفر، چلو رکھ دیں چمن میں بھر کے مےِ مشک بو کی ناند	مشک جیسی خوشبو والی شراب

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
بہ جزمدحِ بادشاہ	غالب! یہ کیا بیاں ہے، بہ جز مدحِ بادشاہ بھاتی نہیں ہے اب مجھے کوئی نوشت خواند	بادشاہ کی تعریف کے علاوہ
سیم وزرِمہرو ماہ	بٹتے ہیں سونے روپے کے چھلّے حضور میں ہے جن کے آگے سیم و زرِ مہر و ماہ ماند	چاندسورج کا چاندی اور سونا یعنی سورج اور چاند کی کرنیں
شاہِ جہاں گیر	اے شاہِ جہانگیر، جہاں بخش، جہاندار ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت	تمام دنیا پر حکومت کرنے والا بادشاہ
جہاں بخش	اے شاہِ جہانگیر، جہاں بخش، جہاندار ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت	دنیا بخش دینے والا
جہاں دار	اے شاہِ جہانگیر، جہاں بخش، جہاندار ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت	پوری دنیا پر حکومت کرنے والا
صد گونہ	اے شاہِ جہانگیر، جہاں بخش، جہاندار ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت	سوگونہ: یعنی غیب سے تجھے ہر گھڑی سو طرح کی خوش خبریاں ملتی ہیں
عقدۂ دشوار	جو عقدۂ دشوار کہ کوشش سے نہ وا ہو تو وا کرے اس عقدہ کو، سو بھی بہ اشارت	مشکل گرہ یعنی وہ مشکل مسئلہ کوشش جو سے نہ کھلے
چشمۂ حیواں	ممکن ہے، کرے خضر سکندر سے ترا ذکر؟ گرلب کو نہ دے چشمۂ حیواں سے طہارت	آبِ حیات کا چشمہ
فخرِ سلیماں	آصف کو سلیماں کی وزارت سے شرف تھا ہے فخرِ سلیمان جو کرے تیری وزارت	حضرتِ سلیمان کے لئے باعثِ فخر
نقشِ مریدی	ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت	مریدی کا نشان، مرید ہونے کی علامت

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
اللہ کا حکم	ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت	فرمانِ الٰہی
غلامی کا داغ غلامی کی علامت	ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت	داغِ غلامی
ریاست اور نوابی کا نشان توقیع: دستخط، نشانی	ہے نقشِ مریدی ترا: فرمانِ الٰہی ہے داغِ غلامی ترا: توقیعِ امارت	توقیعِ امارت
سیلاب کی شدت اور جوش	تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں تو آگ سے گر دفع کرتے تابِ شرارت	طاقتِ سیلاب
شرارت یعنی شرار یعنی چنگاری کی گرمی گرمی کی قوت	تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں تو آگ سے گر دفع کرتے تابِ شرارت	تابِ شرارت
دریا کی موج	ڈھونڈے نہ ملے موجۂ دریا میں روانی باقی نہ رہے آتشِ سوزاں میں حرارت	موجۂ دریا
جلانے والی آگ	ڈھونڈے نہ ملے موجۂ دریا میں روانی باقی نہ رہے آتشِ سوزاں میں حرارت	آتشِ سوزاں
ایسی عمدہ اور پاکیزہ باتیں نکالنا جن تک عام لوگوں کی رسائی نہ ہو	ہے گرچہ مجھے نکتہ سرائی میں توغّل ہے گرچہ مجھے سحر طرازی میں مہارت	نکتہ سرائی
خدا کی کارگیری کے دیکھنے والے	نو روز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں نظارگیِ صنعتِ حق، اہلِ بصارت	نظارگیِ صنعتِ حق
خدا کی کارگیری	نو روز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں نظارگیِ صنعتِ حق، اہلِ بصارت	صنعتِ حق

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
اہلِ بصارت	نو روز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں نظارگیِ صنعتِ حق، اہلِ بصارت	اہلِ نظر: یعنی منتخب لوگ حق جُو
شرفِ مہرِ جہاں تاب	تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک غالب کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت!	دنیا کو چمکانے والے سورج کا مرتبہ
مہرِ جہاں تاب	تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک غالب کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت!	دنیا کو چمکانے والا سورج
عتبۂ عالی	تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک غالب کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت!	بڑی چوکھٹ
افطارِ صوم	افطارِ صوم کی کچھ، اگر دستگاہ ہو اس شخص کو ضرور ہے، روزہ رکھا کرے	روزہ کھولنا
شہنشاہِ آسمانِ اورنگ	اے شہنشاہِ آسماں اورنگ! اے جہاندارِ آفتاب آثار	وہ بادشاہ جس کا تخت آسمان ہو
جہاندارِ آفتاب آثار	اے شہنشاہِ آسماں اورنگ! اے جہاندارِ آفتاب آثار	سورج کا اثر رکھنے والا بادشاہ جس طرح سورج نے اپنی روشنی سے ساری دنیا کو گھیر رکھا ہے یا اپنے قبضے میں کر رکھا ہے۔ اسی طرح تو بھی ایک آفتاب کی طرح جہاں دار ہے
بےنوائے گوشہ نشیں	تھا میں اک بے نوائے گوشہ نشیں تھا میں اک دردمند سینہ فگار	تنہائی میں رہنے والا بے سروسامان شخص
دردمندِ سینہ فگار	تھا میں اک بے نوائے گوشہ نشیں تھا میں اک دردمندِ سینہ فگار	زخمی سینے والے یعنی عشق کے مارے ہوئے

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
زخمی لوگ		
بازار کی رونق بمعنی عزت اور شہرت	تم نے مجھ کو جو آبرو بخشی ہوتی میری وہ گرمیِ بازار	گرمی بازار
معمولی ذرہ: اپنی ہستی کو معمولی بتانا	کہ ہوا مجھ سا ذرۂ ناچیز روشناسِ ثوابت و سیار	ذرۂ ناچیز
ثوابت: وہ ستارے جو اپنی جگہ پر ثابت رہتے ہیں۔ ثابت کی جمع ہے سیار: گردش میں رہنے والا ستارہ اپنی جگہ پر ثابت رہنے اور پھرنے والے ستاروں کا واقف کار، یہاں بڑے بڑے لوگوں سے واقفیت مراد ہے	کہ ہوا مجھ سا ذرۂ ناچیز روشناسِ ثوابت و سیار	روشناس ثوابت سیار ثوابت سیار
بے ہنری کی شرمندگی	گرچہ از روئے ننگ بے ہنری ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار	ننگ بے ہنری
کام کرنے والا غلام	شاد ہوں لیکن اپنے جی میں کہوں بادشہہ کا غلام کارگزار	غلام کارگزار
درخواست کرنے والا	خانہ زاد اور مرید اور مداح تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار	عریضہ نگار
ایسا مقصد جس کا اظہار ضروری ہے	نہ کہوں آپ سے، تو کس سے کہوں؟ مدعائے ضروریٔ الاظہار	مُدعائے ضروری الاظہار

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
سراور دستار کی آرائش کا ذوق یہاں مراد لباس فاخرہ ہے یعنی بہت اچھے قیمتی لباس کا ذوق	پیر و مرشد! اگرچہ مجھ کو نہیں ذوقِ آرائشِ سر و دستار	ذوقِ آرائشِ سرودستار ذوقِ آرائش سرودستار
بہت ہی ٹھنڈی ہوا، باد ہوا کو کہتے ہیں اور زمہریر زمین کے نیچے کی وہ سطح جو حد درجہ سرد ہوتی ہے	کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر تا نہ دے بادِ زمہریر آزار	بادِ زمہریر
رات اور دن	رات کو آگ اور دن کو دھوپ بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار	لیل ونہار
حیات کی قید میں یعنی زندہ	مجھ کو دیکھو تو ہوں بہ قیدِ حیات اور چھماہی ہو سال میں دو بار!	قیدِ حیات
نغز گو شاعر یعنی بہت ہی عمدہ اور منتخب شاعری کرنے والا خوش گفتار یعنی اچھی گفتگو کرنے والا	آج مجھ سا نہیں زمانے میں شاعر نغز گوئے و خوش گفتار	شاعر نغز گوئے خوش گفتار شاعر نغز گو خوش گفتار
وہ خنجر جس کا جوہر یعنی پانی ابھی باقی ہو یعنی اس کی کاٹ بہت تیز ہو	رزم کی داستان گر سنیے ہے زباں میری تیغِ جوہردار	تیغِ جوہردار
وہ بادل جو موتی برساتا ہو شاعر نے اپنے قلم کی تعریف کی ہے	بزم کا التزام گر کیجے ہے قلم میرا ابرِ گوہر بار	ابرِ گوہر بار

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
کالا کمبل۔ یہاں بدقسمت مراد ہے	سیہ گلیم ہوں، لازم ہے، میرا نام نہ لے جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے	سیہ گلیم
فتح: جیت ظفر: کامیابی جیت اور کامیابی	سیہ گلیم ہوں، لازم ہے، میرا نام نہ لے جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے	فتح وظفر
ایسا شراکت دار جس کا حصہ اپنے شریک کے مقابلے میں زیادہ ہو۔ غالب شاعر کا شریک	ہوا نہ غلبہ میسّر کبھی کسی پہ مجھے کہ جو شریک ہو میرا شریکِ غالب ہے	شریکِ غالب
خجستہ بمعنی مبارک، انجمن بمعنی محفل، طوے بمعنی شادی یعنی مرزا جعفر کی شادی کی مبارک محفل	خجستہ انجمن طوے میر زا جعفر کہ جس کے دیکھے سے سب کا ہوا ہے جی محظوظ	خجستہ انجمنِ طوے
مبارک اور مسعود سال	ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالب نہ کیوں ہو مادۂ سالِ عیسوی ''محظوظ'' ۱۸۵۴ء	فرخندہ سال
عیسوی سال کا مادّہ یہاں لفظ ''محظوظ'' کے حروف سے شادی کے سال کا تعین ہوتا ہے۔ ان حروف کو ہی مادّہ کہتے ہیں۔	ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالب نہ کیوں ہو مادۂ سالِ عیسوی ''محظوظ'' ۱۸۵۴ء	مادۂ سالِ عیسوی
خوشی اور نغمے کی محفل	ہوئی جب میرزا جعفر کی شادی ہوا بزمِ طرب میں رقصِ ناہید	بزمِ طرب

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
رقصِ ناہید	ہوئی جب میرزا جعفر کی شادی ہوا بزمِ طرب میں رقصِ ناہید	ناہیداورزہرہ کا رقص زہرہ اور ناہید ایک چمکدار ستارے کا نام ہے
انشراحِ جشنِ جمشید	کہا غالب سے: تاریخ اس کی کیا ہے؟ تو بولا ''انشراحِ جشنِ جمشید''	انشراح بمعنی کھلنا، جشن جمشید یعنی ایران کے مشہور بادشاہ جمشید کا جشن شاہی۔ یہاں جشن شاہی کے ہم پلّہ یا اس سے بھی برتر جشن مراد ہے۔

رُباعیات

اِتمامِ بزمِ عیدِ اطفال	بعد از اِتمامِ بزمِ عیدِ اطفال ایّامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال	اتمام یعنی مکمل کرنا: بچوں کی عید کی بزم کا ختم تک پہنچانا۔ یہاں بچپن کا زمانہ ختم ہونا مراد ہے
ایّامِ جوانی	بعد از اِتمامِ بزمِ عیدِ اطفال ایامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال	جوانی کے دن
ساغرِ کشِ حال	بعد از اِتمامِ بزمِ عیدِ اطفال ایامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال	حال کا ساغر کش، حال کی میں میں مست رہنے والا سے نوش اور لہو ولعب مراد ہے
سوادِ اقلیمِ عدم	آپہنچے ہیں تا سوادِ اقلیمِ عدم اے عمرِ گذشتہ یک قدم استقبال!	آخرت کی سلطنت کے قریب سواد بمعنی سیاہی بھی اور گرد نواح بھی۔ یعنی اب عدم و آخرت کے قریب پہنچ چکے ہیں۔

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
گزری ہوئی عمر	آپہنچے ہیں تاسوادِ اقلیمِ عدم اے عمرِ گذشتہ یک قدم استقبال!	عمرِ گزشتہ
پسینہ بہانے والی زلف اور چہرہ یعنی رات محبوب کی زلف اور اس کے چہرے کی یاد میں روتا رہا	شب، زلف و رخِ عرق فشاں کا غم تھا کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا	زلف ورخِ عرق فشاں
آنسو کا قطرہ یعنی آنسو کا ہر قطرہ بھیگی ہوئی آنکھ بن گیا تھا	رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک ہر قطرۂ اشک، دیدۂ پُر نم تھا	قطرۂ اشک
بھیگی ہوئی یا روتی ہوئی آنکھ	رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک ہر قطرۂ اشک، دیدۂ پُر نم تھا	دیدۂ پُرنم
بچوں کا شغل یا کاروبار یا کھیل ظاہر ہے کہ آتش بازی بچوں کا ایک شغل ہے، ساماں تفریح ہے	آتش بازی ہے جیسے شغلِ اطفال ہے سوزِ جگر کا بھی اسی طور کا حال	شغلِ اطفال
جگر کا جلنا: جس طرح آتش بازی بچوں کا شغل ہے۔ اسی طرح جگر کا سوز بھی عشق کی آتش بازی ہے	آتش بازی ہے جیسے شغلِ اطفال ہے سوزِ جگر کا بھی اسی طور کا حال	سوزِ جگر
عشق کا ایجاد یا پیدا کرنے والا	تھا موجد عشق بھی قیامت کوئی لڑکوں کے لیے گیا ہے کیا کھیل نکال!	موجدِ عشق
یہاں جان سے مراد زندگانی اور دردِ تمہید سے مراد شروع کا	دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی	جانِ دردِ تمہید

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
		رنج والم ہے یعنی دل میں وہ طاقت تھی کہ آغازِ زندگی کی مصیبتوں کو جھیل گیا۔ اس کا استعمال سہنا اور برداشت کرنا کے لیے ہو۔
بیتابیِ رشک وحسرتِ دید بیتابیِ رشک	دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی	رشک کی بے چینی
حسرتِ دید	دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی	دیدار کی حسرت
خلقِ حسد قماش	ہے خلق حسد قماش لڑنے کے لیے وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے	وہ لوگ جن کی فطرت اور سرشت میں حسد کا سادہ ہو
وحشت کدۂ تلاش	ہے خلق حسد قماش لڑنے کے لیے وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے	تلاش وجستجو کا وحشت کدہ مراد دینا
وحشت کدہ	ہے خلق حسد قماش لڑنے کے لیے وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے	وحشت اور گھبراہٹ کی جگہ
صورتِ کاغذِ باد	یعنی ہر بار صورت کاغذ باد ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لیے	صورت۔ طرح، مانند پتنگ کی طرح
کاغذِ باد	یعنی ہر بار صورت کاغذ باد ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لیے	ہوا کا کاغذ
سخنورانِ کامل	مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل! سن سن کے اُسے سخنورانِ کامل	وہ لوگ جو شعر کہنے کے فن میں کمال کے درج کو پہنچے

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
ہوئے ہیں۔		
کہوں تو مشکل	آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمایش گویم مشکل و گرنہ گویم مشکل	گویم مشکل
اور اگر نہ کہوں تو مشکل	آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمایش گویم مشکل و گرنہ گویم مشکل	وگرنہ گویم مشکل
جاہ و حشمت والے بادشاہ	بھیجی ہے جو مجھ کو شاہِ جم جاہ نے دال ہے لطف و عنایاتِ شہنشاہ پہ دال	شاہِ جم جاہ
بادشاہوں کے بادشاہ کی مہربانیاں اور عنایتیں	بھیجی ہے جو مجھ کو شاہِ جم جاہ نے دال ہے لطف و عنایاتِ شہنشاہ پہ دال	لطف و عنایاتِ شہنشاہ
بحث ولڑائی کے بغیر یعنی جس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں	یہ شاہ پسند دال بے بحث و جدال ہے دولت و دین و دانش و داد کی دال	بے بحث وجدال
چاروں الفاظ اپنے اصل معنی کے ساتھ ہی آئے ہیں۔ سلطنت، دین، سمجھ اور انصاف	یہ شاہ پسند دال بے بحث و جدال ہے دولت و دین و دانش و داد کی دال	دولت و دین و دانش و داد
جلال والی ذات کی صفتیں یعنی اللہ جل جلالہ کی صفتیں	ہیں شبہ میں صفات ذو الجلالی باہم آثارِ جلالی و جمالی باہم	صفاتِ ذوالجلالی
جلاو جمال کے آثار	ہیں شبہ میں صفات ذو الجلالی باہم آثارِ جلالی و جمالی باہم	آثارِ جلالی و جمالی
نچلے طبقے والا اور بلند طبقے والا	ہوں شاد نہ کیوں سافل و عالی باہم ہے اب کے شب قدر و دوالی باہم	سافل و عالی
شب قدر و دوالی۔ دونوں کو دو قوموں کے تہوار کے لیے	ہوں شاد نہ کیوں سافل و عالی باہم ہے اب کے شب قدر و دوالی باہم	شب قدر و دوالی

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
استعمال کیا ہے کہ اس سال یہ دونوں ایک ساتھ ہی جمع ہو گئے		
عقل اور انصاف کی اشاعت یعنی تا کہ بادشاہ دانش اور انصاف کی اشاعت کرے شیوع بمعنی اشاعت یا پھیلاؤ	حق شہ کی بقا سے خلق کو شاد کرے تا شاہ شیوع دانش و داد کرے	شیوعِ دانش وداد
عمر کا دھاگا، یعنی عمر کے سفر میں جو گانٹھ یا گرہ دی گئی ہے۔ وہ صفر کی طرح ہے جو اعداد میں اضافے کے لیے لگاتے ہیں۔ نیچے کا مصرع اس مفہوم کو واضح کرتا ہے۔	یہ دی جو گئی ہے رشتۂ عمر میں گانٹھ ہے صفر کی افزائشِ اعداد کرے	رشتۂ عمر
اعداد یعنی نمبروں کو بڑھانا	یہ دی جو گئی ہے رشتۂ عمر میں گانٹھ ہے صفر کی افزائشِ اعداد کرے	افزائشِ اعداد
لوگوں کو رنج اور دکھ پہنچانے والا۔ یعنی کہتے ہیں کہ اب وہ یعنی محبوب کسی کا دل نہیں دکھاتا	کہتے ہیں کہ اب وہ مردم آزاد نہیں عشاق کی پرسش سے اسے عار نہیں	مردم آزاد
کھانے اور آرام (خواب) کی چیزیں آرام طلبی کے اسباب	سامانِ خور و خواب کہاں سے لاؤں آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں	سامانِ خوروخواب

ضمیمہ

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
بستنِ پیمانِ وفا	حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی ہستی نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا ہیچ	وفا کا عہد باندھنا وفا کا عہد
عجزِ تمنا	کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دُعا ہیچ	تمنا کی عاجزی اور مجبوری
سامانِ دُعا	کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دُعا ہیچ	دعا کا سامان
تاثیرِ دُعا	کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دُعا ہیچ	دعا کا اثر
آہنگِ اسد	آہنگِ اسد میں نہیں جز نغمۂ بیدل عالم ہمہ افسانۂ مادارد و ما ہیچ	اسدؔ کا راگ اسد: غالب کا ابتدائی تخلص
نغمۂ بیدل	آہنگِ اسد میں نہیں جز نغمۂ بیدل عالم ہمہ افسانۂ مادارد و ما ہیچ	بیدلؔ کا نغمہ بیدل: فارسی مشہور شاعر
عالم ہمہ افسانۂ مادارد ما ہیچ	آہنگِ اسد میں نہیں جز نغمۂ بیدل عالم ہمہ افسانۂ مادارد و ما ہیچ	تمام دنیا ہمارے افسانے سے بھری ہے اور ہم کچھ نہیں ہیں
آئنہ خانہ	آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح	شیشے کا گھر جس میں ہر طرف اپنی صورت نظر آتی ہے۔ شیش محل
صحنِ چمنستان	آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح	باغ کا صحن
بے خود و وارفتہ و حیراں	آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستان یکسر بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح	بے خود: جو اپنے آپ میں نہ ہو وارفتہ: بے خبر حیراں: حیرت میں پڑا ہوا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
بیش از نفسِ چند	زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند اسد غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح	چند سانسوں سے زیادہ
غفلت آرامیِ یاراں	زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند اسد غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح	یاروں کا غفلت میں پڑا ہونا
گل و صبح	زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند اسد غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح	پھول اور صبح
ہلاکِ بے خبری	ہلاک بے خبری نغمۂ وجود و عدم جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد	بے خبری کا مارا ہوا
نغمۂ وجود و عدم	ہلاک بے خبری نغمۂ وجود و عدم جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد	زندگی اور موت کا نغمہ
جوابِ سنگ دلی ہائے دشمناں	جواب سنگ دلی ہائے دشمناں ہمت زد ستِ شیشہ دلی ہائے دوستاں، فریاد	دشمنوں کی بے رحمی کا جواب
زدستِ شیشہ دلی ہائے دوستاں	جواب سنگ دلی ہائے دشمناں ہمت زدستِ شیشہ دلی ہائے دوستاں، فریاد	شیشہ دلی: نازک مزاجی، زود رنجی، دوستوں کی نازک مزاجیوں کی وجہ سے
زخمِ جگر	ہم نے سو زخم جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد	جگر کا زخم
زخمِ سینہ	ہم نے سو زخم جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد	سینے کا زخم
خواہانِ داد	ہم نے سو زخم جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد	داد: فریاد داد کا خواہش مند
تیغ در کف	تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اس طرف مژدہ بادا ے آرزوے مرگِ غالب! مژدہ باد	ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
کف بہ لب	تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اس طرف مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالب! مژدہ باد	ہونٹوں پر جھاگ لیے ہوئے یعنی بہت زیادہ غصہ کی حالت میں
آرزوئے مرگِ غالب	تیغ در کف، کف بہ لب آتا ہے قاتل اس طرف مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالب! مژدہ باد	غالب کی موت کی خواہش
پست فطرت	تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند	جس کی فطرت، طبیعت پست ہو
خیالِ بسا بلند	تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند	بہت زیادہ بلند خیال
طفلِ خود معاملہ	تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند اے طفلِ خود معاملہ! قد سے عصا بلند	اپنے قول و قرار پر قائم
تکلف نگاریاں	موقوف کیجیے یہ تکلف نگاریاں ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند	تصنع / بناوٹ
شعلۂ رنگِ حنا	موقوف کیجیے یہ تکلف نگاریاں ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند	رنگ کو شعلہ کہا ہے مہندی کے رنگ کا شعلہ
داغِ طرب	بزم، داغِ طرب و باغ: کشادِ پرِ رنگ شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند!	خوشی کا داغ
کشادِ پرِ رنگ	بزم، داغِ طرب و باغ: کشادِ پرِ رنگ شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند!	رنگ کھلنے کی وسعت
شمع و گل	بزم، داغِ طرب و باغ: کشادِ پرِ رنگ شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند!	چراغ اور پھول
پروانہ و بلبل	بزم، داغِ طرب و باغ: کشادِ پرِ رنگ شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند!	پتنگا اور بلبل

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
اسدِ خستہ	اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام مشکل آساں کنِ یک خلق! تغافل تاچند	خستہ: پریشان حال پریشان حال اسد
گرفتارِ دو عالم اوہام	اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام مشکل آساں کنِ یک خلق! تغافل تاچند	بے پناہ وہموں میں گرفتار
مشکل آساں کنِ یک خلق	اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام مشکل آساں کنِ یک خلق! تغافل تاچند	زمانے کی مشکلیں حل کرنے والا
صفائے دل	مدّعی میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل بے تماشا، زشت رویوں کا عتاب آئینے پر	دل کی پاکی/راستی، صدق دلی
زشت رو	مدّعی میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل بے تماشا، زشت رویوں کا عتاب آئینے پر	بدصورت
جوشِ بیتابی	دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے غالب کیا کیا؟ رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر	سخت بے چینی، شدت اضطراب
تعمیرِ کائنات	اے چرخ خاک برسرِ تعمیر کائنات لیکن بنائے عہد وفا استوارتر	کائنات کی تعمیر
بنائے عہدِ وفا	اے چرخ خاک برسرِ تعمیر کائنات لیکن بنائے عہد وفا استوارتر	وفا کے دعوے کی بنیاد
فریبِ صنعتِ ایجاد	فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشہ دیکھ نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز	صنعت ایجاد کا فریب صنعت ایجاد مراد کائنات کائنات کا فریب
عکس فروش	فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشہ دیکھ نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز	عکس پھیلانے والی
آئینہ ساز	فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشہ دیکھ نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز	آئینہ بنانے والا

مرکب/ترکیب	شعر	معنی/مفہوم
اثرِ دید	ہنوز اے اثرِ دید، ننگِ رسوائی نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز	دیکھنے کا اثر
ننگِ رسوائی	ہنوز اے اثرِ دید، ننگِ رسوائی نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز	رسوائی کی شرم، بدنامی
نگاہِ فتنہ خرام	ہنوز اے اثرِ دید، ننگِ رسوائی نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز	فتنوں سے بھری چال والی نگاہ
درِ دو عالم	ہنوز اے اثرِ دید، ننگِ رسوائی نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز	دونوں دنیاؤں کا دروازہ
ہجومِ فکر	ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز	فکر کی بہتات
مثلِ موج	ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز	موج کی طرح
آبگینہ گداز	ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے کہ شیشہ نازک و صہبا ہے آبگینہ گداز	جام کو پگھلا دینے والا
چاکِ گریباں	چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز	گریباں کا پھٹا ہوا ہونا
ربطِ تامّل	چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز	تامل: تذبذب
دلِ تنگ	چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز	گھٹا ہوا، محبوس، رمایوس پریشان
حوصلۂ گل	چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز	گل (کی گریباں چاکی) کا حوصلہ پھول کی ہمت

معنی/مفہوم	شعر	مرکب/ترکیب
خواب کے نشے میں نیند کے نشہ میں کھویا ہوا (سویا ہوا)	گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز	سرخوشِ خواب
